يعني ناول هڪ اهڙو نثري ليک آهي، جيڪو مناسب ڊيگهہ تي ٻڌل رهي ٿو ۽ سلسليوار واقعن وسيلي انساني زندگيءَ جي اپٽار ڪري ٿو. ناول هوندڙن تہ زندگيءَ جا مختلف پاسا نبيري ٿو پر انهن ۾ دلچسپي پيدا ڪرڻ لاءِ ناول نگار خيالي واقعن ۽ حادثن کي ناول ۾ شامل ڪن ٿا. نہ صرف ايترو بلڪ ڪيترائي ذهين ناولنگار ناول جي مقاميت کي سامهون رکندي اتي استعمال ٿيندڙ شين بابت تفصيل سان جاڻ بہ ڏين ٿا.

بنيادي طور تي ناول قصي، ڪهاڻي ۽ داستان کان گهڻو مختلف آهي انڪري گهڻن ڏاهن ناول جي وصف ئي اها لکي آهي تہ ناول معنيٰ نئين شئي. ڊاڪٽر عبدالجبار جوڻيجو لکي ٿو تہ،

“ناول هڪ نئين شيءِ آهي. مغربي مفهوم ۾ هن جي هڪ خاص وصف آهي. Novel انگريزي ۽ ٻين يورپي زبانن ۾ گهڻو اڳ تخليق ٿيو ۽ چيپيو...وصف موجب هڪ نئين ڳالهہ نئين انداز سان پيش ڪجي تہ اهو ٿيو ناول.”

فني طور تي ناول ادب جي اهڙي صنف آهي، جنهن ۾ هڪ مرڪزي ڪهاڻي ٿئي ٿي جنهن کي پلاٽ پڻ چئجي ٿو. پلاٽ اصل ۾ مرڪزي ڪهاڻي کي چئبو آهي. اها مرڪزي ڪهاڻي جنهن جي آڌار سموري ناول جون مختلف ننڍيون ڪهاڻيون ٻيٽل هونديون آهن. پلاٽ کي اسان هيئن بہ سمجهي سگهون ٿا تہ هي هڪ اهڙي درياهہ وانگر آهي، جنهن ۾ ڪيتريون ئي ننڍيون نديون داخل ٿين ٿيون يا ان مان نڪرن ٿيون. پر مرڪزي پلاٽ آخر تائين هلي ٿو.

(E. M Forster 1947) مطابق ناول جي بنياد ڪهاڻي آهي.

فاسٽر ڪهاڻي جي تعريف هيئن ڪئي آهي:

"….a story is a narrative of events arranged in time sequence ") p.44)

۽ هو اهو به چئي ٿو تہ ڪهاڻي، اسٽوري ۽ پلاٽ بہ ڌار شيون ۽ جزا آهن:

"A plot is also a narrative of events, the emphasis falling on causality. 'the king died and then the queen died' is story. 'the king died and then the queen died of grief' is a plot". (Forster, 1974).

ناول ڪنهن بہ ادب جي اهم ترين صنف آهي. دنيا جي مختلف ٻولين ۾ ڪيترائي اهم ناول لکيا ويا آهن، جن پنهنجي مقبوليت ماڻي. پر هر دور ۾ ناول هڪ جدت سان هم آهنگ ٿيو آهي، ڇاڪاڻ تہ ناول آهي ئي صنعتي دور جي پيداوار.

ناول جيئن تہ طويل نثري صنف آهي ان ڪري مقبوليت ماڻڻ ۾ وقت لڳو. ڏنو وڃي تہ سنڌي ناول نگاري تمام سست رفتاري سان اڳتي وڌي آهي. بقول ڊاڪٽر عبدالجبار جوڻيجي جي، "سنڌ ۾ ناول جي روايت ڪن ناولن کي ڇڏي ايتري مضبوط ۽ مؤثر ناهي، جيتري پارت واسين سنڌي ناول نگارن وٽ آهي. ورهاڱي کان پوءِ سنڌ ۾ سراج ۽ آغا سليم کان سواءِ ٻين ناول نگارن اڪثر ٿلهيون اپ ۾ تراريون هنيون آهن. طبعزاد ناولن جي مقابلي ۾ ترجما جڳ مشهور ناول نگارن جا ڪيل آهن. طبعزاد ناولن ۾ قوم پرستيءَ جي پسمنظر ۾ سراج ۽ آغا سليم جا ناول نهايت معياري آهن. انهن کي ناول چئي سگهجي ٿو. هونئن بيشتر سنڌي ناول پريم ڪهاڻيون محسوس ٿين ٿيون، جن جو پڳدار ناول، الله بخش ٿالپر جو "پرديسيءَ جو پيار" آهي."

اهڙيءَ ريت جديد ناول نگاري ٿوري سست رفتاريءَ سان ئي سهي پر اڳتي وڌندي رهي، ورهاڱي کانپوءِ جن ناول نگارن پاڻ موکيو انهن ۾ پهريون نالو سراج جو اچي ٿو جنهن سنڌي ادب ۾ پهريون پيرو ناولن جي ٽريالوجي لکي ۽ پوءِ ٻي نمبر تي آغا سليم اچي ٿو جنهن تاريخي ناول نگاريءَ ۾ وڏو نالو ڪيو. آغا سليم جي ناول نگاري پنهنجي الڳ فن ۽ ٽيڪنڪ سبب تمام گهڻي مشهور ٿي ۽ تاريخي حوالن سان لکيل سندس ناول سنڌي ادب ۾ هڪ الڳ مقام رکن ٿا.

فڪري لحاظ کان آغا سليم جا چارئي ناول تصوف، قوم دوستي ۽ انسان دوستيءَ جي فڪر سان پريل آهن. تصوف جو فڪر پڻ بنيادي طور تي

انسان دوستيءَ تي ٻڌل آهي. ۽ قوم دوستي پڻ اصل ۾ انسان دوستي ئي آهي. ان ڪري اسان چئي سگهون ٿا تہ انسان دوستي ئي آغا سليم صاحب جي ناولن جو بنيادي فڪر آهي. انسان دوستي جنهن جي لاءِ فرانس جي وڏي فلسفي جان پال سارتر جو چوڻ آهي تہ "انسان دوستي لفظ جون بہ معنائون آهن. جنهن مان اهو نظريو پڻ مراد وٺي سگهجي ٿو جيڪون انسان کي هڪ مقصد ۽ عظيم قدر طور پيش ڪري ٿو ۽. جنهن جو مثال اسان کي "80 ڪلاڪن ۾ دنيا جو چڪر" واري ڪهاڻي ۾ بہ ملي ٿو. جنهن جو هڪ ڪردار چوي ٿو تہ ڇاڪاڻ تہ هو جهاز تي ويهي جبلن جي مٿان اڏامي رهيو آهي ان لاءِ هو عظيم انسان آهي. جنهن مان مطلب اهو ٿو نڪري تہ هن پاڻ جهاز ناهي ٺاهيو پر ڪيس جهاز مان لاڀ حاصل آهي ۽ انسان هجڻ جي ناطي هو پاڻ کي انهن ايجادن لاءِ ذميوار سمجهي ٿو... وجوديت ان قسم جي هر فيصلي کي رد ڪري ٿي. ڪو بہ وجودي دانشور انسان کي ڪڏهن بہ ڪو مقصد قرار نہ ڏيندو ڇاڪاڻ تہ انسان جو تعين ڪرڻ اجا رهيل آهي. ۽ اسان کي ڪامٽي وانگر اهڙو ڪو بہ يقين درڪار ناهي تہ انسانيت ڪا اهڙي شي آهي جنهن تي ڪو مسلڪ مڙهي سگهجي ٿو. انسانيت جو پنهنجو مسلڪ فسطاعيت وانگر ڪامٽي جي انسان دوستي ۾ اڳ ئي ختم ٿي وڃي ٿو. ۽ اسان کي اهڙي انسان دوستي نٿي گهرجي. انسان دوستي جو هڪ ٻيو بہ مفهوم آهي جنهن تحت انسان هميشہ پنهنجي ذات کان ٻاهر رهي ٿو. هو پاڻ کان ٻاهر پاڻ کي گم ڪرڻ ۽ ظاهر ڪرڻ سان ئي پنهنجو وجود ميڙائي ٿو. ۽ ٻي طرف اعليٰ مقصدن جي جستجوخاطر پنهنجو وجود ميڙائڻ جي قابل بڻجي ٿو. اهڙي طرح انسان پاڻ کان عظيم ٿئي ٿو ان ريت هو شين کي گرفت ۾ آڻي پاڻ ئي ماورائيت جو مرڪز بڻجي ٿو."

> ڪارلس ليمينٽ پنهن ج ي جڳ مشهور ڪتاب، "انسان دوستي جو فلسفو" ۾ لکي ٿو "انسان دوستي جو روح جديد عهد ۽ ترقي يافتہ قومن ۾ وسيع ۽ شعوري قاعدن جي تلاش سان گڏ تڏهن کان موجود آهي ۽ انساني نسل ۾ ڪا شڪل وٺڻ جي ڪوشش ۾ رڌل آهي جڏهن پهريون پيرو هن سياري (ڌرتيءَ) تي اسان ظاهر ٿياسين. ان لاءِ انسان دوستي هڪ بهتر انساني دنيا قائم ڪرڻ لاءِ نہ صرف نسل انساني جي موجده رجحانن کي گڏ ڪري رهي آهي بلڪہ انساني سوچ ۽ ڪوشش جي صديون پراڻي تاريخ ۾ اسانجي بهتر خواهشن جو خلاصو پڻ پيش

ڪري ٿي.”

سنتيانا چيو هو “فطرت پسند شاعرن خيالي دنيا کي ڇڏي ڏنو آهي، ڇاڪاڻ تہ هنن فطرت ، تاريخ ۽ اصل انساني جذبن کي ڳولهي لڌو آهي. هاڻي سندس تخيل پختو بڻجي چڪو آهي.”

ساڳيو فڪر ۽ فلسفو آغا صاحب جي ناولن ۾ موجود آهي. آغا وٽ زندگيءَ کان فرار واري رومانيت نہ آهي، بلڪ سندس ذهن شعور جي وهڪري ۾ لڙهندو، زمان ۽ مڪان جا تفاوت مٽائيندو، تاريخ جي مختلف تهذيبي دؤرن ۾ ڀٽڪندو رهي ٿو. سندس تصور انسان جي بلند ترين ۽ ارفع مقام تائين پهچي وڃي ٿو ۽ نيٺ اهو فن جي مثال جو اهڙو روپ ڌاري ٿو جيڪو ابديت جو ضامن بڻجي پوي ٿو. هن اهڙين تخليقن ۾ محبت کي مرڪزي جاءِ ڏني آهي. هن انساني فطرت ۾ محبت جي جذبي کي سطحي طرح نہ پر هڪ سحر آفرين جذبي جي حيثيت سان پيش ڪيو آهي ۽ محبت کي انساني تهذيب ۾ هر لطيف فن جي تخليق جو راز ڄاڻايو آهي. هو معمولي بجاءِ غير معمولي، ظاهر ۽ واضح شين جي بدران پوشيده ڳالهين کي واضح ڪرڻ جو قائل آهي. انهيءَ ڪري ئي جديد سنڌي افسانوي ادب جي تخليقارن ۾ هن کي نمايان حيثيت حاصل آهي.”

يعني آغا صاحب انسان کي اول حيثيت ڏئي ٿو هن جا سڀئي ناول ان جذبي سان سرشار آهن. هو ڪنهن بہ مذهبي مت ڀيد تي يقين نٿو رکي. بلڪ هن جو خيال آهي تہ انسان ئي سڀ کان اهم ۽ مقدم آهي. آغا صاحب جو خيال آهي تہ مڙني مذهبن کان انسان دوستيءَ وڌيڪ اهم آهي،

سندس هر ناول جي سٽ سٽ انسان دوستيءَ جي جذبي سان سرشار آهي. فني لحاظ کان سندس ناول مختلف خوبين جا مالڪ آهن پر فڪري لحاظ کان ڀيا فڪر رکندي بہ سندس ناول بنيادي طور تي انسان دوستيءَ جي فڪر جو پڙلاءُ محسوس ٿين ٿا، جنهن ۾ تاريخيت کي موضوع بڻائي انسان دوستيءَ جو پرچار ڪيو ويو آهي.

ناول ’اونداهي ڌرتي روشن هٿ‘ ۾ سنڌ جي تاريخ کي آدرشي انداز ۾ موهن جي دڙي کان وٺي پاڪستان ٺهڻ کانپوءِ لڳ ڀڳ 70 سترجي ڏهاڪي تائين جي تاريخ کي بيان ڪيو ويو آهي. هي ناول پنهنجي مرڪزي ڪردارن سارنگ ۽ سنڌو جي چوڌاري ڦيري ٿو. سارنگ ۽ سنڌو جا مرڪزي ڪردار هن ناول ۾ پنج ڀيرا آيا آهن.

پهريون دفعو: موهن جي دڙي جي دور ۾ جنهن ۾ سارنگ هڪ بت تراش آهي ۽ سنڌو هڪ مها پوڄارڻ آهي. سارنگ سنڌو سان پيار ڪري ٿو ۽ هو سندس خوبصورت بت ٺاهي ٿو جيڪي بت ڏسي سنڌو پڻ سانڀس پيار ڪري ٿي ۽ چوي ٿي:

"منهنجو هي جسم سپاڻي فنا ٿي ويندو ۽ ڪئين جي خوراڪ ٿي ويندو پر تون جيڪا مورتي ٺاهي آهي اها صدين تائين جيئندي رهندي ۽ آءُ تائين جيئندي رهندس."

هوءَ سارنگ جي آڱرين مان روشني جا ڪرڻا نڪرندي محسوس ڪري ٿي ۽ جڏهن مها پوڄاري سارنگ جا هٿ ويڙائي ٿو ته جيئن، هو بي ڪنهن جي اهڙي خوبصورت مورتي نه ٺاهي سگهي ته سنڌو روئي پئي ٿي. سنڌو رنجيدا ٿي پئي ٿي ۽ چوي ٿي ته فنڪار جا هٿ نه ويڙيو هن ۾ روشني آهي.

هن ناول ۾ سارنگ ٻيو پيرو هڪ برهمڻ ٿي اچي ٿو جيڪو سنڌو سان پيار ڪري ٿو ۽ سنڌو هن دور ۾ وڻشا آهي تاريخي طرح سان هي دور عربن جي پڄاڻي ۽ سومرن ۽ سمن جو دور آهي ۽ هن دور ۾ گنان جو ذڪر اچي ٿو جيڪو سارنگ پڻ بيان ڪري ٿو ۽ جڏهن برهمڻ سان پيار ڪرڻ جي سزا طور سنڌو کي نيڪالي ڏني وڃي ٿي ۽ برهمڻ پنهنجي ڏرتي لاءِ جان جو نظرانو ڏي ٿو. ان وقت سرانگ جي سوچ هڪ نئين مرحلي ۾ داخل ٿيندي ڏيکاري وئي آهي.

ناول جي ٽين حصي ۾ سارنگ جي ملاقات فلپ سان ٿئي ٿي جيڪو هڪ انگريز حاڪم هو ۽ هن جي سارنگ سان تمام گهڻي دوستي ٿي وڃي ٿي ۽ هو ڪائنس شاهه صاحب جا بيت ٻڌي ۽ سمجهي ٿو ۽ هو سنڌي سکي ٿو هو شاهه لطيف جي بيتن ۾ پنهنجي محبوبا مارگريٽ کي ياد ڪري ٿو ۽ سنڌو نديءَ کي هو ڪيمزندي سان پيٽي ٿو ۽ پنهنجي شاعرن جي شاعري پڻ ياد ڪري ٿو هن کي ٽينسن جو نظم ليڊي آف شيلاز ياد اچي ٿو ۽ هو سوچي ٿو ته اسان کي شاعر ٽيڻ کپندو هو پر اسان (East India Company) ۾ ڪلارڪ ٿي ويا آهيون. فلپ جو ڪردار هن ناول ۾ تمام گهڻو ڏيکاريو ويو آهي. هن ناول ۾ فلپ ويس متائي ۽ پيرا آيو آهي.

پهريان: هو ايسٽ انڊيا ڪمپني جو بنيادي ملازم ٿي آيو آهي ۽ هو پنهنجي محبوبا مارگريٽ کي ياد ڪري ٿو. ٻيو پيرو: فلپ سنڌ جو ڪمشنر ٿي

آيو آهي جيڪو سنڌ سان بي پناهه محبت ڪري ٿو. سنڌي الفابيٽ جو ڪم ڪرائي ٿو. آبپاشي جو نظام ۽ ريلوي جو نظام ترتيب ڏي ٿو ۽ دعوا ٿو ڪري ته سنڌ سان ٿيل هاڃن يا نقصانن جو هو ازالو ڪندو پنهي دورن ۾ سارنگ سندس دوست ٿي سامهون اچي ٿو. پهرين دور ۾ سارنگ سندس شاهه سائين جا بيت سمجهائي ٿو ۽ ٻئي دور ۾ سنڌي الف – ب. ترتيب ڏيڻ ۾ سارنگ سندس مدد ڪري ٿو پر اوچتوئي اوچتو سارنگ کي منظرنامي تان غائب ڏيکاريو ويو آهي ۽ هڪ دفعي انگريزن جي فوج تي راتاها هڻڻ ۽ انگريز فوج کي تمام وڏو جاني نقصان ڏيڻ جي ڏوهه ۾ سارنگ جلهجي اچي ٿو ۽ هو فلپ جي سامهون پيش ٿي ٿو اهو فلپ جيڪو کيس هميشه پنهنجو جاني دوست سمجهندو هيو.

ناول جي هن موڙ تي فلپ هن جي موت جي سزا تي صحيح ڪري ٿو ۽ هن کي توب جي منهن ۾ڏئي اڏائيو وجي ٿو.

ناول جي آخري حصي ۾ سارنگ کي شڪارپور جي ويجهو هڪڙي ڳوٺڙي جو رهواسي ڏيکاريو ويو آهي. سارنگ جو پيءُ هن جي لاءِ وڏي آفيسر ٿيڻ جا خواب ڏسي ٿو ۽ هو قرض وٺي وڌيڪ تعليم لاءِ کيس ڪراچي موڪلي ٿو جتي سندس ملاقات سنڌو ۽ موهن سان ٿئي ٿي جيڪي کيس بي پناهه محبت ڏين ٿا ۽ هو پڻ سنڌو جي محبت ۾ گرفتار ٿي وڃي ٿو توڙي جي هن کي اها خبر آهي ته سنڌو سندس پياري دوست موهن جي محبت آهي.

هن ناول ۾ هي انهن ڏينهن جي ڪهاڻي آهي جڏهن پاڪستان ۽ هندستان ٻه ڌار ملڪ ٿيڻ وارا هئا ۽ سارنگ سنڌو ۽ موهن کي ريل ۾ وهاري هندستان موڪلي اچي ٿو ۽ اسٽيشن تان ئي زينب ۽ علي جعفري کي وٺي سنڌو جي گهر رهائي ٿو ۽ هو انهن سان گڏجي نئي تحريڪ جو آغاز ڪري ٿو جنهن جو بنيادي مقصد هارين نارين ۽ غريبن کي سندس حق ڏيارڻ هو ان تحريڪ جي مختلف دورن ۾ هو ڪيترائي ڀيرا جيل وڃي ٿو ۽ هن جو جگري دوست علي جعفري ۽ سندس ڀيڻ زينب جيڪي بنيادي طور تي پناهه گير هئا اهي ٿوري تڪليف پهچڻ ڪانپوءِ سارنگ جي تحريڪ کان ڌار ٿي وڃن ٿا ۽ هو اڪيلو سِر ڪڏهن سکر ڪڏهن مچ جيل ته ڪڏهن ڪراچي جيل ۾ قيد ڏيکاريو ويو آهي.

ناول جي پڇاڙي انتهائي ڏکوئيندڙ آهي جنهن ۾سارنگ کي سموري تحريڪ ۾ ناڪام ڏيکاريو ويو آهي توڙي جو هو اهو چوندو ڏيکاريوويو آهي ته ٻج ڪڏهن به ناهن مرندا هو زمين ۾ دفن ٿي وڏي نوان سلا ٿي ڦٽندا آهن ۽

نئين بهار سامهون آڻيندا آهن پر هن ناول جو هيرو سارنگ جنهن هن ناول ۾ ڪيترائي روپ مٽايا آهن پنهنجي پنجين ۽ آخري روپ ۾ جيل جي سختين کان لاچار ڏيکاريو ويو آهي ۽ آخر ۾ هو شڪارپور جي ويجهو پنهنجي ڳوٺڙي ڏانهن موٽندي ڏيکاريو ويو آهي. جتي سندس مڱيندي سڪينہ سندس انتظار ۾ اڃو مٿو ڪري چڙيو آهي هو سڪينہ سان ملندي ئي مري وڃي ٿو ۽ ٻاهر 14 آگسٽ جو جشن ڏيکاريو ويو آهي.

تنقيد:

ناول ڪي تاريخي قصن ۾ ٻي ترتيب ڪنيو ويو آهي موهن جي دڙي ڪانپورءِ عربن، سومرن ۽ سمن جي دور ۾ سارنگ جي ڪردار ڪي ايترو تہ ڏکهو ڏيکاريو ويو آهي جڻ تہ سندس عمر سوين سال هئي. اهو ساڳيو سارنگ محمد بن قاسم جي دور ۾ بہ ڏيکاريو ويو آهي تہ دودي سومري جي جنگ ۾ بہ حصو وٺي ٿو. هو برهمڻ بڻجي سرندو بہ کٽي ٿو تہ تلوار کڻي انگريزن جي فوج تي راتاها بہ هڻي ٿو. هو شاعري بہ ڪري ٿو تہ مذهبي پيشوا (عالم) بڻجي خطبا بہ ڏي ٿو.آخري پيرو سارنگ کي ڪڏهن هوٽل تي رهايل ڏيکاريو ويو آهي تہ ڪڏهن موهن جي گهر ڪان هاسٽل ڏانهن روانو ٿيندي ڏيکاريو ويو آهي. اها ٻي ترتيبي پڙهندڙ جي دماغ ۾ ناول جي جڙيل خاڪي کي منتشر ڪري ٿي. ساڳيو شڪارپور جي ويجهو هندو ڇوڪري ڪي پاڻي ڀريندي ڏسي ٿو تہ هنن کي پاڻي پيري ڏي ٿو تہ ڪڏهن پنهنجا ڪتيل هٿ پاڻي پيئڻ لاءِ هندو ڇوڪرين اڳيان وڌائي ٿو (هن ناول ۾ Irrelevance and relevance scene) ڏيکاريو ويو آهي، جيڪو پڙهندڙ کي منجهائي ٿو. هو گهوڙي تي چڙهي ڪنهن اڻ جاتل ماڳ ڏانهن ويندي ڏيکاريو ويو آهي تہ ڪڏهن وري گهوڙي تان لهي پنڌ ڪندي ڏيکاريو ويو آهي ۽ سامهون ويٺل شخص هن جي قدمن جو آواز ٻڌي ٿو.

مجموعي طور ناول اونڌاهي ڌرتي روشن هٿ سنڌ جي ٻي ترتيب تاريخ آهي جنهن ۾ واقعن کي تاريخي پسمنظر کان هٽائي پيش ڪيو ويو آهي. هن ناول ۾ نائونمل کي غدار ۽ ابراهيم ڪلمتي کي سنڌ جو جووفادار ڏيکاريو ويو آهي. حالانڪ تاريخ شايد آهي تہ ابراهيم شاهہ ۽ ابراهيم ڪلمتي غداري ڪئي هئي ۽ نائونمل پاڻ سان ٿيندڙ ظلم جو انتقام ورتو آهي.

حوالا:

1. ناول ڪيا هئ، ڊاڪٽر محمد احسن فاروقي، دانش محل امين الدوله پارڪ لکنئو، اپريل، 1948ع، ص، 4
2. https://www.britannica.com/art/novel
3. سنڌي ادب جي تاريخ، ڊاڪٽر عبدالجبار جوٽيجو، سنڌي لئنگئيج اٿارٽي،
4. Forster, E. M (1074). Aspects of the novel. Edit. Oliver stallybrass. Great Britain: Penguin Books.
5. ساڳيو حوالو
6. وجوديت ۽ انسان دوستي، سارتر، ترجمو، قاضي جاويد، لاهور، صفحو 41
7. انسان دوستي جو فلسفو، ڪارلس ليمينٽ، ترجمو، امجد علي پٽي، فڪشن هائوس لاهو، 2007ع، صفحو، 63
8. انسان دوستي جو فلسفو، ڪارلس ليمينٽ، ترجمو، امجد علي پٽي، فڪشن هائوس لاهو، 2007ع، صفحو، 334
9. نور افروز خواجا ڊاڪٽر، سنڌي بولي جرنل، ڊاڪٽر عبدالغفور ميمڻ ايڊيٽر، سنڌي لئنگويج اٿارٽي، 2016ع
10. اونداهي ڏرتي روشن هٿ

حصّہ اردو

خلیل احمد
پی ایچ ڈی سکالر شعبہ عربی
جامعہ اردو- کراچی
-
ڈاکٹر سردار احمد
اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ عربی
جامعہ اردو- کراچی

مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی رح کے عربی اشعار کا تحقیقی جائزہ

RESEARCH ANAYLISES OF ARABIC POEMS OF MAKHDOOM MUHAMMAD HASHIM THATVI

Abstract

Hazrat Maulana Makhdoom Muhammad Hash-imThattawiborned in the house of Makhdoom Abdul GafoorThattawi on Wednesday, 10 Rabbi al-Awal 1104 AH as of 19 November 1662 AD. He acquired primary education from his father who was the prominent scholar of his time and he belonged to the Arab tribe of Haris bin Abdul Muttalib. And he received higher education from different and famous schol-ars of his age, in which scholars of Sindh and Harmain (Makkah and Madinah) are remarkable. And he is counted in Sindh's historians, narrative scholars, religious scholars, poets and writers. He published a number of books of which Kifayat-ul-Qari, Athaf Al-Akabir, and BiyazHashmi are on top.

And he had the command on many languages of which Arabic, Persian and sindhi are prominent. He was the on the top of poets of his age along with being the author and compil-er. He read poetry in Arabic, Persian and Sindhi at a time.

And he had dedicated his entire life to the publication,

promotion, compilation and teaching of the religion of Islam. Finally, on Thursday, 6 Rajab, 1174 AH as on February 1761 AD he passed away and buried in the Makli cemetery

سندھ کا قدیم شہر ٹھٹہ علم وادب کے حوالے سے عالمی شہرت کا حامل تھا۔ یہ شہر نامور شعراء تذکرہ نگار، مؤرخین، علماء وفضلاء، فقہاءاور محدثین کی وجہ سے شہرت رکھتا تھا۔ یہ شہر محدثین فقہاء علماء مشاہیر کی وجہ سے پہچانا جاتا تھا۔ انہیں میں سے ایک سندھ کے لازوال مؤرخ محدث فقیہ مفسر شاعر ادیب مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی رح بھی تھے، جس نے کفایۃ القاری، اتحاف الاکابر، بیاض ہاشمی، جیسی تصانیف لکھ کر اہل علم پر احسان کیا۔

حضرت مولانا علامہ محدث فقیہ مفسر قرآن شیخ مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی بروز بدھ 10 ربیع الاول، 1104ھ (بمطابق 19 نومبر 1662ء) کو میر پور بٹھورو، ٹھٹہ، سندھ (موجودہ پاکستان) میں مخدوم عبدالغفور ٹھٹھوی کے گھر میں پیدا ہوئے۔() آپ کے نام کے ساتھ مخدوم کا لقب استعمال ہوتا ہے۔ مخدوم کوئی ذات اور قبیلہ نہیں ہے، بلکہ دین کی زیادہ خدمت کرنے کی وجہ سے انکو لوگوں نے مخدوم کہنا شروع کردیا

آپ کے نام کے ساتھ چار نسبتوں کا ذکر کیا جاتا ہے سندھی، بٹھوروی، بہرامپوری، اور ٹھٹھوی۔() ان چاروں نسبتوں کی وجہ تسمیہ کچھ یوں ہے "سندھی" چوں کہ آپ کا تعلق "سندھ" سے تھا اسی وجہ سے "سندھی" کہلاتے ہیں۔ "بٹھوروی" چوں کہ مخدوم صاحب کی پیدائش میر پور بٹھورہ میں ہوئی اسی وجہ سے "بٹھوروی" کہلاتے ہیں۔ "بہرامپوری" چوں کہ مخدوم صاحب فراغت علم کے بعد یہاں آئے تھے اسی وجہ سے آپ "بہرامپوری" کہلاتے ہیں۔ "ٹھٹھوی" چوں کہ مخدوم صاحب کا آخر دم تک ٹھٹہ سے تعلق رہااور اسی میں آباد رہے اسی وجہ سے " ٹھٹھوی" کہلاتے ہیں۔

مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی کے والد مخدوم عبدالغفور ٹھٹھوی، جو خود بھی ایک ممتاز عالم دین تھے، پہلے سیہون میں رہائش پزیر تھے۔ بعد میں گردش زمانہ کی وجہ سے ٹھٹہ کے علاقے میر پور بٹھورو میں آباد ہوگئے۔ ذات کے اعتبار سے پھنور تھے() اور ان کا نسب عرب قبیلے بنو حارث یعنی حارث بن عبدالمطلب سے ملتا ہے۔

جیسا کہ میں نے اوپر ذکر کیا کہ مخدوم انکالقب تھاذات کے اعتبار سے مخدوم محمد ہاشم پھنور تھے، پھنور قوم کی تحقیق میں ڈاکٹر نبی بخش بلوچ نے لکھا ہے کہ "پھنور اصل میں عرب تھے، لیکن مویشیوں کے رکھوالے ہونے کی وجہ سے لوگ انکو پھنور کہنے لگے" () اس قبیلے کے کچھ افراد جہاد کی غرض سے محمد بن

قاسم کے ساتھ پہلی صدی ہجری میں سندھ آئے تھے( )اور ان میں سے کچھ افراد نے تبلیغ اسلام کو فروغ دینے کے لئے یہیں سکونت اختیار کرلی تھی۔ انہیں میں سے مخدوم محمد ہاشم کے آباواجداد کرام کا نسب ملتا ہے۔

مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی کا تعلق علمی گھرانے سے تھا۔ انہوں نے ابتدائی تعلیم اپنے والد محترم مخدوم عبدالغفور سے حاصل کی۔ انکے پاس حفظ قرآن مکمل کیا اور فارسی، صرف، نحو اور فقہ کی تعلیم بھی اپنے والد سے حاصل کی۔ اس کے بعد مزید تعلیم حاصل کرنے کے لئے ٹھٹہ شہر کا رخ کیا جو اس وقت علم وادب کے حوالے سے تمام دنیا میں مشہور تھا(یہاں انہوں نے مخدوم محمد سعید ٹھٹھوی سے عربی کی تعلیم حاصل کی۔ پھر مخدوم ضیاءالدین ٹھٹھوی (متوفی 1171ھ/ 1758ء) سے علم حدیث کی تعلیم حاصل کی اور بہت ہی مختصر عرصے میں ان علوم کی تکمیل کی۔ اسی دوران 1113ھ /1702ء میں مخدوم محمد ہاشم کے والد مخدوم عبدالغفور کا انتقال ہوگیا۔

مخدوم محمد ہاشم کو 1135ھ/1724ء میں حجاز مقدس کے سفر کے دوران علم حاصل کرنے کا موقع ملا اور انہوں نے حج کی سعادت حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ مکہ اور مدینہ منورہ کے مشہور علماء اور محدثین سے علم حدیث، فقہ، عقائد اور تفسیر کا علم حاصل کیا اور سندیں لیں۔ مخدوم محمد ہاشم کے سندھ کے مشہور اساتذہ میں انکے والد محترم مخدوم عبدالغفور ٹھٹھوی، مخدوم محمد سعید ٹھٹھوی، مخدوم ضیاء الدین ٹھٹھوی، مخدوم رحمت اللہ ٹھٹھوی اور مخدوم محمد معین ٹھٹھوی کے نام سر فہرست ہیں۔( )البتہ ڈاکٹر عبدالقیوم نے کفایۃ القاری کے مقدمے میں مخدوم ہاشم کے تین اساتذہ کے نام ذکر کیے ہیں، جبکہ ڈاکٹر عبدالرسول نے چھ نام ذکر کیے ہیں تو ان دونوں حضرات کے قول میں کوئی تضاد نہیں ہے، ڈاکٹر عبدالقیوم نے اختصار سے کام لیتے ہوئے تین نام ذکر کیے ہیں، اور جبکہ ڈاکٹر عبدالرسول قادری نے بسط سے کام لیا ہے۔

اس کے علاوہ حرمین کے سفر کے دوران جن اساتذہ سے علم حاصل کیا ان میں شیخ عبدالقادر بن ابی بکر بن عبدالقادر الصدیقی المکی (متوفی: 1138ھ) شیخ علی بن عبدالملک الدراوی المالکی المغربی المدنی (متوفی:1145ھ) شیخ عید بن علی النمرسیالمصری الازہری الشافعی (متوفی:1140ھ) علامہ شیخ ابو طاہر محمد بن ابراہیم الکردی الکورانی المدنی (متوفی:1145ھ) علامہ شیخ محمد بن عبداللہ المغربی الفاسی المدنی المالکی (متوفی:1141ھ) شامل ہیں۔

مخدوم صاحب نے تحصیل علم کے بعد اپنے گاؤں میں سکونت اختیار کی اور وہاں کے لوگوں کو دین اسلام کی اشاعت و ترویج کے لیے وعظ اور تقریروں کا سلسہ شروع کیا لیکن وہاں کے لوگوں کو مخدوم ہاشم کے وعظ اور تقریروں کی اہمیت کا اندازہ نہ ہوا، اس لیے دلبرداشتہ ہو کر بھورو کے نزدیک گاؤں

بہرامپور میں سکونت اختیار کی لیکن وہاں کی صورت حال کچھ مختلف نہ تھی تو وہاں سے مخدوم صاحب ٹھٹہ شہر کی طرف گئے، اور یہاں آکر دارالعلوم ہاشمیہ کے نام سے مدرسے کی بنیاد رکھی، جہاں انہوں نے حسب خواہش دین اسلام کی اشاعت و ترویج، تصنیف وتالیف اور درس وتدریس کا سلسہ جاری رکھا۔

آپکے مشہور شاگردوں میں آپکے بڑے بیٹے عبدالرحمن بن محمد ہاشم (متوفی 1182ھ) اور دوسرے بیٹے علامہ قاضی شیخ عبداللطیف بن محمد ہاشم (متوفی 1178ھ) محدث علامہ شیخ ابوالحسن سندھی مدنی (متوفی 1177ھ)، شیخ الاسلام محمد مراد بن محمد یعقوب انصاری سندھی (متوفی 1198ھ) شیخ عبدالحفیظ بن درویش عجیمی مکی (متوفی 1146ھ) علامہ شیخ فقیر اللہ علوی افغانی (متوفی 1195ھ) شیخ علامہ محمد بن محمد اشرف بن آدم سندھی نقشبندی، شیخ سید عبدالرحمن بن سید محمد اسلم حنفی مکی اور شیخ مخدوم عبدالخالق سندھی ٹھٹھوی ہیں انکے علاوہ بھی بہت سارے شاگرد تھیں۔

مختلف علوم وفنون جن میں مخدوم صاحب نے نمایاں مقام حاصل کیا تھا، وہ فقیہ بھی تھے، مفتی بھی، محدث اور مفسر قرآن بھی، مؤرخ اور ناقد بھی لیکن انکی زندگی کا نمایاں پہلو انکا شاعر وادیب ہونا ہے۔ مختلف زبانوں پر عبور حاصل تھا جس میں عربی فارسی اور سندھی زبان قابل ذکر ہے، اور انکی بہت ساری تالیفات بھی ہیں۔ فقہ میں 54 کتابیں تالیف کیں، فضائل اور مناقب میں 17 کتابیں، حدیث وعلوم حدیث میں 15، علوم قرآن وقراءت وتجوید کے موضوع پر 14 کتابیں، عقائد پر 13 کتابیں آداب پر 7 کتابیں، تفسیر وتاریخ پر 6 کتابیں، اور مختلف موضوعات پر 9 کتابیں تالیف کی ہیں۔[O] ان تالیفات میں سے کچھ تالیفات تو منظر عام پر آچکی ہیں اور کچھ پر اب بھی مختلف جامعات میں تحقیقی کام ہورہا ہے۔

مخدوم محمد ہاشم مفسر وفقیہ ومفتی ہونے کے ساتھ ساتھ ایک شاعر وادیب بھی تھے اور انکا شمار سندھ کے مشہور شعراء میں ہوتا ہے۔ مخدوم صاحب نے عربی، فارسی، اور سندھی زبان میں شاعری کی ہے۔ انکی تصانیف میں کفایۃ القاری کا شمار بڑی تصانیف میں ہوتا ہے۔ جس میں انہوں نے قرآن کریم کی متشابہ الفاظ کو ابیات کی شکل میں پیش کیا ہے۔ جو کہ آپ نے الفبائی کی ترتیب سے قلمبند فرمایا۔ یہ کتاب تقریبا 1008 ابیات پر مشتمل ہے۔ اور دوسری کتاب قوت العاشقین میں بھی مخدوم صاحب نے قصیدہ بردہ شریف کے طرز پر عربی میں قصیدہ لکھا ہے اور ساتھ ساتھ انکا ترجمہ بھی سندھی زبان میں کیا ہے، اسکو پڑھنے سے انسان کو دلی سکون ملتا ہے۔() یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی کے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں عربی میں آٹھ قصیدہ موجود ہیں، جو "ثمانية قصائد صغار في مدح النبي صلى الله عليه وسلم "کے نام سے مشہور ہیں۔

بطور تحقیقی نمونہ اور تجزیاتی جائزہ ذیل میں مخدوم محمد ہاشم کی کتاب "قصیدہ یاسالکا" میں سے بعض اشعار ذکر کیے جاتے ہیں، یہ بات بھی ملاحظہ ہو کہ ان اشعار کا ترجمہ سندھی زبان میں موجود ہے لیکن یہاں ان عربی اشعار کو اردو ترجمہ بمع شرح و تحقیق پیشے۔

يَا ۔سَالِكًا ۔طُرُقَ ۔الْمَدِيْنَةِ ۔طَيِّبَة
بَلِّغْ ۔تَحِيَاتِيْ ۔إِلَى ۔سَاكِنِ ۔الْحَرَمِ

الفاظ کی معانی: السالک: راستہ چلنے والا. طرق: یہ طریق کی جمع ہے اسکی معنی ہے راستہ. المدینۃ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا شہر یثرب جہاں آپ نے مکہ معظمہ سے ہجرت فرماکر قیام فرمایا. بلغ: پہنچانا، کسی کے پاس کوئی چیز پہنچانا. تحیۃ: اسکی جمع تحیات ہے، اسکی معنی ہے سلام، سلامی.
ساکن: ٹھیرا ہوا، آباد، باشندہ. الحرم: حرم مکہ، مکہ معظمہ کا محفوظ و مقدس مخصوص احاطہ.

اشعار کی تشریح تجزیہ: ان اشعار میں مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی مدینے کو جانے والے مسافر کو مخاطب ہو کر فرمارہے ہیں کہ اے مدینہ کے راستوں پر چلنے والے اور مدینے جانے والے میرا بھی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں سلام عرض کرنا۔

فَإِذَا ۔قَدِمْتَ ۔بِهَا ۔يَقُوْلُ ۔مَلَائِكَة
أَهْلًا ۔وَسَهْلًا ۔مَرْحَبًا ۔خَيْرَ ۔مَقْدَم

الفاظ کی معانی: قدمت: شہر یا ملک میں داخل ہونا. یقول: کہنا، بولنا. اُھلا وسھلا: خوشآمدید (آپ اپنوں میں آئے اور اچھی جگہ آئے). مرحبا: خوش آمدید، بہت خوب. مقدم: آنے کا وقت، آنا، آمد، ظہور.

اشعار کی تشریح و تجزیہ: جب آپ مدینہ میں داخل ہوگے تو فرشتے بولیں گے کہ خوش آمدید، آپ اپنوں میں آئے اور اچھی جگہ آئے۔

مَتَى ۔دَخَلْتَ ۔مُدْخَلَ ۔صِدْقٍ ۔صِرْتَ ۔مُؤْتَمَنًا
دَارُ ـــالْحَبِيْبِ ـــأَمَانُ ـــالْخَلْقِ ـــكُلِّهِم

الفاظ کی معانی: دخلت: اندر جانا، داخل ہونا. مدخل: داخلہ کا دروازہ، گیٹ. صرت: ایک حال سے دوسرے حال میں منتقل ہونا، ہونا، واقع ہونا، پیش آنا. مؤتمنا: امان دینا (لیکن کیونکہ یہ صیغہ مجہول کا ہے تو اسکا ترجمہ ہوگا امان دیا ہوا).

اشعار کی تشریح و تجزیہ: جب آپ مدینہ میں داخل ہوگئے تو آپ امان میں ہوگئے کیونکہ حبیب کا گھر تو سب مخلوق کے لئے امن کا گہوارا ہے۔

إِذَا ۔مَا ۔رَأَتْ ۔عَيْنَاكَ ۔حُجْرَةَ ۔أَحْمَدَ

فَقُمْ .خَاشِعًا .مُتَضَرِّعًا .ثُمَّ .صَلِّ .وَسَلِّمْ

الفاظ کی معانی: رأت: آنکھ سے دیکھنا، ادراک کرنا۔ عیناک: آپ کی آنکھیں۔ (اس لفظ کے بہت سے معانی ہیں لیکن یہاں مراد آنکھ ہے اس لئے اسی پر اکتفا کرتا ہوں، اس مقام پر اصل میں عینا نتھا پھر نحوی قائدہ کی وجہ سے نون گر گیا تو عیناک بن گیا)۔ حجرۃ: کمرہ۔ قم: کھڑا ہونا، سیدھا ہونا، چلتے ہوئے رک جانا۔ متضرعا: انکساری کرنا، اپنی لاچاری و بے بسی کا اظہار کرنا، گڑ گڑانا۔

اشعار کی تشریح و تجزیہ: جب تمہیں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حجرہ مبارک نظر آنے لگے تو بڑی انکساری و عاجزی اور تواضع سے تمام آداب کو ملحوظ رکھتے ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام پڑھیں۔

وَقُلْ ـــبَيْنَ ـــقَبْرٍ ـــلِلنَّبِيِّ ـــوَمِنْبَرٍ
عَلَيْكَ .صَلاَةُ .اللهِ .يَا .صَاحِبَ .العلم

الفاظ کی معانی: قل: کہنا، بولنا۔ بین: درمیان، (ظرف ہے)

اشعار کی تشریح و تجزیہ: آپ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر اور منبر کے درمیان میں کھڑے ہو کر بولیے کہ اے صاحب علم اللہ تعالی کی رحمتیں آپ پر ہوں۔

جیسا کہ میں نے اوپر ذکر کیا کہ مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی ایک حیثیت سے شاعر بھی تھے، جیسا کہ اوپر دیے گئے اشعار سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ انکو عربی ابیات و اشعار میں کتنی مہارت تھی۔ ڈاکٹر عبدالرسول نے اپنی کتاب مخدوم صاحب کے سوانح حیات میں کچھ عربی کے اشعار ذکر کیے ہیں() جو کہ پیش خدمت ہیں۔

فَطَالَ .الْعُمْرُ .قَدْ .ضَيَّعْتُ .فِيْ .طَرَبٍ
وفَرط ـــعَيْشٍ ـــواحتساء ـــمُدَاوَمَة()

الفاظ کی معانی: طال: لمبا ہونا۔ ضیعت: کھونا، گم کرنا۔ طرب: خوشی سے جھوم اٹھنے کی کیفیت، مستی، بے خودی، انتہائی خوشی، حال۔ فرط: حد سے تجاوز، شدت و زیادتی۔ مداومۃ: کسی کام پر ہمیشگی اختیار کرنا۔

اشعار کی تشریح و تجزیہ: ان اشعار میں مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی رحمۃ اللہ علیہ فرمارہے ہیں کہ عمر لمبی ہوگئی لیکن ساری کی ساری عمر خوشیوں میں اور عیش عشرت اور خسیس ہمیشگی میں ضایع کردی۔

عَنَاكِبُ .نِسْيَانَ .نَسْجَنُ() .عَلَى .قَلْبِيْ
لِذَلِكَتَاسِي ـــالنَّفْسِ ـــكَانَ ـــعَلَامَتِيْ

الفاظ کی معانی: عناکب: مکڑی۔ (یہ جمع کا صیغہ ہے، اسکا مفرد عنکبوت ہے) نسیان: بھولنا۔

تسجن: چھپانا، قید کرنا، بند کرنا۔ تاسي: غمگیں ہونا۔

اشعار کی تشریح و تجزیہ: میرے دل پر مکڑیوں نے بھولنے کے جال بچھادیے ہیں یہ ہی سبب ہے کہ نفس کا مایوس ہونا اور ناامید ہونا میری علامت ہے۔

مَرَرْتُ ـــبِمُعْوَجِ ـــالطَّرِيْقِ ـــغِوَايَةً
أَطَعْتُ ـــعَدُوًّا ـــلَا ـــيُرِيْدُ ـــاِسْتِقَامَتِيْ

الفاظ کی معانی: مررت: گزرنا، گزر جانا، آگے بڑھ جانا، پار ہو جانا۔ معوج: ٹیڑھا ہونا، مڑنا۔ غوایۃ: گمراہ ہونا، ناکام و محروم ہونا، ہلاک ہونا۔ أطعت: کسی کی فرماں برداری کرنا، کسی کے سامنے جھکنا، تابع ہونا، اشاروں پر چلنا۔

اشعار کی تشریح و تجزیہ: بے سمجھی اور گمراہی کی وجہ سے ٹیڑھے راستے پر چلا ہوں، اور دشمن کی ایسی فرماں برداری کی ہے کہ جو مجھ کو سیدھا کھڑا کرنے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتا۔

فَخُذْ ـبِيَدِيْ ـيَا ـشَفِيْعَ ـالْخَلْقِ ـإِنَّنِيْ
عَلَى ـــشَفَا ـــجُرُفٍ ـــهَارٍ ـــرَأَيْتُمقَامَتِي

الفاظ کی معانی: خذ: لینا، پانا، حاصل کرنا۔ شفا: ہر چیز کا کنارہ۔ جرف: دریا کا کھوکھلا کنارہ، وادی کا وہ حصہ جس کے نیچے پانی نے گڑھا کر دیا ہو یا کھوکھلا کر دیا ہو۔

اشعار کی تشریح و تجزیہ: اے شافع محشر میرے ہاتھ کو پکڑ لو کیونکہ میں نے اپنا آخری ٹھکانہ دوزخ کے کنارے پر دیکھا ہے۔

فَأَنْتَ ـــالَّذِيْ ـــسَمَّاكَ ـــرَبِّيْ ـــمُحَمَّدًا
وَأَعْطَاكَ ـــغُفْرَانًا ـــوَدَارَ ـــالْمُقَامَةِ.

الفاظ کی معانی: سما: نام رکھنا۔ اعطا: دینا۔

اشعار کی تشریح و تجزیہ: آپ تو وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہیں جسکا نام اللہ تعالی نے "محمد" رکھا اور آپ کو عطا کیا مقام محمود اور مقام شفاعت ہمارے لئے۔

بطور نمونہ کچھ ابیات مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی کی کتاب "کفایۃ القاری" میں سے ذکر کرتا ہوں، یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ یہ کتاب جس میں انہوں نے 1008 ابیات ذکر کیے ہیں انکے ادیب ہونے پر واضح دلیل ہے۔

وَأَخِّرْنَ ـ﴿بِالْقِسْطِ﴾ ـعَنْ ـ﴿شُهَدَاء ـ﴾
فِي ـــالْمَائِدَةِ ـــوَاعْكِسْهُ ـــفِي ـــالنِّسَاءِ()

حاشیہ میں محقق ڈاکٹر عبدالقیوم نے ان اشعار کی وضاحت کرتے ہوئے لکھا ہے کہ سورۃ مائدۃ

کی آیت نمبر 8 میں ﴿ يَاأَيُّهَاالَّذِينَآمَنُواكُونُواقَوَّامِينَلِلَّهِشُهَدَاءَبِالْقِسْطِ ﴾ میں بالقسط کا لفظ (شهداء) کے لفظ کے بعد آیا۔ لیکن سورۃ نساء کی آیت نمبر 135 میں ﴿يَاأَيُّهَا .الَّذِينَآ .مَنُوا .كُونُوا .قَوَّا .مِينَبِا لْقِسْطِ شُهَدَاءَلِلَّهِ ﴾ میں معاملہ اس کے برعکس ہے کہ بالقسط کا لفظ شھداء کے لفظ سے پہلے آیا ہے()

﴿خَالِقُ ــكُلِّ ــشَيْءٍ﴾ ــقَبْلَهُ ــالتَّهْلِيْلُ

فِي ــالْأَنْعَامِ ــعَكْسُ ــغَافِرِ ــنَزِيْل()

ان ابیات کا خلاصہ یہ ہے کہ سورت انعام آیت نمبر 106 میں " خالق .كل .شيء" سے پہلے تھلیل یعنی "لا .إله .إلا .هو" کا لفظ آیا ہے اور سورت غافر آیت نمبر 26 میں " خالق .كل .شيء" کے بعد تھلیلے یعنی "لا إله إلا هو" کا لفظ آیا ہے۔

مذکورہ بالا عربی اشعار کی تحقیق اور تجزیاتی مطالعہ کی روشنی میں ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی سندھی اور اردو زبان کے علاوہ عربی زبان پر مکمل دسترس رکھتے تھے اور مذکورہ بالا اشعار بہترین نمونہ اور دلیل ہیں نیز مخدوم محمد ہاشم کے عربی اشعار کے تحقیقی جائزہ سے یہ بات بھی سامنے آتی ہے کہ موصوف عربی فصاحت اور بلاغت پر مکمل عبور رکھتے تھے اور قرآن کریم کی آیات سے اقتباس انتھائی عمدگی اور خوبصورتی سے کرتے تھے۔ موصوف کے عربی اشعار میں روانی اور الفاظوں کی سادگی اور نایاب تشبیہ ایک اہم اور نمایاں خوبی ہے۔

مصادر و مراجع

() ص57، مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی، سوانح حیات اور علمی خدمتیں (سندھی) ڈاکٹر عبدالرسول قادری، سندھی ادبی بورڈ جامشورو، 2006ء.

)(https://goo.gl/W2D2UW

() ص54- 55، مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی، سوانح حیات اور علمی خدمتیں

() ص55، مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی سوانح حیات اور علمی خدمتیں ڈاکٹر عبدالرسول قادری، سندھی ادبی بورڈ جامشورو، 2007

() ص11، کفایۃ القاری، مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی، محقق ڈاکٹر عبدالقیوم بن عبدالغفور سندھی، مکتبہ امدادیۃ 2007

() ص59، مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی سوانح حیات اور علمی خدمتیں ڈاکٹر عبدالرسول قادری،

() ص59- 60، مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی، سوانح حیات اور علمی خدمتیں (سندھی) ڈاکٹر عبدالرسول قادری، سندھی ادبی بورڈ جامشورو، 2006ء

() ص12-13-14-16، کفایۃ القاری، مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی، محقق: ڈاکٹر عبدالقیوم بن عبدالغفور السندی، مکتبۃ

امدادیۃ

() ص111، سوانح حیات محمد ہاشم ٹھٹھوی

() ص112، سوانح حیات مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی

() ڈاکٹر عبد الرسول اپنی کتاب سوانح حیات میں "مدایۃ" کا لفظ نقل کیا ہے، لیکن میری تحقیق کے مطابق صحیح لفظ "مداوۃ" ہے۔

() سوانح حیات میں "نسجن" لکھا ہوا ہے، لیکن عربی قواعد کے اعتبار یہ غلط ہے، میری تحقیق کے مطابق صحیح لفظ "تسجن" ہے۔

() ص،53، کفایۃ القاری

ص53، کفایۃ القاری

() ص75، کفایۃ القاري

ڈاکٹر اسماعیل موسیٰ
چیئرمین شعبہ مطالعہ پاکستان،
وفاقی جامعہ اردو۔ کراچی
-
ڈاکٹر محمد حسن امام
اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامی،
وفاقی جامعہ اردو۔ کراچی

کلام فرید میں تصوّف کا رنگ-ایک تحقیقی جائزہ

MYSTISISM IN THE POETRY OF BABA FAREED, ARESEARCH ANAYLISIS

Abstract

In Indian subcontinent , the role of Silsila e Chishtiya (Chishti lineage) for spreading awareness of Islam is bright chapter of history. The founder oflineage is Hazrat Khwaja Moinuddin Chishti Ajmeri Aliehi Rehma. Hazrat Baba Fareed Masood Ganj e Shakar Aliehi Rehma , one of the saints of this lineage, made Ajudhan (now Pakpattan) as his living place. With his education , knowledge , actions , extreme prayers (Mujahiday) and especially his role in well-being of mankind resulted in having great place in history which deserves ultimate appreciation. His personality has various dimensions. To communicate the message from Almighty ALLAH , he also used poetry as his mode of , communication. unfortunately , all of his poetry could not be preserved , however , available poetries are very important for people engaged in fields of Education and Sufism. it's our misfortune that educationalist did not give the deserving importance to his Sufi poetry may be because its Sufi poetry and Sufism has its own point of view. Elaborating the delicate concepts of Wehdatul Wajood and

Wehdatul Shahood along with the world and life after world is not less tha accomplishing the impossible.

In article under review , we are endeavoring to analyze the colors of Sufism in poetry of Hazrat Baba Fareed Masood Ganj e Shakar Aliehi Rehma and we will try to understand the effect it cast on Indian subcontinent.

تلخیص

برّصغیر پاک وہند میں اسلام کی شمع روشن کرنے میں سلسلہ چشتیہ نے جو کردار ادا کیا وہ تاریخ کا روشن باب ہے سلسلے کے بانی حضرت خواجہ معین الدّین چشتیؒ ہیں اسی سلسلے کے ایک بزرگ حضرت بابا فرید الدّین گنج شکرؒ نے اجودھن (پاک پتن) کو اپنا مسکن بنایا اور اپنے علم، عمل، مجاہدے، بالخصوص عوام النّاس کی خدمت کی بدولت تاریخ میں جو اہم مقام حاصل کیا وہ لائق تحسین ہے ان کی شخصیت کے کئی پہلو تھے انہوں نے عوام النّاس کو دینِ الٰہی کا پیغام پہنچانے کے لیے اشعار کا بھی سہارا لیا۔ بد قسمتی سے ان کا مکمل کلام محفوظ نہ کیا جاسکا لیکن جو کلام موجود ہے وہ اہلِ علم اور اہلِ تصوّف کے لیے نہایت اہم ہے یہ ہماری بد قسمتی ہے کہ اہلِ علم نے اس جانب کوئی خاص توجّہ نہ دی اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ یہ صوفی کا کلام ہے اور صوفی کا اپنا ایک نقطۂ نظر ہوتا ہے۔ وحدت الوجود اور وحدت الشّہود جیسے نازک موضوعات کے ساتھ ساتھ دنیا اور آخرت سے متعلق ان کے خیالات کی تشریح و تحقیق کرنا جوئے شیر لانے سے کم نہیں ہے۔

زیرِ نظر تحقیقی مقالے میں بابا فرید الدّین گنج شکرؒ کی شاعری میں تصوّف کے جو رنگ بکھرے ہوئے ہیں ان کا جائزہ لینے کی سعی کی جارہی ہے اور یہ جاننے کی کوشش کی جائے گی کہ بالخصوص برّصغیر پاک وہند میں ان کی شاعری کے کیا اثرات مرتب ہوئے۔

پسِ منظر:

جنوبی ایشیاء کی تاریخ کا جائزہ لیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ اس خطّے میں دین کی ترویج میں علماء و مشائخ نے اہم کردار ادا کیا انہوں نے اپنی زندگیاں ترویجِ دین کے لیے وقف کردیں۔ ہندو معاشرہ جو طبقاتی نظام میں بٹا ہوا تھا وہاں صوفیائے کرام نے جب حضورِ اکرم ﷺ کی تعلیمات عام کیں اور اپنے قول و فعل سے ان تعلیمات پر عمل کر کے دکھایا تو لوگ جوق در جوق اسلام کی طرف راغب ہوئے مختلف سلاسل کے اکابرین اس خطّے میں تشریف لائے بالخصوص سلسلہ چشتیہ کے اکابرین نے ترویجِ اسلام کے لیے اس خطّے میں اہم کردار ادا کیا۔ جنوبی ایشیاء میں سلسلہ چشتیہ کی ترویج میں حضرت خواجہ معین الدّین چشتیؒ نے اہم کردار

کیاآپ کو ''غریب نواز'' اور '' سلطان الہند'' کے القاب سے یاد کیا جاتا ہے یہاں تصوّف کے اس سلسلے کا آغاز آپ ہی سے ہوا جو کہ ''چشتیہ'' کہلاتا ہے۔اس سلسلہ میں راگ اور سماع کو خاص اہمیت حاصل ہے اس سلسلے کے دوسرے بزرگوں میں خواجہ بختیار کاکی اوشیؒ، بابا فرید مسعود گنج شکرؒ، حضرت خواجہ نظام الدّینؒ اور محبوبِ الٰہیؒ وغیرہ اہم ہیں۔ا؎

بابا فرید الدّین گنج شکرؒ کے والد ماجد جمال الدّین سلیمان سلطان شہاب الدّین غوری کے زمانے میں ترک وطن کر کے ہندوستان آئے پہلے لاہور قیام کیا اور پھر قصور چلے گئے بعد ازاں ملتان میں رہنے لگے یہیں آپ نے ملّا وجیہہ الدّین کی صاحبزادی سے شادی کی شادی کے بعد آپ کھتوال (چاوے مشائخ) میں مقیم ہو گئے۔آپ کا سلسلہ نسب فرّخ شاہ بادشاہ کابل اور سلطان ابراہیم ادھم کے واسطے سے عمر فاروقؓ سے جاملتا ہے۔۲؎

بابا فرید الدّین گنج شکرؒ کی سن ولادت سے متعلق تذکرہ نویسوں میں اختلاف پایا جاتا ہے آپ کی ولادت سے متعلق ۵۹۵ ہجری، ۵۸۲ ہجری، ۵۷۱ ہجری، ۵۷۵ ہجری، ۵۶۹ ہجری، ۵۴۸ ہجری سن بیان کیے گئے ہیں، لیکن قرین قیاس بابا صاحب کا سن ولادت ۵۷۱ ہجری یا ۵۶۹ ہے کیونکہ فوائد الفوائد میں بابا صاحب کے محبوب خلیفہ حضرت نظام الدّین اولیاء نے آپ کی عمر مبارک ۹۳ سال بیان کی ہے۔۳؎

آپ کا نام مسعود رکھا گیا اسی طرح گنج شکرؒ کا خطاب آپ کو اپنے مرشد سے ملا۔دوسری روایت یہ ہے کہ یہ خطاب آپ کو عالم غیب سے عطا ہوا۔۴؎

آپ کے والد کا وصال آپ کے بچپن میں ہی ہو گیا تھا اسی لیے آپ کی تعلیم و تربیت کا انتظام آپ کی والدہ ماجدہ حضرت بی بی فرسم خاتون پر عائد ہو گئی جو انہوں نے تحسین و خوبی انجام دی۔آپ نے چھوٹی عمر میں ہی قرآن پاک حفظ کر لیا اس کے بعد فارسی اور عربی کی ابتدائی تعلیم حاصل کی۔ کھتوال میں ابتدائی تعلیم مکمل کرنے کے بعد آپ ملتان چلے گئے تاکہ وہاں مزید تعلیم حاصل کر سکیں۔ملتان میں آپ نے مسجد شہاب الدّین میں قیام کیا اور وہیں سے اپنی تعلیم مکمل کی۔۵؎

جب آپ کی عمر ۱۸ سال تھی تو ایک روز آپ کی ملاقات بابا بختیار کاکی اوشیؒ سے ہو گئی۔حضرت قطب الدّین بختیار کاکیؒ حضرت بہاؤالدّین ملتانی کی دعوت پر ملتان تشریف لائے تھے۔آپ جس مسجد میں اپنی تعلیم مکمل کر رہے تھے وہاں بختیار کاکیؒ تشریف لائے آپ ان کے احترام میں کھڑے ہو گئے۔حضرت بابا کاکیؒ نے پوچھا کہ کونسی کتاب پڑھ رہے ہو بابا صاحب نے عرض کیا نافع کا مطالعہ کر رہا ہوں (نافع فقہ کی بہترین کتاب ہے)۔خواجہ صاحب نے حوصلہ افزائی کرتے ہوئے فرمایا انشاء اللہ یہ کتاب تمہیں نفع دے گی۔بابا صاحب نے عرض کیا ''میرا نفع تو حضرت کی نگاہ کیمیاء اثر میں پوشیدہ ہے''۔

اس طرح باباصاحب خواجہ صاحب کے عقیدت مندوں میں شامل ہو گئے۔ خواجہ صاحب دہلی واپس جانے لگے تو باباصاحب کی خواہش تھی کہ وہ بھی ان کے ساتھ جائیں لیکن خواجہ صاحب نے ارشاد فرمایا:

> ''اب تم جاؤ اور کچھ دن تک علم ظاہری حاصل کرو اللہ تعالیٰ کے بندوں سے ملاقات کرو کہ کون کس مقام پر کیا کر رہا ہے پھر دہلی آنا آپ کا انتظار کروں گا۔ باباصاحب غمناک آنکھوں سے واپس ہوئے۔ خواجہ صاحب نے زبانی طور پر بیعت کا وعدہ کر لیا تھا اور باقاعدہ رسمِ بیعت کئی سال بعد دہلی میں ادا کی گئی۔٦؎

باباصاحب نے خواجہ صاحب کی ہدایت پر عمل کرتے ہوئے اپنی ظاہری و باطنی تعلیم کے مراحل طے کیے اور سفرِ بغداد پر روانہ ہوئے جہاں کئی علماء و مشائخ سے ملاقاتیں ہوئیں اور کچھ عرصے بعد دہلی مرشد کریم کے پاس پہنچ گئے جہاں مرشد کریم سے باقاعدہ بیعت کی۔ بیعت کے بعد آپ نے کئی مجاہدے اور مراقبے کیے اور فنافی الشیخ کی منزل طے کرتے ہوئے فنافی الرسول اور فنافی اللہ کے مرتبے پر پہنچے۔ حضرت خواجہ بختیار کاکیؒ نے آپ کو خلافت کی سند عطا کی۔ مرشد کے انتقال کے بعد خواجہ صاحب کی وصیت کے مطابق آپ کو خرقہ اور نعلین چوبیں عطا کی گئی اور آپ خواجہ صاحب کے خلیفہ اور جانشین مقرر ہوئے۔ دہلی کا پر ہجوم ماحول آپ کو راس نہ آیا چنانچہ آپ نے اجودھن جو پاک پتن کے نام سے مشہور ہوا وہیں سلسلہ چشت کی آبیاری کی۔ آپ تقریباً 70 سال کی عمر میں یہاں تشریف لائے اور کم و بیش 24 سال یہاں قیام فرمایا اور سلسلہ چشت کی وہ شمع جو خواجہ غریب نواز نے روشن کی تھی جسے حضرت بختیار کاکیؒ نے روشن رکھا۔ اس شمع کی روشنی کو آپ نے ہر سو پھیلایا جو آپکا ایک اہم کارنامہ ہے۔ آج بھی آپ کا مزار مبارک پاک پتن میں مراجع عام ہے۔٧؎

کلامِ فرید میں رنگِ تصوّف

حضرت بابا فرید گنج شکرؒ علم و فضل میں بلند مرتبہ بزرگ تھے۔ دینیات، اصول، حدیث، تصوّف و روحانیت کی دقیق و مشکل کتابیں آپ اکثر پڑھایا کرتے تھے اور تصوّف کے رموز و نکات کو اس خوبی سے سلجھا کر بیان کرتے تھے کہ سُننے والوں پر کیفیت سی طاری ہو جاتی تھی اور ان کی روحیں عالم ملکوت کی سیر کے لیے تڑپ اٹھتی تھیں۔٨؎

بابا فرید گنج شکرؒ کی شخصیت کی ایک اہم خصوصیت یہ ہے کہ وہ صاحبِ تصنیف بزرگ تھے۔ فارسی زبان میں ان کی تین کتب موجود ہیں۔ جو یہ ہیں۔(۱) راحت القلوب (۲) اسرار الاولیاء (۳) فوائد

السالکین۔

لیکن انہوں نے شاعری پنجابی زبان میں کی۔ باباصاحب کے کلام کی ایک اہم خصوصیت یہ ہے کہ وہ پہلے پنجابی شاعر ہیں۔ پنجابی زبان میں شاعری کا آغاز ان کے ان چھوٹے چھوٹے بولوں سے ہوتا ہے جنہیں ''اشلوک'' کہا جاتا ہے۔ ان کے کچھ بول قرآنِ پاک کی آیات کی عملی تفسیر ہیں اور کچھ احادیث کے تراجم ہیں۔ ان میں قرآن پاک کی سچّی تعلیم اور اخلاقی اقدار کی تلقین کے علاوہ دنیا کی بے ثباتی، ہجر و فراق اور عشق و معرفت کی باتیں موجود ہیں۔۹۔

پنجابی میں ان کے صرف یہ اشلوک ملتے ہیں اور وہ بھی سِکھوں کی مذہبی کتاب ''گرو گرنتھ صاحب'' میں شامل ہونے کی وجہ سے ضائع ہونے سے بچ گئے۔ انہوں نے پنجابی میں نہ معلوم اور کتنے اشعار کہے ہوں گے مگر آج ان کی ساری شہرت اور سارا مقام اپنی اشکولوں کے حوالے سے ہے۔۱۰۔

بابا فریدؒ نے پنجابی شاعری کو نہایت ترقّی پذیر رجحانات سے روشناس کرایا۔ باباصاحب کو یہ اوّلیت حاصل ہے کہ آپ نے پنجابی زبان کے دامن کو خدا اور انسان جیسے اہم موضوعات سے متعارف کرایا۔ بابا فریدؒ نے معاشرتی سطح پر جماعت خانے جیسے ادارے بنا کر کردار سازی اور انسان سازی کے جو بنیادی کام کئے وہ اتنے عظیم ہیں کہ ہمیں کسی مافوق الفطرت کو دیکھنے اور پرکھنے کی ضرورت نہیں کیونکہ یہی کام ان کے عظیم کردار کی زندہ و پائندہ کرامت تھی۔ اس کے ساتھ ان کا خلوص بھی شامل تھا اور ان کی روایات عہد بہ عہد آگے بڑھتی رہیں۔۱۱۔

باباصاحب چونکہ ایک صوفی تھے اس لیے ان کی شاعری میں صوفیانہ رنگ جابجا ملتا ہے۔ صوفی اس وقت تک ولایت کے مرتبے تک نہیں پہنچ سکتا جب تک اپنے نفس کو فنا نہ کردے فنا ہو جانے کی وجہ سے ہر رغبت حرص زائل ہو جاتی ہے جب شخصیت کو فنا کر دیا جائے تو وجودِ حق بندہ کے وجود پر غالب آجاتی ہے اور انسان کے تمام ارادے اور اختیارات سلب ہو جاتے ہیں۔ انا پرستی زائل ہو جاتی ہے اور انسان کا ہر فعل خدا کا فعل بن جاتا ہے وہ مرنے سے پہلے مر جاتا ہے ظاہری موت و حیات اس کے یکساں ہوتی ہے کیونکہ اس کا نفس مر چکا ہوتا ہے اس کا ہر قول و عمل رضائے خداوند کے لیے ہو جاتا ہے اور اسطرح یہ فنا بھی اسے حیات و دوام بخش دیتی ہے۔ خواجہ میر درد نے کیا خوب کہا

موت کیا آکے فقیروں نے تجھے لینا ہے
مرنے سے آگے ہی یہ لوگ تو مر جاتے ہیں

خواجہ آتش اسی مضمون کو آگے بڑھاتے ہیں اور کہتے ہیں

موئے جو پیشتر مرنے سے وہ لوگ

کفن سمجھے قبائے زندگانی

یعنی موت آتی ہے تو ناکام جاتی ہے اس لیے کو جس کو لینے وہ آتی ہے وہ تو پہلے ہی دوسرے کا ہو چکا ہوتا ہے۔ ۱۲؎

بابا فرید الدّین گنج شکرؒ کے کلام میں دنیا کی بے ثباتی اور آخرت کی فکر جیسے مضامین جابجا ملتے ہیں جسمیں انہوں نے اللہ تعالیٰ سے لو لگانے کو دنیا کا مقصد قرار دیا ہے وہ کہتے ہیں کہ یہ دنیا تیرا ٹھکانہ نہیں ہے بلکہ اس دنیا کے بعد قبر تیرا ٹھکانہ ہے اسی قبر میں تجھے جانا ہے اسے نہ بھول بلکہ ہمیشہ اسے یاد رکھ اور اس کی تیاری کر۔ دنیا کی چند روزہ زندگی اس طرح گزار جس طرح ایک مسافر اپنا سفر مکمل کرتا ہے اس سے محبت کرنا غلامی ہے اور آخرت کی زندگی سے محبت کرنا زندگانی ہے موت سے پہلے مر جانا عین آدمیت کی معراج ہے۔ چنانچہ وہ فرماتے ہیں۔

بولے شیخ فرید پیارے اللہ لگے
ایہہ تن ہوسی نمانی گور گھر ے

ترجمہ: بابا فریدؒ جہاں عالم سے مخاطب ہیں اور فرماتے ہیں کہ یہ دنیا چند روزہ ہے اس دنیا میں کامیاب وہی ہے جو اللہ تعالیٰ کی محبت میں گرفتار ہے اے پیارے دوست اللہ تعالیٰ سے لو لگائے رکھ اور اس سے متعلق جوڑ یہ تیرا جسم تو قبر کے گھر میں عاجز و مسکین مٹی کا حصہ بن جائے گا۔ ۱۳؎

اسی مضمون کو دوسری جگہ اس طرح بیان کرتے ہیں۔

بے جانا مرجایئے ، گھم نہ آیئے
جھوٹی دنیا لگ نہ آپ ونجایئے

ترجمہ: اے بندے! اگر تجھے یقین ہے کہ آخر مر جانا ہے اور مرنے کے بعد یہاں واپس نہیں آنا ہے تو تُو اس جھوٹی اور مکّار دنیا کے پیچھے لگ کر اپنے آپ کو برباد نہ کر۔ ۱۴؎

بابا کے کلام میں دنیا پرستوں کے لیے موت عبرت کا نشان ہے وہ لوگ جو دنیا کی آسائشوں اور رنگین مزاجیوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں ان کے لیے عبرت کا نشان ہے وہ فرماتے ہیں

زمی پچھے اسماں فریدا ، کھیوٹ کن گئے
جالن گورا ں نال الا ھمے جیو سھے ۱۵؎

اس شعر میں بابا فریدؒ انسان کی توجہ موت کی جانب مبذول کرواتے ہیں اور انسان کو یاد دلاتے ہیں کہ ہر نفس نے موت کا ذائقہ ضرور چکھنا ہے اس کے بعد انسان کا نام و نشان مٹ جائے گا اور کوئی اس کا نام لینے والا نہ ہو گا۔ اس شعر میں بابا فریدؒ فرماتے ہیں

"اے فرید ! زمین آسمان سے پوچھتی ہے کہ یہ بڑے بڑے لوگ جو زمین پر اکڑ اکڑ کر چلتے ہیں وہ کہاں چلے گئے۔ آسمان جواب دیتا ہے کہ وہ قبروں میں اپنی بد اعمالیوں کی سزا بھگت رہے ہیں۔ سزا بھگتنے کے ساتھ ساتھ ان کے دل کو طعنے بھی سننے پڑتے ہیں۔ جابر، ظالم، گنہگار اور سیاہ کار اپنے کیے کی سزا قبر میں بھگت رہے ہیں جہاں اُنہیں ایک طرف قبر کا عذاب ہو رہا ہے تو دوسری جانب وہ لوگ جنکی خاطر اس نے مال و دولت کے انبار لگا دیے وہ اس کے کمائے ہوئے مال پر عیش کرتے ہوئے اسے ہی بُرا بھلا کہہ رہے ہیں۔۱۶۔

جبکہ اس کے بر عکس وہ لوگ جنہوں نے اس دنیا میں موت کی مکمل تیاری کی ہے ان کے لیے اس دنیا میں بھی راحت ہے اور دوسری دنیا بھی ان کے لیے خوشگوار ہے۔ یہ وہ لوگ ہیں جو اللہ کے احکامات پر مکمل عمل کرتے ہیں ان کا قول و فعل اللہ اور اس کے رسول صلّی اللہُ علیہ وسلم کی تعلیمات کے مطابق ہوتے ہیں۔

بابا فرید کی شاعری کا کمال یہ ہے کہ انہوں نے بندے کا تعلق اللہ سے جوڑ دیا اور انسان کو اللہ کے احکامات پر عمل کرنے پر زور دیا۔ آپ فرماتے ہیں

جے جے جیویں دنی تے کھریئے کہیں نہ لاء
اکو کپھن رکھ کے ہور سبھو دیہہ لٹاء

ترجمہ: اے بندے جب تک دنیا میں تو زندہ ہے تجھے اللہ تعالٰی کے سوا کہیں دل نہیں لگانا چاہیے۔ اس دنیا میں تجھے اپنے پاس صرف کفن رکھنا چاہیے اور باقی سب لٹا دینا چاہیے۔۱۷۔

فقیری کی یہ شان ہوتی ہے کہ وہ دنیاوی وسائل پر بھروسہ نہیں کرتا بلکہ اس کی نگاہیں اللہ تعالٰی کی رحمت اور عطا پر ہوتی ہے۔ بابا فرید بھی چاہتے ہیں کہ ان کا دستِ سوال انسانوں کے آگے نہیں بلکہ اللہ تعالٰی کے آگے بلند ہو جیسا کہ ان کا یہ شعر

بارپرائے بَیسنا ، سائیں مجھے نہ دیہہ
جے توں ایویں رکھسی ، جیو سَرِیروں لیہہ

ترجمہ: بابا فرید اللہ کے حضور دست دعا دراز کرتے ہوئے فرماتے ہیں "اے اللہ اپنے در بار کے علاوہ کسی دوسرے کا محتاج نہ کرنا اور نہ ہی میرے نصیب میں کسی دوسرے سے مانگنا یا دست سوال پھیلانا لکھنا اگر آپ مجھے اس طرح رکھنا چاہتے ہیں تو اس سے بہتر یہ ہے کہ موت نصیب کر دے کیونکہ ایسی زندگی سے موت بہتر ہے۔۱۸۔

اللہ تعالٰی کی تلاش میں فقیر اپنی زندگی بسر کرتا ہے اس کی خواہش ہوتی ہے کہ اس کا ہر فعل

احکام خداوندی کے مطابق ہو جب فقیر فنا فی اللہ کی منزل حاصل کر لیتا ہے تو ہر شے مظہر خداوندی کا آئینہ بن جاتی ہے اور وہ اس منزل تک پہنچ جاتا ہے جب اسے ہر شے میں خدا کے جلوے نظر آتے ہیں۔ بابا فرید نے اپنی شاعری میں یہ فارمولا بیان کر دیا جو ہر مومن کے دل کی تمنّا ہے اور وہ راز بتا دیے کہ بندہ فنا فی اللہ کی منزل کو کس طرح پہنچ سکتا ہے۔ فرماتے ہیں

تھیو پوا ہی د بھ جے سائیں لوڑیں سبھ
اک چھبے بیالتا ڑیئے تاں سائیں دے درواڑ ہے

ترجمہ: اے فرید اگر خدا کو ہر شے میں دیکھنا چاہتے ہو تو راستے کی گھاس کی طرح ہو جاؤ۔ ایک اس گھاس کو ٹکڑے ٹکڑے کرتا ہے تو دوسرا اسے توڑتا ہے جب کہیں جا کر وہ خدا کی درگاہ یعنی مسجد میں صف کی شکل پا کر قبولیت پاتی ہے۔ ۱۹۔

روح الکلام کے مؤلف جاوید اقبال ستارا اس شعر کی تشریح کرتے ہوئے کہتے ہیں

''اے فرید اللہ کی تلاش میں تو جنگل جنگل گھوم رہا ہے۔ حیرت ہے کہ تو مصلّے کو دیکھ کر بھی یہ نہیں جان پایا، اللہ کو پانے کے لیے خود کو مصلّے کے عمل سے گزارنا پڑتا ہے مصلّے کی گھاس کو نہایت بے دردی کے ساتھ کاٹنے کے بعد ڈنڈے کے ساتھ خوب پٹائی کی جاتی ہے اور توڑ موڑ کے تِنکے تِنکے کو بنتر کے عمل سے گزارا جاتا ہے ان تمام مراحل سے گزرنے کے بعد مصلّا کو سمیٹ کے مسجد میں لایا جاتا ہے۔ عاجزی وانکساری کے ساتھ ہر کسی کے قدموں تلے بچھ بچھ جاتا ہے اور کسی سے شکوہ نہیں کرتا۔ ۲۰۔

صوفی نظریہ وحدت کا خوب خوب پرچار کرتے ہیں وہ سمجھتے ہیں کہ کائنات کا حقیقی وجود نہیں ہے اس لیے اس سے دل لگانا بیکار ہے انسان اگر کائنات کی رنگینیوں میں کھو جائے تو اس کا حقیقی مقصد حاصل نہ ہو سکے گا اس لیے دنیا سے کنارہ کشی کرنا ہی بہتر ہے لیکن اس کا مقصد یہ نہیں کہ دنیا چھوڑ کر ریگستانوں اور صحراؤں میں ساری عمر ذکر وافکار میں بسر کر دی جائے بلکہ صوفی اس طریقہ رہبانیت کو اسلام کے خلاف تصوّر کرتے ہیں صوفیوں کے نزدیک ترک دنیا سے مراد یہ ہے اس دنیا میں عوام النّاس کے درمیان رہ کر اپنی نگاہیں آخرت مرکوز رکھی جائیں اور وہ تمام فرائض جو عائد کیے گئے ہیں وہ پابندی سے ادا کیے جائیں مکروہاتِ دنیا سے بچنے کے لیے انسانی آبادی سے دور جانے کی ضرورت نہیں بلکہ انسانوں کے درمیان رہ کر بھی درجۂ کمال تک پہنچا جا سکتا ہے۔ جگر مرادآبادی کہتے ہیں۔

تیرے اسرار حقیقت کا وہی محرم ہوا
رہ کے عام میں بھی جو بیگانہ عالم ہوا ۲۱۔

بے شک بابا فرید نفس کش اور تاریک الدنیا زاہدوں کے گروہ سے تعلق رکھتے تھے لیکن انہوں نے کبھی بھی صرف ذاتی نجات حاصل کرنے کی خاطر دنیا کو چھوڑنے کا نہ سوچا بلکہ انہوں نے حقوق العباد کو سامنے رکھا انہوں نے خود کو مخلوق خدا ہی جانا اور سمجھا اور عام آدمی کی ضرورت سے بڑھ کر اپنے لیے کچھ نہیں مانگا۔ ایک راستہ یہ ہے کہ انسان دنیوی مسرتوں میں کھو جائے اور دوسرا یہ کہ ان ناجائز مسرتوں سے بچنے کی خاطر مطلق دستبرداری اختیار کر لے دنیا میں رہ کر آلائشوں اور ناپاکیوں سے دامن بچائے رکھنا ہی طریقت ہے۔ ۲۲؎

اللہ تعالیٰ کی تلاش کا ذکر کرتے ہوئے آپ فرماتے ہیں۔

جنگل جنگل کیا بھویں ون کنڈا موڑیں
وسّی رب ہیا لیے جنگل کیا ڈھونڈیں

ترجمہ: اے فرید خدا کی تلاش میں کیا گھوم رہے ہو اور کانٹوں پر پاؤں رکھ رہے ہو؟ اللہ تعالیٰ تو تمھارے دل میں بستا ہے، اسے جنگل میں کیا ڈھونڈتے ہو؟ ۲۳؎

اس شعر میں بابا فرید نے واضح طور پر تاریک الدنیا افراد کو اشارہ دیا ہے کہ خدا کی تلاش میں جنگل جنگل گھومنے کا کوئی فائدہ نہیں اگر اسے ڈھونڈنا ہے تو اپنے دل میں جھانک لازمی طور پر وہ وہیں ملے گا۔ امجد اسلام امجد نے اسی مضمون کو اسطرح بیان کیا ہے۔

اے سرابوں میں گھومنے والے
دل کے اندر بھی ایک رستہ ہے

لیکن اس کے ساتھ ہی بابا فرید یہ شرط بھی عائد کرتے ہیں کہ ہر وقت محبوب حقیقی کی یاد دل میں بسا کر رکھی جائے اگر ایسا نہیں کرے گا تو دین و دنیا دونوں برباد ہو جائیں گے آپ فرماتے ہیں۔

پری وسارن بیارون ک بدھ چویں
کچن راس وسارکر مٹھی ڈھوٹہ بھریں

ترجمہ: محبوب حقیقی کی یاد سے غافل ہو جانے کا نتیجہ یہ نکلا ہے کہ میں اپنی عقل اور اپنے ہوش و حواس سے بھی بیگانہ ہو گیا ہوں۔ اے فرید غفلت کی اس کیفیت سے نکل اور محبوبِ حقیقی کی یاد کو اپنا حرزِ جاں بنا۔ تو محبوبِ حقیقی کو بھول جائے گا تو مٹھی بھر خاک کے سوا تیرے ہاتھ کچھ نہ آئے گا۔ ۲۴؎

بابا صاحب کی شاعری میں دنیا کی بے ثباتی، کوتاہی، آخرت کی فکر اور اپنے نامۂ اعمال کی سیاہ کاری کا ذکر نمایاں نظر آتا ہے اپنے مرشد خواجہ بختیار کاکیؒ تربیت کا پہلو واضح نظر آتا ہے ان کے اشعار انسانی دل و دماغ پر دستک دیتے ہیں وہ دنیا کے عیش و عشرت کی زندگی گزارنے پر لعنت بھیجتے ہیں۔ آپ فرماتے ہیں

پیریں کندھے پندھڑا سیتی سجانا
بھٹھ ہنڈوے دا پینگھنا سیتی اجانا

ترجمہ: میرے پاؤں کنارے پر ہیں اور سامنے کا سفر مشکل ہے۔ لعنت ہو دنیا کے عیش پر جس نے مجھے اس سفر کی تیاری سے غافل رکھا اب اس دشوار سفر کو کیسے طے کروں۔ ۲۵۔

دنیا کی زندگی سے متعلق فرماتے ہیں

چار گوائیاں ہنڈھ کے چار گوائیاں سم
لیکھا رب منگیسیاں تو آیوں کیہڑے کم

ترجمہ: اے فرید! تو نے چار دن عیش و طرب میں کھو کے اور چار دن سو کے گزار دے اللہ تجھ سے حساب مانگے گا تو کیا جواب دے گا آخر تجھے کسی نہ کسی مقصد کے لیے پیدا کیا گیا کیا تو نے کوئی کارنامہ انجام دیا ہے جو تیرے ہونے کا جواز فراہم کرے۔ ۲۶۔

مالک حقیقی کی خدمت کا درس نہایت خوبصورت پیرا ہے میں بیان کرتے ہیں اور درخت کی مثال دیتے ہوئے بیان کرتے ہیں کہ خدمت کا صلہ انسانوں سے مانگنا فقیر کی لعنت میں شامل نہیں ہے وہ کہتے ہیں

صاحب دی کر چاکری دل دی لاہ بھراند
درویشاں نوں لوڑیئے رکھا ں دی جراند

ترجمہ: اے فرید! مالکِ حقیقی کی خدمت گزاری، پوری یکسوئی کے ساتھ کرتا رہ اور شک و شبہ اپنے دل سے نکال دے اور کسی کی مخالفت بھی سہنی پڑے تو سہہ لے کیونکہ درویشوں کے حوصلے درختوں جیسے ہوتے ہیں کوئی پتھر بھی مارتا ہے اور کوئی ٹہنیاں بھی کاٹتا ہے مگر وہ پھل بھی دیتا اور فیض بھی جاری رکھتا ہے۔ ۲۷۔

تصوّف میں تسلیم و رضا کی اہمیت مسلّمہ ہے کوئی شخص اس وقت تک ولایت کی منزل تک نہیں پہنچ سکتا جب تک وہ راضی بہ رضا نہ رہے اس کا ہر فعل و قول تسلیم و رضا سے مزین ہونا چاہیے۔ نظریہ تسلیم سے مراد یہ ہے کہ انسانوں کا ایمان پختہ ہونا چاہیے کہ اسے جو بھی ملتا ہے وہ من جانب اللہ ہے حتیٰ کہ انسان کی اپنی زندگی بھی عطیہ خداوندی ہے اس لیے اگر اسے کچھ ملتا ہے تو اللہ کا احسان ہے اگر واپس لے لے تو ہمیں اللہ سے شکایت نہیں کرنی چاہیے ار نہ ہی اس کا افسوس و ملال ہونا چاہیے کیونکہ ہم اس کے حقیقی مالک نہیں ہیں۔ یہاں یہ پہلو قابل ذکر ہے کہ خداوند کی رضا کو تسلیم نہ بھی کیا جائے تو بھی ہونا وہی ہے جو اللہ چاہتا ہے۔ بقول ذوق

اے شمع تیری عمر طبعی ہے ایک رات
ہنس کر گزار یا اُسے رو کر گزاردے

تسلیم ورضا کا بنیادی فرق یہ ہے کہ تسلیم واقعات کے سامنے یہ جان کر سر تسلیم خم کر دیا جاتا ہے کہ اس کے علاوہ کوئی صورت موجود نہیں جبکہ اس کے بر خلاف رضا ذہن انسانی کی ایک متحرک کیفیت (Active Attitude) کا نام ہے جس میں دل سے راضی بارضا ہونا ہے اور خلاف توقع ہونے والے کسی واقعے کا ملال نہ ہونا ہے۔ جگر مراد آبادی کہتے ہیں

سنتا ہوں کہ ہر حال میں وہ دل کے قریب ہے
جس حال میں ہوں اب مجھے افسوس نہیں ہے ۲۸۔

بابا فرید کی شاعری میں بھی تسلیم ورضا جیسے مضامین بار بار ملتے ہیں جہاں وہ دنیا کی رنگینیوں میں کھو نہ جانے کا مشورہ دیتے ہیں تو وہیں وہ اس بات پر زور دیتے ہیں کہ ہر سُو اللہ کے رنگ بکھرے ہوئے ہیں اگر انسان اس رنگ میں رنگ جائے تو اس کی دنیا اور آخرت دونوں سنور جائے گی وہ فرماتے ہیں

فریدا گیپ دیں کنت رنگا ولا وڈا بے محتاجا
اللہ سیتی رجھڑا سچاوا
ساجا

ترجمہ: اے فرید! رب کی ذات بڑی شان والی ہے۔ اس کے رنگوں (نعمتوں) کا کوئی شمار نہیں۔ وہ کسی کا محتاج نہیں ہے وہ اپنے بندے کو جس رنگ میں بھی رنگ دے وہ سب سے اعلیٰ رنگ ہے۔ وہ اپنے بندے کو جس نعمت سے نوازے وہی نعمت سب سے بڑی نعمت ہے۔ ۲۹۔

دوسری جگہ فرمایا

آسرا دھنی منجھاہ کوء نہ لاہو کڈھ توں
دے ایوں کاج ہتھاہ دریا نے سچا دھنی

ترجمہ: اے فرید دنیا بھر کے رشتے اور سہارے جھوٹے ہیں اس لیے تو کسی مغالطے میں مت رہ اور سوائے رب کی ذات کے کسی پر بھروسہ مت کر کہ وہی مشکل وقت میں کام آتا ہے وہی منجدھار میں ڈوبتے کو سہارا دیتا ہے وہی طوفان میں پھنسی کشتی کو سہارا دیتا ہے تیرے لیے رب ہی کی ذات کافی ہے اور وہی تیرا سب سے بڑا کارساز ہے۔ ۳۰۔

تصوّف کی اہمیت اور اثر آفرینی سے بسا اوقات شاعری میں ایک غیر معمولی عظمت کا احساس پیدا ہوتا ہے شعر سن کر یوں تو تمام لوگ کچھ نہ کچھ اثر لیتے ہیں لیکن اہلِ تصوّف اپنے تیز اور بیدار احساسات کی

بناء پر اس سے جس قدر متاثر ہوتے ہیں ان کی مثال کہیں اور نہیں ملتی شرابِ سخن ان کے شیشہ ہائے قلب میں آکر دو آتشہ ہو جاتی ہے وہ استماع شعر پر صرف نعرہ ہائے تحسین و آفرین بلند کر کے خاموش نہیں ہو جاتے بلک بلک کر روتے بھیہیں فریاد ور قص کرتے ہیں یہاں تک کہ کبھی کبھی یہ جوشِ کیفیت مرگِ محبت کا پیغام بن جاتا ہے۔ ۳۱؎

جس طرح بابا فرید الدّین گنج شکرؒ کے مرشد حضرت خواجہ بختیار کاکیؒ پر اس شعر

کشتگان خنجر تسلیم را
پر زماں از غیب جانے دیگر است

سے ایک عالم وجد طاری ہوا جب نماز کا وقت آجاتا نماز پڑھ لیتے پھر اسی شعر کو سنتے چار شب روز یہی حالت رہی پانچویں شب کو انتقال ہو گیا۔ ۳۲؎

اسی طرح باباجی کے کلام میں جابجا ایسے اشعار ملتے ہیں جو قلب کو چُھو لیتے ہیں۔ عوام النّاس اور بالخصوص اہلِ تصوّف ان اشعار کو پڑھ کر عجیب کیف و مستی میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ باباجی نے اپنی اسی کیفیت کا اظہار اسطرح کیا ہے۔

تن تپے تنور جیوں ، بالن ہڈ ’ہلن
پیریں تھکاں سر جلاں جے موں پری ملن

ترجمہ: میرا جسم دہکتے تنور کی طرح تپ رہا ہے اور ہڈّیاں خشک ایندھن کی طرح جل رہی ہیں۔ لیکن اگر مجھے وصال یار کی امید ہو جائے تو ایسے میں تھکن کو نظر انداز کر کے سر کے بل چلتا ہوا اس کی طرف بھاگ جاؤں۔ ۳۳؎

اسی مضمون کو دوسری جگہ اسطرح بیان کرتے ہیں

تن سمندر ، منسا لہر اور تارو تریں انیک
تے برہی کیویں جیوتے جے آہ نہ کرتے ایک

ترجمہ: اے فرید جسم سمندر کی مثال ہے اور خواہشیں سمندر کی لہروں کی طرح۔ یہ لہریں بے شمار ہونے کے ساتھ ساتھ سرکش بھی ہیں جدائی کا درد سہنے والے (عاشق) اگر آہ وزاری کا سہارا نہ لیں تو جیتے جی مر جائیں۔ درویش کی ہر ممکن خواہش ہوتی ہے کہ اسے جلد از جلد دیدارِ اِلٰہی کا شرف حاصل ہو جائے جدائی کا دورانیہ انتہائی جان لیوا ہوتا ہے۔ ۳۴؎

اہلِ تصوّف کا یہ وصف رہا ہے کہ وہ عبادت میں ریاکاری اور دکھاوے سے اجتناب کرتے ہیں اور خلوصِ نیت سے عبادت میں مشغول رہتے ہیں ان کا مطمع نظر جنت کا حصول اور دوزخ سے نجات نہیں

ہوتا بلکہ وہ خلوصِ نیت سے اللہ کی رضا اور خوشنودی حاصل کرنے کے لیے عبادت کرتے ہیں وہ ایسی جنت کی تمنّا نہیں کرتے جس کے دلرُبا مناظر کا خیال تصوّر محبوب میں خلل ڈال دے۔ محبوب کے تصوّر سے ہٹنا فقیر کے لیے قابلِ قبول نہیں بلکہ وہ ایسی جنت سے دوزخ کے عذاب کو بہتر تصوّر کرتا ہے۔ ان کی کوشش ہوتی ہے کہ ان کی عبادت عوام النّاس کی نظروں سے اوجھل رہے تاکہ ریاکاری و دکھاوے کا عنصر شامل نہ ہو ان کی توجہ محبوب سے ہٹنے نہ پائے۔ آپ فرماتے ہیں:

دل اندر ،دریاؤ فریدا کندھی لگ کیہ پھریں
ٹبھی مار منجھاہیں، منجھوں ہی مانک لہمیں

ترجمہ: اے فرید تیرے دل میں حقیقتِ الٰہیہ کا دریا بہہ رہا ہے اور تو ہے کہ اس سے بے خبر باہر کنارے پر خدا کو ڈھونڈ رہا ہے۔ ہمّت اور جرأت سے کام لیتے ہوئے اپنے دل کے دریا میں غوطہ لگا تاکہ انمول موتی ہاتھ میں آئے۔ ۳۵

بابا فرید الدّین گنج شکرؒ اہلِ تصوّف کے علمبردار ہیں جنہوں نے سلوک کی منازل طے کرتے ہوئے اہلِ علم کو اس منزل سے آشنا کیا۔ فنا فی اللہ اور فنا فی الرّسول کی منازل کا ذکر اپنی شاعری میں جابجا کرتے ہیں اور عشقِ حقیقی کی اس منزل تک انسان کو پہنچا دیتے ہیں جو انسانیت کی معراج ہے۔ یہی بابا صاحب کے کلام کی وہ خصوصیت ہے جو انہیں دیگر شعراء سے ممتاز کرتی ہے۔

تجزیہ واستدلال:

جنوبی ایشیاء میں اسلام پھیلانے میں علماء و صوفیائے کرام نے جو کردار ادا کیا وہ کسی تعارف کا محتاج نہیں۔ صوفیائے کرام کے مختلف سلاسل دین اسلام کی ترویج کے لیے دامے، درمے اور سخنے کوشاں رہے۔ ان اکابرین کی ایک اہم خصوصیت یہ نظر آتی ہے کہ وہ عام افراد میں گھل مل گئے اور انہوں نے ان ہی کے رنگ میں ڈھل کر تبلیغ اسلام کا فریضہ سرانجام دیا۔ بابا فریدؒ اس لیے بھی ممتاز مقام کے حامل رہے ہیں کہ انہوں نے عام فہم انداز میں شاعری کا سہارا لیتے ہوئے تصوّف کے رنگ بکھیرے اور اہلِ تصوّف کے لیے پنجابی شاعری میں وہ بنیاد فراہم کی جس پر اہلِ علم پنجابی شاعری کی عظیم الشّان عمارت تعمیر کر سکتے ہیں۔

شاعری میں اپنے پیغام کو پہنچانے کا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ وہ عام و خاص میں مقبول ہو جاتی ہے کیونکہ نثر کو یاد رکھنا ممکن نہیں جبکہ شاعری نہ صرف بآسانی یاد کر لی جاتی ہے بلکہ سائلین یاد کرنے کے ساتھ ساتھ اس سے سلوک کی منازل بھی طے کرتے ہوئے روحانیت کے مدارج بآسانی عبور کر لیتے ہیں۔

یہی وجہ ہے کہ صدیاں گزر جانے کے باوجود آج بھی نہ صرف مسلمان ان کے کلام سے روح

کی تسکین کرتے ہیں بلکہ دیگر مذاہب کے لوگ بالخصوص سکھ مت کے ماننے والے بابا صاحب کو ان کی شاعری ہی کی وجہ سے اپنا روحانی پیشوا تصوّر کرتے ہیں۔

بابا صاحب کی اشلوک میں ہمیں دنیا کی بے ثباتی کا ذکر ملتا ہے تو وہیں دنیا کی حقیقت بھی ظاہر ہوتی ہے۔ وہ جہاں زندگی گزارنے کے گر سکھاتے نظر آتے ہیں تو وہیں آخرت کی کامیابی کا فارمولا بھی واضح کر دیتے ہیں۔ ان کی شاعری سے انسان جہاں خوف و غلامی سے آزاد ہو جاتا ہے تو وہیں وہ اپنی ذات کے اندر جھانک کر اپنی ذات کا تجزیہ کرنے کا ہنر بھی سیکھ لیتا ہے وہ اپنی شاعری میں جہاں معاشرتی عدم توازن جیسا اہم موضوع ہمارے سامنے آشکارہ کرتے ہیں وہیں مساواتِ انسانی، تکریم انسانیت، توحید، عرفانِ نفس ،خدمتِ خلق جیسے اہم موضوعات کو اپنے اشعار میں اسطرح سمو دیتے ہیں کہ انسان دنیا کی عارضی زندگی چھوڑ کر اپنا تعلق ذاتِ حقیقی سے جوڑ لیتا ہے۔ ان کی شاعری کا ایک کمال یہ ہے کہ انہوں نے اپنی شاعری کی بنیاد میں محبت کی چاشنی شامل کی ہے۔ عاشق کی طرح صوفی بھی ایک محبوب کا متلاشی رہتا ہے لیکن چونکہ صوفی کا محبوب جسم اور جسمانیت سے پاک اور حدودِ زباں و مکاں سے آزاد ہوتا ہے۔ بابا صاحب کی شاعری میں محبوبِ حقیقی کا رنگ جگہ جگہ بکھرا نظر آتا ہے اور وہ محبوبِ حقیقی کی تلاش میں سرگرداں نظر آتے ہیں۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ بابا صاحب کی شاعری کو محفوظ بنانے اور اس پر تحقیق کرنے کے لیے محقّقین اپنا کردار ادا کریں تاکہ ان کی شاعری کے وہ راز اور تصوّف کے وہ مسائل جس کا ادراک اب تک نہ ہو سکا اس سے عوام النّاس مستفیض ہو سکیں۔ اس سلسلے میں پنجابی ادبی بورڈ، حکومتِ پنجاب اور حکومتِ پاکستان کو اہم کردار ادا کرنا چاہیے۔ یہ ہماری بد نصیبی ہے کہ ہم نے اتنی اہم شخصیت پر تحقیق کرنے کے بجائے ان کے مزار کو اپنی آمدنی کا ذریعہ بنا لیا ہے جو اہلِ علم کے لیے باعثِ ندامت ہے۔

حوالہ جات

۱۔ پروفیسر سید صفی حیدر تصوّف اور اُردو شاعری ساگر اکیڈمی لاہور ۱۹۴۸ ص ۸۶
۲۔ علامہ عالم فقری تذکرہ اولیائے پاکستان شبیر برادرز لاہور ۱۹۷۸ ص ۲۸۹
۳۔ ابو احمد غلام حسن قادری شرح دیوان فرید گنج شکر المعروف فیضان فرید مشتاق بک کارنر لاہور ص ۳۰
۴۔ علامہ عالم فقری تذکرہ اولیائے پاکستان شبیر برادرز لاہور ۱۹۸۷ ص ۲۹۱
۵۔ ایضاً ص ۲۹۲
۶۔ ابو احمد غلام حسن قادری شرح دیوان فرید گنج شکر المعروف فیضان فرید مشتاق بک کارنر لاہور ص ۳۲
۷۔ علامہ اخلاق حسین دہلوی حضرت محبوبِ الٰہی ضیاء القرآن پبلیکیشنز لاہور ۲۰۰۴ ص ۸۷

۸۔ ایضاً ص ۳۵
۹۔ پروفیسر محمد یونس حسرت کلام بابا فرید گنج شکر بک ہوم لاہور ۲۰۱۵ ص ۲۰
۱۰۔ ایضاً ص ۲۱
۱۱۔ سید افضل حیدر فرید، نانک، بُلّھا، وارث، دوست پبلیکیشنز اسلام آباد ۲۰۰۳ ص ۱۳۰
۱۲۔ پروفیسر سید صفی حیدر تصوّف اور اُردو شاعری ساگر اکیڈمی لاہور ۱۹۴۸ ص ۴۰
۱۳۔ ابو احمد غلام حسن قادری شرح دیوان فرید گنج شکر المعروف فیضان فرید مشتاق بک کارنر لاہور ص ۲۵۷
۱۴۔ حاجی محمد انور چشتی نظامی ابیاتِ گلدستہ فرید ناشر پیر صوفی غلام محی الدّین چشتی نظامی پاکپتن ۲۰۱۷ ص ۱۳۳
۱۵۔ ابو احمد غلام حسن قادری شرح دیوان فرید گنج شکر المعروف فیضان فرید مشتاق بک کارنر لاہور ص ۹۵۸
۱۶۔ ایضاً ص ۹۶۱
۱۷۔ حاجی محمد انور چشتی نظامی ابیاتِ گلدستہ فرید ناشر پیر صوفی غلام محی الدّین چشتی نظامی پاکپتن ۲۰۱۷ ص ۵۴
۱۸۔ ایضاً ص ۵۷
۱۹۔ ڈاکٹر امجد علی بھٹّی کلام بابا فرید نیشنل بک فاؤنڈیشن اسلام آباد ۲۰۱۵ ص ۳۷
۲۰۔ جاوید اقبال ستّار روح الکلام الفیصل پبلیکیشنز لاہور ۲۰۱۲ ص ۹۷
۲۱۔ پروفیسر سید صفی حیدر تصوّف اور اُردو شاعری ساگر اکیڈمی لاہور ۱۹۴۸ ص ۵۷
۲۲۔ سید افضل حیدر زندگی نامہ بابا فرید گنج شکر دوست پبلیکیشنز اسلام آباد ۲۰۰۳ ص ۱۵۳
۲۳۔ حاجی محمد انور چشتی نظامی ابیاتِ گلدستہ فرید ناشر پیر صوفی غلام محی الدّین چشتی نظامی پاکپتن ۲۰۱۷ ص ۲۴
۲۴۔ پروفیسر محمد یونس حسرت کلام بابا فرید گنج شکر بک ہوم لاہور ۲۰۱۵ ص ۱۰۰
۲۵۔ حاجی محمد انور چشتی نظامی ابیاتِ گلدستہ فرید ناشر پیر صوفی غلام محی الدّین چشتی نظامی پاکپتن ۲۰۱۷ ص ۴۷
۲۶۔ جاوید اقبال ستّار روح الکلام الفیصل پبلیکیشنز لاہور ۲۰۱۲ ص ۱۴۱
۲۷۔ حاجی محمد انور چشتی نظامی ابیاتِ گلدستہ فرید ناشر پیر صوفی غلام محی الدّین چشتی نظامی پاکپتن ۲۰۱۷ ص ۱۰۶
۲۸۔ پروفیسر سید صفی حیدر تصوّف اور اُردو شاعری ساگر اکیڈمی لاہور ۱۹۴۸ ص ۱۵۲
۲۹۔ جاوید اقبال ستّار روح الکلام الفیصل پبلیکیشنز لاہور ۲۰۱۲ ص ۲۹۱
۳۰۔ ایضاً ص ۴۲۷
۳۱۔ پروفیسر سید صفی حیدر تصوّف اور اُردو شاعری ساگر اکیڈمی لاہور ۱۹۴۸ ص ۲۹
۳۲۔ رسالہ حقیقتِ اسلام لاہور جون ۱۹۳۳ ص ۴۳
۳۳۔ سید افضل حیدر فرید، نانک، بُلّھا، وارث، دوست پبلیکیشنز اسلام آباد 2003 ص ۸۹
۳۴۔ جاوید اقبال ستّار روح الکلام الفیصل پبلیکیشنز لاہور ۲۰۱۲ ص ۴۰۳
۳۵۔ ایضاً ص ۵۱۷

ڈاکٹر رمضان بامری شرف شادؔ
شعبہ فارسی، کراچی یونیورسٹی

جدید ایرانی ناول کے تاریخی پس منظر

HISTORICAL PERSPECTIVE OF MODERN IRANI NOVEL

Abstract

The tradition of Persian novel and fiction is very old. In fact, the history of novel writing in the modern Persian literature can be traced to over a century. The Persian novel-writing is rich with the translations of novels of other languages, particularly the European languages. The Persian novels cover a wide range of topics, which included: history, politics, social, romanticism, biography, psychological, progressive, enlightenment, wars, resistance, rural and urban life etc. The common and suspense novels are also popular in the modern Persian literature. In the Persian novel writing, one may trace various examples of modernism, post-modernism, independent thinking and travelogues of ancient stories. The modern novels include both the simple, easy as well as difficult and complex language. Moreover, the Persian literature comprise five periods. It is due to the worst political situation, several novelists have used fictitious names, and have come on the surface after the Iranian Revolution. Furthermore, it can be noted that the pace of modern novel-writing in Persian has increased after the Revolution.

ایران ایک قدیم اور تاریخی ملک ہے۔ اگر تاریخ کی اوراق گردانی کی جائے تو یونان کے ساتھ ایران کا نام بھی آتا ہے۔ چاہے سیاسیات و معاشیات کا ذکر ہو یا ادبیات کا۔ ایران کی زبان فارسی ہے۔ فارسی زبان کی قدامت و وسعت تاریخ ایران کی طرح قدیم اور وسیع ہے۔ فارسی زبان میں داستان گوئی کی روایت

بہت قدیم ہے جو صدیوں پر مشتمل ہے۔ جدید ایرانی ادب میں بھی داستان گوئی کی روایت ناول اور افسانے کی صورت میں تقریباً ایک صدی پر مشتمل ہے۔ فارسی ناول اور افسانے کی ایک درخشاں تاریخ رکھنے کے ساتھ اُسلوبیات اور موضوعات کی رنگارنگی لئے ہوئے ہے۔ یہ رنگارنگی نہ صرف فارسی فکشن کو دلچسپ اور معیاری بناتی ہے بلکہ تحقیق و تجزیئے کے مختلف در بھی کھولتی ہے۔ عالمی زبانوں کی طرح فارسی زبان وادب میں بھی کچھ زندہ و جاوید تخلیقات ہیں جو شاہکار کہے جاسکتے ہیں۔ مگر فارسی زبان میں کچھ کمتر حیثیت اور معمولی ادب کی اہمیت بھی اپنے پہلو میں ایک لسانی افادیت لئے ہوئے ہے وہ یہ ہے کہ فارسی سیکھنے والے غیر ملکیوں کے لئے اس میں ذخیرہ الفاظ کا گنج گرانمایہ موجود ہے۔ لہٰذا یہ حقیقت اپنی جگہ مسلم ہے کہ مجموعی طور پر ایرانی داستانوی ادب کا سرمایہ نہایت ہی قدر و قیمت کا حامل ہے۔

علاقے کی دیگر زبانوں کی طرح فارسی زبان میں جدید ادب کے شاخسانے بھی یورپی ادبیات سے ملتے ہیں۔ فارسی میں یورپی علم وادب اور خصوصاً داستانوی ادب کے تراجم کی تاریخ بھی تقریباً ایک صدی پُرانی ہے۔ ایران میں ترجمے کی روایت جامع، ٹھوس اور بے حد مقبول ہے۔ وہاں حیرت انگیز تیزی سے دنیا و جہان کے شاہکار اور تازہ ترین ادبیات تسلسل اور ترجمے کی توسط سے فارسی میں منتقل ہو رہے ہیں۔ چونکہ وہاں کے علمی وادبی حلقوں اور تحقیقی وتدریسی مراکز میں ترجمہ کو تخلیق اور تحقیق سے کمتر نہیں سمجھا جاتا، اس لئے مترجموں کی صف میں بڑے بڑے مشاہیر کے نام بھی ملتے ہیں۔ مغربی ادب کے تراجم کی رفتار، مقدار اور کافی حد تک معیار کے لحاظ سے بھی مشرقی دنیا میں کوئی ایران کی برابری نہیں کر سکتا۔ ترجمے کی اس قابل رشک روایت نے ابتدا سے لیکر موجودہ دور تک فارسی ناول کی آبیاری کی اور اس کے موضوع اور اُسلوب پر جہت در جہت اثرات مرتب کیے۔(1)

ایران کی تمام بڑی نیورسٹیوں اور درس گاہوں میں داستانوی ادب کی نظری تعلیم و تربیت کے ساتھ ساتھ باقاعدہ عملی تربیت بھی دی جاتی ہے۔ اکابر ادیبوں کے خصوصی درس منعقد ہوتے ہیں اور وہ طلبہ کو اپنے فنی اور تکنیکی تجربات سے آگاہ کرتے ہیں۔ اس تربیتی نظام کے تحت داستان نگاروں کی ایک نسل علمی و عملی تہذیب و پرداخت کا مرحلہ طے کر چکی ہے اور دوسری نسل پروان چڑھ رہی ہے۔ اس کے علاوہ بہت سے نیم سرکاری اور نجی ادارے بھی داستان نگاروں کو تربیت فراہم کرتے رہتے ہیں۔ داستانوی ادب کے مصنفین کی اپنی تنظیمیں بھی ہیں جو تنقیدی نشستیں کرتی ہیں۔

ایران میں ادبی رسائل جن میں ہفتہ وار، پندرہ روزہ، ماہانہ، سہ ماہی، اور شش ماہی عمدہ اور تحقیقی مواد شائع ہوتے ہیں اور قارئین ان سے کماحقہ استفادہ کرتے ہیں۔ ان ادبی و تحقیقی رسائل میں بعض داستانوی ادب ہی کے لئے مخصوص ہیں۔

ایران میں کتابوں کی اشاعت کی صورتحال دوسرے ہمسایہ ممالک مقابلے میں کافی بہتر رہی ہے۔ ملک میں شرح خواندگی کی سطح بلند ہے۔ عوام کی اکثریت میں مطالعے کا ذوق اور کتاب دوستی کا جذبہ بہ درجہ اتم موجود ہے۔ کتاب سے محبت ایرانیوں کی تہذیبی روایت کا حصہ تصور کیا جاتا ہے، جسے ان کا ثقافتی حافظہ کبھی فراموش نہیں کرتا۔ ادبی کتابیں کثرت سے شائع ہوتی ہیں اور عموماً نوجوانوں کے ہاتھوں میں کتابیں نظر آتی ہیں یا وہ اپنا بیشتر اوقات کتب خانوں میں گزارتے ہیں۔ ناولوں اور افسانوں کی مانگ بہت زیادہ ہے۔ منجھے ہوئے ادیبوں کی بات اپنی جگہ، نوجوان اور تازہ دم ادیبوں تک کی کتابوں کے کئی کئی ایڈیشن ہاتھوں کے ہاتھ بک جاتے ہیں۔(2)

ایسی فضا میں داستانوی ادب کی طبع زاد تخلیق اور تراجم کے ساتھ ساتھ اس پر داستانوی ادب کو تحقیق و تجزیہ اور تنقید و تبصرہ کا موضوع بناتے رہتے ہیں۔ عالمی اور ایرانی ناول اور افسانے کی تاریخ اور اس کی مرحلہ بہ مرحلہ تکنیکی پیش رفت کے جائزوں پر مشتمل کتابوں اور مقالات کے علاوہ اہم ناول نگاروں اور افسانہ نویسوں کے احوال و آثار پر جداگانہ تحقیقی و تنقیدی کتابیں شائع ہونے کے علاوہ متفرق مضامین بھی شائع ہوتی رہتی ہیں۔(3) اس سلسلے میں جمال میر صادق (1933)، حسن عابدینی (1953) رضا براھنی (1935) رضا سید حسینی، عبدالعلی دست غیب، محمد علی سپانلو (1940)، محمود کیانوش (1937) نجف دریابندری (1930) اور ھوشنگ گل شیدی (2000) کی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ ایرانی ناول اور افسانے کے نئے تنقید نگاروں میں آذر نفیسی، تقی مدّرسی، جواد اسحاقیان، سیروس پرہام، شہریار مندنی پور، صالح حسینی، علی فردوسی، قاسم ہاشمی نژاد، کورش اسدی، محمد باقر مومنی، محمد مختاری مشیت علایی، مھدی قریب، ناصر ایرانی، ناصر زراعتی اور یوسف اسحاق پور اہم ہیں۔(4)

ایرانی ناولوں میں تاریخی، سیاسی، معاشرتی، رومانوی، فکری، سوانحی، نفسیاتی، ترقی پسندانہ، جنگی، مزاحمتی، دیہاتی اور شہری پس منظر اور ماضی آفرینی جیسے تمام موضوعات ملتے ہیں۔ عامیانہ اور جاسوسی ناول بھی کافی مقبول ہیں۔ ایرانی ناول نگاری میں قدیم قصہ گوئی کا روایتی انداز بھی وافر مقدار میں موجود ہے۔ باایں ہمہ، فطرت نگاری، حقیقت نگاری، علامت نگاری، ھئیت پسندی، جدیدیت، مابعد جدیدیت، آزاد تلازمہ خیال اور سیلانِ ذہنی کی مثالیں بھی ملتی ہیں۔(5)

ان ناولوں کی زبان و بیان میں بھی نیرنگی نظر آتی ہے۔ کہیں ادبی اور شاعرانہ نثر ہے اور کہیں عام بول چال کی زبان۔ سادہ و سلیس عبارتیں بھی ہیں، مشکل پیچیدہ حاشیہ آرائی بھی۔ مختصر جملے اور بر محل مکالمے بھی دیکھے جاسکتے ہیں اور بے ربط و بے معنٰی اور طویل جملے اور مکالمے بھی ہیں جو نہ صرف پڑھنے والے کی طبع پر گراں گزرتے ہیں بلکہ تخلیق کی کہانی پن کو بھی مجروح کرتی ہیں۔ ان میں معیاری ادبی زبان

بھی جھلکتی ہے اور مختلف علاقائی بولیوں کی آمیزش کے نمونے بھی ہیں۔(6)انقلاب سے پہلے اور فوراً بعد کے اکثر ناولوں میں زیادہ تر کوچہ و بازاری رائج عام زبان استعمال کی گئی ہے جس کی درست تفہیم غیر اہلِ زبان لوگوں کے لیے نہایت مشکل ہے۔البتہ آج کل اس حوالے سے تازہ ترین رُجحان یہ نظر آرہا ہے کہ ناول نگاری بیشتر کتابی یا شُستہ ادبی زبان کی طرف مائل ہے۔اس کی بدولت ملکی سرحدوں سے باہر بھی ان حلقہ قارئین وسعت پذیر ہے۔

ایرانی داستانوی ادب کے آغاز وارتقاء کا سو سال منظر نامہ پانچ ادوار پر مشتمل ہے۔ان رُجحان ساز مراحل کا تعین داستانوی ادب کے اہم محققین نے ایران کے مختلف سیاسی، سماجی، فکری اور ادبی احوال و کوائف کے پیش نظر کیا ہے۔ان ادوار کے سنین یہ ہیں:(7)

۱۔1895 سے 1941

۲۔1941 سے 1953

۳۔1953 سے 1961

۴۔1961 سے 1979

۵۔1979 سے 2005

ایران کی سیاسی بیداری کی مشہور تحریک انقلاب مشروطیت(1904)نے اس ملک اور قوم کی سیاسی، ثقافتی، اور ادبی تاریخ پر غیر معمولی، ھمہ گیر اور دیرپا اثرات مرّتب کیے۔(8)سیاسی اور فکری آزادی کی اس طویل جدوجہد کے زیر اثر ایرانیوں کو دور جدید میں ادب کی اہمیت کا اندازہ ہوا۔وہ روسی اور فرانسیسی ادب کے ذریعے جدید اصنافِ ادب سے واقف ہوئے۔انہیں سادہ نثر نگاری کی افادیت کا احساس ہوا اور یہی اسلوب اپناتے ہوئے انہوں نے نثر میں ناول، افسانے، اور ڈرامے جیسی نئی اصناف متعارف کروائیں۔اس سلسلے میں جو لوگ پیش قدم نظر آتے ہیں۔وہ ہجرت کر جانے والے یا سیاسی جلاوطنی اختیار کرنے والے روشن خیال دانشور یا تجارت پیشہ اہل فکر و نظر تھے۔

اس کا آغاز میرزا فتح علی اخوند زادہ (1812-1875)کی ایک تاریخی داستان" حکایت یوسف شاہ" کے فارسی ترجمے سے ہوا۔یہ ناول نما کہانی آذر بائیجانی زبان میں لکھی گئی تھی، جس کو میرزا جعفر قراجہ داغی نے 1873ء میں ترجمہ کر کے شائع کیا تھا۔1880 کے بعد ایران میں یورپی ناولوں کے تراجم کی اشاعت بھی شروع ہو گئی۔چونکہ اس عہد کے ترجمہ نگاروں کا فکری اور ذوقی معیار بہت بلند اور وسیع نہیں تھا، اس لیے زیادہ تر دوسرے تیسرے درجے کے ناولوں کے تراجم کیے گئے۔اس سلسلے میں ایک قاجاری شہزادے محمد طاہر میرزا(1839-1900)کے تراجم "کنت مونت کریستو" (1895)

اور " سہ تفنگ دار" (1899) بہت اہم ہیں۔(9)

استنبول میں مقیم ایک تاجر حاج زین العابدین مراغہ ای (1911-1839) کے "سیاحت نامہ ابراھیم بیگ" (جلد اول ۱۸۹۵ء، جلد دوئم ۱۹۰۶ء، جلد سوئم ۱۹۱۰ء) کو ایرانی ناول کا نقطہ آغاز قرار دیا جاسکتا ہے۔(10) قفقاز میں مقیم ایک معروف تاجر عبدالرحیم طالبوف (1910-1837) کے ناول مسالک المحسنین (۱۹۵۰) اور " سفینہ طالبی" یا "کتابِ احمد" کی اہمیت بھی مسلم ہے۔ یہ کتابیں موضوع اور اُسلوب کی تازگی اور سادہ دل پذیری کے حوالے سے فارسی کے داستانوی ادب کی بنیاد شمار ہوتی ہیں۔(11)

اس کے بعد میرزا آقا خان کرمانی (1896-1854) کے ناول "آئینہ سکندری" (1906) اور محمد حسن خان اعتماد السطنہ (1895-1846) کے "خلسہ" یا " انحطاط ایران" (1892) کو شایع ہوا، جو کہ فارسی ادب کی تاریخ میں ایک عمدہ اور تاریخی ناولوں کا آغاز ہوا۔ اس سلسلے میں ایک قاجاری شہزادے میرزا محمد باقر خسروی (1937-1919) کا ٹرائیولوجی " شمس و طغریٰ" (1908) اور عبدالحسین صنعتی زادہ کرمانی (1973-1894) کا دو جلدی ناول "رام گستران" (1925-1920) اور " کرمانی نقاش" (1926) بہت مقبول ہوئے۔ اس ضمن میں چند اور اہم ناول اور ان کے مصنفین یہ ہیں:(12)

(۱) مظالم ترکان خاتون (1926) از حیدر علی کمالی (1936-1859)

(۲) شھربانو (1931) از رحیم زادہ صفوی

(۳) دلیران تنگستان (1931) از محمد حسین رکن زادہ آدمیت (1973)

معروف ادیب اور محقق زین العابدین موئتمن (1914) کا ناول "آشیانہ عقاب" (1939) جو کہ حسن بن صباح کے بارے میں ہے۔ اس ناول کو عبدالحلیم شرر نے فارسی سے اردو میں 1959 میں ترجمہ کیا ہے۔(13)

بہت کم لوگوں کو معلوم ہے کہ جدید فارسی شاعری کے بانی "نیما یوشیج" (1959-1897) نے بھی آٹھ مختصر ناول لکھے تھے مگر بوجوہ ضائع کر دیے(14)، البتہ ان کے افسانے کتابی شکل میں " کندوھائی شکستہ" کے نام سے سن 1971ء میں شایع ہوئے ہیں۔ نیما یوشیج کے ایک ناول "حسنک وزیر غزنہ" اور ایک ناولٹ " مرقد آقا" بھی شایع ہوا۔

انیسویں صدی کی دوسری دھائی میں سماجی اور معاشرتی ناولوں کا باقاعدہ آغاز ہوا۔ اس دور میں مرتضیٰ مشفق کاشانی (1977-1920) کا ناول "تھران مخوف" (1922) ان میں سرفہرست ہے۔

(15)اس سلسلے میں عباس خلیلی کے ناول " روزگارِ سیاہ") 1944ء(اور "انتقام") (1925اور "اسرارِ شب" 1926)ء(اور اسی طرح یحیٰ دولت آبادی کا ناول " شہرناز" (1925)احمد علی خداددادہ تیموری کے ناول "روزِ سیاہ کارگر"(1926)محمد مسعود کے ناول " تفریحاتِ شب" (1932)اور "درِ تلاشِ معاش" (1933)اور اشرفِ مخلوقات"(1934)اور ربیع انصاری کا "جنایاتِ بشر" یا" آدم فروشانِ قرن بیستم" (1929)تقریباً تیس برس کی عمر کے لگ بھگ خودکشی کرنے والے جہانگیر جلیلی کا ناول " من ھم گریہ کردام "(1932)اور مشہور اُستاد اور محقق ادیب اور شاعر سعید نفیسی)متوفی(1965کے ناول " فرنگیس"(1931)اور " نیمہ راہ بھشت" (1952) جو کہ بہت مقبول ہوئے۔ محمد حجازی)متوفی 1973)ناولوں میں سے " ھما(1928)" پری چہرہ" (1952)اور " زیبا" (1933)کو بھی بہت پذیرائی ملی۔ محمد حجازی کی تخلیقات اپنی خوبصورت ادبی نثر کی وجہ سے نہ صرف ایران بلکہ پاکستان کے تدریسی حلقوں میں بھی بہت سراہی جاتی ہیں اور ان کی زیادہ تر افسانہ اور ناول (داستانِ کوتاہ) کراچی یونیورسٹی شعبہ ءفارسی کے سلیبس میں بھی شامل ہیں۔ ان کی تکنیک اور مجموعی تاثر کے اعتبار سے ان کی تخلیقات غیر معمولی قرار نہیں پاتیں۔(16)

مشہور افسانہ نگار صادق ھدایت(1902)جنہوں نے سن 1951میں خودکشی کی تھی، عظیم ناول " بوف کور"1936))کو تحریر فرمایا جو کہ حقیقی معنوں میں پہلا جدید ایرانی ناول کہا جاسکتا ہے۔(17)جدید عالمی فکری وفنّی معیار کے حامل اس ناول کا پیرایہ سررئیلسٹک ہے۔ دُنیا کی اکثر بڑی زبانوں میں اس کا ترجمہ ہو چکا ہے اور ملک وبیرون ملک میں اس کے بہت سے تحقیقی، تنقیدی اور تجزیاتی مطالعے ہوئے ہیں۔ اس ناول نے ایرانی داستان نگاروں پر دیرپا اثرات چھوڑے اور بہت سے اہل قلم نے شعوری اور غیر شعوری سطح پر اس کی تقلید کی۔ اس کے زیر اثر لکھی جانے والی تخلیقات کو آج بھی "ادبیات بوف کوری" کہا جاتا ہے۔(18)یہ بھی حقیقت ہے کہ ایران کے داستانوی ادب پر فکری وفنّی لحاظ سے " بوف کور" کے فنّی اثرات بھی مرتب ہوئے اور اس کے پیشتر مقلدین معیاری تخلیقات سامنے لانے میں کامیاب نہیں ہوئے۔

اُس دور سے لیکر ایران کے اسلامی انقلاب(1979)تک بہت سے ایسے جدید ناول نگار پیدا ہوئے جنہوں نے فارسی ناول میں نئے رجحانات متعارف کرائے، اپنے اسلوب کی الگ شناخت منوائی اور انقلاب کے بعد کے ناول نگاروں کی دو نسلوں کو بلاواسطہ یا بالواسطہ متاثر کیا۔ ان میں مندرجہ ذیل ادیب مختلف حوالوں سے نمایاں ہیں:(19)

(ا) بُزرگ علوی ۔ (1909-1994)کا ناول "چشمِ ھاش" (1952)،" سالاری ھا "(

1978)" موریانہ" (1993)

(۲) صادق چوبک۔(1916-1998)کا ناول" تنگسیر" (1965)،"سنگِ صبور" (1966) ۔ان دونوں ناول نگاروں نے ایران کی سیاسی،اجتماعی،اور معاشی حالات نہایت عمدگی سے تنقید کی ہے۔

نامور روشن خیال،دانشور جلال آل احمد(1923-1969)اعلیٰ درجے کے افسانہ نویس اور ناول نگار بھی تھے۔ان کے ناول "مدیر مدرسہ"(1958)،"نون والقلم" (1961)اور" نفرینِ زمین" (1967)اہم ہیں،"نفرین زمین" پہلا ایرانی ناول ہے جس میں دیہاتی زندگی اور اس کے مسائل کو بہترین پیرائے میں موضوع بنایا گیا ہے۔انہوں نے 1963ء میں ایک ناول بعنوان" سنگی بر گودی" بھی لکھا تھا جو ان کی وفات کے بعد سال 1981 میں شایع ہوا تھا۔(20)

جلال آل احمد کی بیوی ڈاکٹر سیمیں دانشور(1921)کا شاہکار ناول بعنوان" سووشون" (1969)تحریر کیا جو کہ اب تک سب سے زیادہ فروخت ہونے والا فارسی زبان کا ناول قرار پایا ہے۔مختلف زبانوں میں اس کے کئی ترجمے بھی ہو چکے ہیں۔(21)اس اعتبار سے سیمین دانشور ایران کی پہلی خاتون ناول نگار قرار پاتی ہیں۔عالمی داستانوی ادب سے اپنی بے پناہ دلچسپی کی بناپر انہوں نے نامور مغربی افسانہ نگاروں اور ناول نویسوں کے شاہکار تخلیقات کے تراجم کیے جو اپنی مثال آپ ہیں۔ان کے بعد کے ناول" جزیرہ سر گردان(1993)اور"سار بان سر گردان" (2001) بھی بہت اچھے اور عمدہ ناولوں میں شمار ہوتے ہیں۔(22)

غلام حسین ساعدی(1925-1985)ماہر نفسیات تھے۔ان کے افسانوں اور ناولوں میں ماہر نفسیات کی حیثیت سے ان کا مشاہدہ اور تجزیہ اوج پر دکھائی دیتا ہے۔" توپ" (1969)"غریبہ در شہر"(1990)اور "تماتار خندان" (1994)ان کے بہترین ناول ہیں(23)۔ان کے ہاں خیالی، تمثیلی اور سر رئیلسٹک رجحانات پائے جاتے ہیں۔بعد کے کئی اہم ناول نگار اسلوب اور زبان کے حوالے سے ان کے مقلدین میں شمار ہوتے ہیں۔

علی افغانی(1925)کا ناول" شوھر آھو خانم"(1961)بہت مشہور اور مقبول ہوا۔اس کا موضوع رومانوی ہے مگر اس کی مجموعی ساخت و پرداخت رومانوی ناولوں کی سی نہیں۔انہوں نے بعد میں کئی ناول لکھے جن میں کوئی بھی فنّی اور اسلوبی اعتبار سے اعلیٰ معیار کا حامل نہیں۔ان میں سے" شادکامانِ درہ قرۃ سو" (1966)اور" شغلم" میوہ بھشتیہ" (1972)اسی طرح" سین دخت" (1981) ،" بافتہ ھائی رنج" (1982)اور" دکتر بکشاش" (1985)قابل توجہ ہیں۔(دکتر بکتاش از داستان

رابعہ خضداری کہ یکی از شعرائی معروف بلوچستان (خضدار) است کہ عاشق غلام بنام بکتاش می شود)(24) یعنی ڈاکٹر بکتاش کی داستان رابعہ خضداری جو کہ فارسی زبان کی پہلی خاتون شاعرہ ہیں جو کہ اپنی غلام بکتاش پر عاشق ہوئی ہیں۔

تقی مدّرسی (1932-2000) بھی غلام حسین ساعدی کی طرح ماہر نفسیات اور بہت کامیاب ناول نگار تھے۔ ان کا ناول " یکلیا و تنھایی او" (1955) اور " شریف خان" (1965)، آدم ھائی غایب (1989) اور اسی طرح "آدابِ زیارت" (1989) ان کے مقبول ناول ہیں۔ لیکن ان کی شہرت " یکلیا و تنھایی او" سے ہی ہوا ہے۔ انہوں نے شاعرانہ اسلوب میں آسمانی صحیفوں کی جیسی زبان اپنی ناولوں میں استعمال کرنے کا تجربہ کیا اور اچھے ناول تخلیق کرنے میں کافی حد تک کامیاب رہے۔(25)

بھرام صادقی (1936-1984) کا ناول " ملکوت" (1961) بھی ایک قابل توجہ کاوش ہے، جس میں بڑی عمدگی سے طنزیہ اسلوب اختیار کیا گیا ہے جو کہ زیادہ عام لوگوں میں مشہور ہوا ہے۔ (26)

ہوشنگ گلیشیری (1937-2000) کا " شازدہ احتجاب" (1968) عالمی سطح کا ایک کامیاب ناول ہے۔ داخلی خود کلامی اور شعور کی رو کے پیرائے میں لکھے جانے والے اس ناول کو مغرب و مشرق میں بجا طور پر پذیرائی حاصل ہوئی۔ ان کے بعد کے ناول " برگمشدہ راعی" (1977) " آئینہ ھای دردار" (1992) اور " جن نامہ" (1998) بھی معیاری ناول ہیں۔ گلشیری نے ان میں اپنا سابقہ معیار برقرار رکھا لیکن موضوع، تکنیک، اور اسلوب میں کوئی خاص پیشرفت نہ کر سکے۔(27) عالمی داستانوی ادب سے ان کی ماہرانہ آگاھی انہیں ہم عصر ناول نگاروں سے ممتاز کرتی ہے۔ فارسی زبان کے داستانوی ادب کے فروغ اور ادبی تنقید اور داستانوی ادب کی تعلیم و تربیت کے سلسلے میں ان کی گرانقدر خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔

ایرانی انقلاب (1979) کے بعد بعض ایسے لکھاریوں کے ناول شایع ہوئے جو اس سے پہلے اپنی شناخت بنا چکے تھے مگر ان کی نئی تخلیقات میں خود انہی کا قائم کردہ فکری و فنی معیار برقرار نہ رہ سکا یا اس میں کوئی قابل ذکر ارتقا نہ ہوا۔ ان میں غلام حسین ساعدی، بزرگ علوی، ہوشنگ گلشیری اور علی محمد افغانی شامل ہیں۔(28) کچھ ناول نگار ایسے بھی ہیں جن کا تخلیقی سفر تو انقلاب ایران سے شروع ہو چکا تھا۔ مگر ان کی اصل شناخت اور شہرت انقلاب کے بعد شایع ہونے والے ناولوں کی مرہونِ منّت ہے۔ ان میں احمد محمود، محمود دولت آبادی، جمال میر صادقی اور اسماعیل فصیح نمایاں ہیں۔

احمد محمود (1931-2002) کا شمار عہد جدید کے معروف ترین ناول نگاروں میں ہوتا ہے۔

ان کا ناول'' ھمسایہ ھا'' (1973)''داستانِ یک شہر''(1981)'' زمین سوختہ'' (1982)''مدار صفر درجہ''(1993)اور'' درخت انجیر معابد'' (2000)بہت کامیاب اور مقبول ناول ہیں۔ان کے ہاں کہانی کی ساخت بہت جاندار اور زبان و بیان فصیح و بلیغ ہوتا ہے۔ان کے فکر و فن پر خاصا تحقیقی کام ہو چکا ہے۔(29)

معاصر ایرانی ناول نگاروں میں عالمی سطح پر سب سے زیادہ شہرت محمود دولت آبادی (1930)کے حصے میں آئی۔دس سے زائد زبانوں میں ان کی تخلیقات کے ترجمے ہو چکے ہیں۔انہوں نے یورپ اور امریکہ کے بیسیوں یونیورسٹیوں اور علمی و ادبی مراکز میں خطبات بھی دیے ہیں۔''کلیدر'' جیسا عظیم اور شاندار ناول ان کا شہکار ہے۔دس جلدوں اور تقریباً ساٹھ نمایاں کرداروں پر مشتمل یہ ناول 1978 سے 1983 کے درمیانی سالوں میں تخلیق ہوا۔اسے ایرانی عوام کا نثری'' شاہنامہ'' قرار دیا جاتا ہے۔(30) ان کے دوسرے اہم ناولوں میں '' اوسنہ بابا سُبحان ''(1970)'' گاوارہ بان'' (1971)'' سفر'' (1972)'' باشبیرو'' (1973)'' عقیل عقیل'' (1973)'' ازخم چنبر''(1977)،''جائی خالی سلوچ''(1979)'' آھوی بخت من گزل''(1988)'' دراقلیم باد'' (1990)'' روزگار سپری شدہ مردم سالخوردہ''(1991)اور'' سلوک''(2003)شامل ہیں۔ان ناولوں میں زیادہ تر دیہاتی زندگی کے مسائل بیان کیے گئے ہیں۔تکنیک، کرداروں اور زبان کے پیرایوں میں بھت تنوع ہے۔'' کلیدر''پر تاحال تین تحقیقی کتابیں لکھی جاچکی ہیں۔دولت آبادی کے فکر و فن پر پانچ مستقل کتابیں بھی شایع ہو چکی ہیں۔(31)مختلف رسائل و جرائد میں ان پر لکھے جانے والے مضامین یکجا کیے جائیں تو ہزاروں صفحات کا مجموعہ مرتب ہو سکتا ہے۔

جمال میر صاقی (1933)بھی ایران میں معاصر کے بہت نمایاں ناول نگار ہیں۔ان کے ناولوں کے نام یہ ہیں:(32)

(۱) شب چراغ(1974)

(۲) درازتای شب(1980)

(۳) آتش از آتش از آتش(1983)

(۴) کلاغ ھا و آدم ھا(1989)

تاہم ان کا بہترین ناول'' بادھا خبر از تغییر فصل می دادند'' (1983)ہے۔(33)

اسماعیل فصیح (1934)کا نام انقلاب ایران کے بعد سامنے آنے والے ناول نگاروں میں سر فہرست ہے۔ان کے ناول'' ثریا در اغما'' (1983)'' زمستان ۶۲''(1987)'' شھباز و جغدان''(

1990)،" فرار و فروھر "(1993)،" بادھ کہن" (1993)،" اسیر زمان") (1993اور " پناہ بر حافظ "(1997)ایران کے مقبول ترین ناولوں میں شمار ہوتے ہیں۔(34)

1979عیسوی میں ایران اپنی تاریخ کے سب سے بڑی فکری، سیاسی و سماجی انقلاب سے گذرا۔ (35)صدیوں سے سیاسی استحصال اور معاشرتی مفاسد کا نشانہ بنے رہنے اور انقلاب کے فوراً بعد عالمی سطح تنہا کر دیے جانے اولی اس ملت کو اپنی قومی زندگی کے ابتدائی برسوں میں سازش، جنگ، دفاع، شھادت، قید و بند، گمشدگی، جسمانی معذوری، نظریاتی کشمکش، شکست و کامیابی اور ان کے نتیجے میں پیدا ہونے والے طرح طرح کے سیاسی، معاشرتی، اقتصادی، خاندانی اور نفسیاتی مسائل کا سامنا کرنا پڑا۔ یہ تمام مسائل بہت سے ناولوں کا موضوع بنے۔ قومی تاریخ کے اس حساس ترین دور سے متعلق یہ ناول بہت اہمیت کے حامل ہیں۔ یہ ناول دو طرح کے ہیں۔ پہلی قسم کے ناولوں میں گہری جذباتیت اور شدید نظریاتی وابستگی پائی جاتی ہے۔ ان میں محسن مخملباف(1958)کے ناول "حوض سلطون" (1983)اور " باغ بلور"(1986)" اکبر خلیلی(1946)کا"ترکہ ھائی درختِ آلبالو"(1983)اور قاسم علی فراست کا" نخل ھای بی سر" (1983)انیسہ شاہ حسینی کا" توپ چنار"(1992)، علی موذنی(1958)کا" کانوش دارو"(1991)اور رضا امیر خانی(1973)کا" ارمیا" (1995)قابل ذکر ہیں۔(36)دوسری طرز کے ناولوں میں یہ تمام تلخیاں زیادہ حقیقت پسندانہ اور ہنرمندانہ انداز میں بیان کی گئی ہیں۔ ایسے ناولوں میں احمد محمود اور محمود دولت آبادی اور اسماعیل فصیح کے ناولوں کے علاوہ محمود گلاب درہ ای(1939)کا"اسماعیل اسماعیل" (1981)جواد مجابی(1939)کا"شبِ ملخ" (1990)اور حسین فتاحی کا" عشق دو سال ھائی جنگ" (1993)نمایاں ہیں۔ یہ ناول سماجی اور معاشرتی نوعیت کے ہیں۔ ان کے موضوعات، بُنت، اور زبان سادہ ہے۔ لب و لہجہ کہیں کہیں طنزیہ اور تنقیدی ہے۔ بیشتر اسلوب حقیقت نگاری ہے لیکن بعض ناولوں میں علامتی پیرایہ بیان اور سررئیلزم کے اثرات بھی ملتے ہیں۔(37)

ایرانی دانشوروں اور خاص طور پر داستانوی ادب کے لکھاریوں میں بیرون ملک نقل مکانی اور ہجرت کی روایت رائج رہی ہے۔ سید محمد علی جمال زادہ، غلام حسین ساعدی، بزرگ علوی، اور صادق چوبک وغیرہ جیسے مشاہیر انقلاب سے پیشتر ہی ملک سے باہر تھے۔(38)انقلاب اور جنگ کے پس منظر میں بہت سے لوگ سیاسی اور نظریاتی اختلاف اور ذاتی سانحات کے نتیجے میں ایران کو چھوڑ کو یورپ، امریکہ اور دیگر ممالک میں آباد ہو گئے۔ ان میں سے بعض تخلیق کاروں نے مہاجرت کے مصائب، نامانوس تہذیبوں کے مسائل، وطن اور ماضی کی یاد اور مستقبل کی غیر یقینی اندوہناکی کو موضوع بنایا۔ ان میں مسعود نقرہ کار(1953)کا ناول " بچہ ہای اعماق "(1991)، گلی ترقی(1939)کا ناول " عادت ھای غریب آقای

الف در غربت"(1992)اور مصطفیٰ فرزانہ کاناول" چادر درد" (1982)اہم ہیں۔ایران میں موجود بعض ناول نگاروں نے بھی ہجرت زدگی کے موضوعات پر کامیاب ناول لکھے۔(39)

ایران جدید میں خواتین کی اکثریت معاشرے کا فعال حصہ ہے۔زندگی کے ہر شعبے میں خواتین کا نمایاں کردار ادا کررہی ہیں۔انقلاب کے بعد یہ نمایاں تبدیلی دیکھنے میں آئی کہ داستانوی ادب کی طرف خواتین کا رحجان بہت بڑھ گیاہے۔آج کل ایران کے مقبول ترین ناول نگاروں میں کئی خواتین شامل ہیں۔ اس سلسلے میں سب سے معتبر نام سیمین دانشور کا ہے۔ان کے علاوہ شہر نوش پارسی پور(1938)، غزالہ علی زادہ(1948)، جس نے1996ء میں خودکشی کی تھی۔ میزوروانی پور(1954)اور فرشتہ ساری(1954)کے نام اہم ہیں۔(40)شہرنوش پارسی پور کے ناول" طوبٰی و معنای شب" (1988)اور" عقل آبی" (1993)غزالہ علی زادہ کے ناول" دومنظر" (1984)خانہ ادریسی ھا(1992)اور" شب ھای تھران"(1999)میزوروانی پور کے ناول" اھل عراق"(1989)" دل فولاد"(1990)اور" کولی کنارِ آتش" (1999)اور فرشتہ ساری کے ناول" مروارید خاتون"(1990)، " جزنیلی نیلی"(1993)اور" میترا" (1998)قابل ذکر ہیں۔دیگر خواتین اہل قلم کے مندرجہ ذیل ناول بھی بہت مقبول ہیں:(41)

(۱) خاطرہ حجازی	درشبِ یلانی	1992
(۲) سپیدہ شاملو	انگار گفتہ بوی لیلی	2000
(۳) فتانہ حاج سید جوادی	بامداد خمار	1995
(۴) مہناز شہاب	سہ ہزارو یک شب	1989
(۵) فریدہ گلو	حکایت روزگار	1994
(۶) مہناز کریمی	رقص چنین	1991

گھریلو خواتین کے لیے عام معاشرتی اور رومانوی ناول لکھنے والی خواتین میں فہیمہ اور نسرین ثامنی سب سے نمایاں ہیں لیکن ان کا فنی اور ادبی معیار معمولی ہے۔

ایران کے موجودہ خواتین ناول نگاروں میں سے میزوروان پور کے ناول جدید عالمی معیار کے حامل ہیں اور اگران کا تخلیقی سفر اسی ذوق و شوق سے جاری رہا تھا تو سیمین دانشور کے بعد یقیناً انہی کا نام سرفہرست ہوگا۔ منیروروانی پور کا حلقہ قارئین خاصا وسیع ہے اور داستانوی ادب کے بیشتر ایرانی نوآموزان کی تخلیقات سے مسحور ہیں۔

حوالہ جات/منابع

1۔ آثار علی اشرف درویشیان، در بوتہ نقد۔ از جعفر کازرونی، تھران ۱۳۸۸، ش
2۔ آدینہ، ویژہ نامہ امان وامان نویسی در ایران پس از انقلاب، تھران، ۱۳۶۹، ش
3۔ آشنایی باصادق ھدایت، ازم۔ فرزانہ۔ تھران ۱۳۸۳، ش
4۔ ادبیات داستانی، قصہ داستانِ کوتاہ، رمان از: جمال میر صادقی، تھران، تھران ۱۳۶۶، ش
5۔ از صباتانیما، از یحیٰ آرین پور، تھران، ۱۳۵۱، ش
6۔ بررسی شعر و نثر معاصر فارسی، از محمود کیانوش، تھران، ۲۵۳۵، شاھنشاھی۔
7۔ بوف کور ھدایت؛ از: دکتر محمد علی ھمایون کاتوزیان، تھران، ۱۳۷۳، ش
8۔ بہ سوی داستان نویسی بومی؛ از عبدالعلی دست غیب، تھران، ۱۳۲۶، ش
9۔ بیدار دلان در آئینہ، معرفی و نقد آثار احمد محمود، از احمد آقائی، تھران، ۱۳۸۳، ش
10۔ بیست سال بالکلیدر، از عباس شیر محمدی، تھران، ۱۳۸۰، ش
11۔ پیدائش امان فارسی۔ از: کریستف بالائی۔ ترجمہ مھوش قویمی و شیرین خطاء۔ تھران، ۱۳۸۸، ش
12۔ تصویر زن در داستان نویسی انقلاب اسلامی، از: زہرہ زواریان، تھران، ۱۳۷۰، ش
13۔ چون سبوی تشنہ، تاریخ ادبیات فارسی، از دکتر محمد جعفر یاحقی، تھران، ۱۳۷۳، ش
14۔ داستان نویسان جنگ در ایران، از حسین حلاّد، تھران، ۱۳۸۲، ش
15۔ داستان نویس ھای نام آور معاصر ایران، از جمال میر صادقی، تھران، ۱۳۸۲، ش
16۔ داستان ھای نویسندگان زن در ایران بعد از انقلاب، از مجلہ ایران شناسی، امریکہ، ۱۳۸۱، ش
17۔ داستان یک روح، شرح و متن بوف کور ھدایت، از دکتر سیروس شمیسا، تھران، ۱۳۸۱، ش
18۔ در پیرامون امان، از: احمد کسروی۔ تھران، ۱۳۲۴، ش
19۔ امان امروز، از رضا سید حسینی، تھران، ۱۳۷۱، ش
20۔ امان و عصر جدید در ایران، از علی محمد حق شناسی، تھران، ۱۳۷۵، ش
21۔ امان ھای معاصر فارسی، از میر صادق، تھران، ۱۳۸۳، ش
22۔ سرچشمہ ھای داستان کوتاہ فارسی، از کریستف بالائی، ترجمہ از کریمی حکاک۔ تھران، ۱۳۶۶
23۔ صد سال داستان نویسی ایران، از حسن میر عابدینی، تھران، ۱۳۷۳، ش
24۔ عناصر داستان، از جمال میر صادقی، تھران، ۱۳۶۴، ش
25۔ فرھنگ داستان نویسان ایران، از حسن میر عابدینی، تھران، ۱۳۶۹، ش
26۔ فرھنگ قصہ نویسان ایرانی، از جان گرین، ترجمہ محمود حسن آبادی، مشھد، ۱۳۸۳، ش
27۔ قصہ نویسی، از رضا براھنی، تھران، ۱۳۲۸، ش

28۔ کلیدر، رمانی حماسہ عشق، از جواد اسحاقیان، تھران، ۱۳۸۳، ش
29۔ گزارہ ھایی در ادبیات معاصر ایران، از دکتر علی شظیمی، تھران، ۱۳۸۳، ش
30۔ گزیدہ دہ سال داستان نویسی در انقلاب اسلامی۔ از ابراہیم حسن بیگی، تھران، ۱۳۶۸، ش
31۔ گفتگو با احمد شاملو، از محمد علی۔ تھران، ۱۳۷۲، ش
32۔ مانیز مردمی ھستیم، از، امیر حسن چھل تن، تھران، ۱۳۶۸، ش
33۔ نظریہ امان و ویژگی ھایی امان فارسی، از محمد رفیع محمودیان، تھران، ۱۳۸۲، ش
34۔ نقد آثار بزرگ علوی، از عبدالعلی دست عیب، تھران، ۱۳۵۷، ش
35۔ نقد آثار بہ آذین، از عبدالعلی دست عیب۔ تھران، ۱۳۵۷، ش
36۔ نقد بررسی امان کلیدر، از محسن بابایی، مشھد، ۱۳۸۳، ش
37۔ نقد و تفسیر آثار دولت آبادی، از: محمد رضا قربانی، تھران، ۱۳۷۳، ش
38۔ نقد و سیاحت، از: دکتر فاطمہ سیاح، توس، ۱۳۵۳، ش
39۔ نقش ادبیات، داستان در تبین و تشبیب ارزش ھای جنگ، از علی موذنی، تھران، ۱۳۸۳، ش
40۔ نگاہ آماری بہ قصہ ھای جنگ، از: حسین حداد، تھران، ۱۳۸۳، ش
41۔ نویسندگان پیشرو ایران، از محمد علی سپانلو، تھران، ۱۳۶۹، ش

ڈاکٹر یاسمین سلطانہ
اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ اُردو،
وفاقی اُردو یونیورسٹی، کراچی۔

امیر مینائی کی نعت گوئی

NAAT GOEE OF AMEER MEENAI

Abstract

Ameer Minai is known for his Ghazal, Qaseeda and Masnavi in the world of Urdu literature. No doubt he showed his expertise in such kind of literature but Ameer Minai's part of poetry which is Naat Goi is still hidden and critics of urdu literature could not glance over it sufficiently. Ameer Minai showed his perfection in Naat Goi and transmitted it at highest excellence along with other kinds of literature. Because he belongs to the religious family and after following of Hazrat Ameer Shah he inclined toward Mysticism and religious aspect of ethics dominated over him and he was also influenced by Mohsin Kakori. So his natural abilities and aptitudes inclined him toward Hand and Naat. Major part of his Naat lies in the shape of Ghazal and he increased poetic nature of Naat in the taste of Ghazal.

نعت، رُسول پاک ﷺ کی ذات بابرکت کو موضوع سخن بنانا ہی نعت گوئی ہے۔ چونکہ نعت کا موضوع ایک ایسی ذات گرامی سے وابستہ ہے، جس کی عظمت لامحدود اور جس کی وسعت بے پایاں ہے اس لیے یہ موضوع اپنے اندر ایک خاص دلکشی رکھتا ہے۔ اس موضوع سخن میں اپنے محبوب حضور اکرم ﷺ سے عشق و محبت کی وارفتگی اور والہانہ پن کا بے نظیر اظہار ملتا ہے۔ عربی میں نعت کا بیشتر حصہ رُسول اکرم ﷺ کی وفات کے بعد کہا گیا اور اس لحاظ سے اسے مرثیہ سے تعبیر کرنا چاہیے تھا۔ لیکن یہ صورت نہیں ہے۔ یہی حال فارسی اور اُردو نعت کا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ رُسول ﷺ اور دیگر

بزرگانِ دین کے ساتھ یہ خصوصیت رہی کہ ان کی حیات ارضی کے بعد بھی خطاب کا طرز وہی رکھا گیا جو ایک زندہ کے لیے ہوتا ہے۔ دوسرے یہ کہ آپ کا اصلی حیات ہونا صاحبِ ایمان کے نزدیک مسلم ہے اور آپ کی وساطت سے بزرگانِ دین کا حیات جاودانی حاصل کر لینا بھی عقیدت ہے۔ ۱؎

اُردو شاعری میں نعت کے لیے کوئی مخصوص ہیئت مقرر نہیں ہے بلکہ مختلف ہیئتوں میں نعت کے موضوع کو برتا گیا ہے۔ مثلاً قصیدہ، مثنوی، غزل، رباعی، قطعہ، مسدس، مخمس وغیرہ میں سے کسی بھی ہیئت میں نعت کہی جاسکتی ہے۔ اب نعت گوئی میں زبان وبیان اور شاعری کے جملہ محاسن سے استفادہ کرنا اور معائب سے بچنا شاعری کی صلاحیتوں پر منحصر ہے۔ اُردو ادب کے آغاز میں ہمیں نعت کی باقاعدہ کوئی الگ صنف نظر نہیں آتی۔ بلکہ اُردو کے کلاسیکی شعرائے کرام کے دواوین کا مطالعہ کیا جائے تو یہ التزام ملتا ہے کہ حمد و نعت سے ان کا آغاز ہوتا ہے۔ البتہ شعرائے کرام نے مدحت سرورِ کونین ﷺ کو میلاد النبی ﷺ کے جلسوں میں صلوٰۃ وسلام کی صورت میں تخلیق کیا ہے۔ اس کے بعد شعرا نے قصیدہ، مثنوی، غزل اور دیگر ہیئتوں میں عشقِ رسول ﷺ کا اظہار کرنے لگے۔ معاشرتی و تہذیبی تبدیلی نے نعت کے مضامین میں جدید رنگ بھر دیے۔ نعت گو شعرائے کرام نے حضور اکرم ﷺ نے جمالِ کردار، حسن حیات اور تقدسِ اخلاق کو موضوع بناتے ہوئے نعت کے کینوس کو وسیع کیا۔ اب یہ صنف تبرک نہیں، عشق وعقیدت اور سیرت مطہرہ کی جلوہ گری کو ادب کے پر وقار معیار کی معراج بنا چکی ہے۔ ۲؎

اُنیسویں صدی کا دور اُردو ادب کا زریں دور کہلاتا ہے۔ اس دور نے ہمیں دیگر شعرا کے ساتھ ساتھ امیر مینائی جیسا مایہ ناز شاعر بھی عطا کیا۔ جنھوں نے شاعری میں دیگر اصناف کے ساتھ ساتھ نعت گوئی میں بھی اپنا کمال دکھایا۔ یہ وہ دور تھا جب نعت فکر وفن کے اعتبار سے کمال کی بلندیوں کو چھو رہی تھی۔ محسن کاکوروی اور امیر مینائی نے نعت کی فنی فکری تشکیل کی۔ امیرؔ نے ایک تو مذہبی گھرانے میں آنکھ کھولی اور پرورش پائی دوسرے حضرت امیر شاہ کے حلقہ ءارادت میں آکر اس میں تصوف کا میلان پیدا ہوا اور اخلاق کا دینی پہلو غالب آیا۔ اس پر محسن کاکوری کے اثرات نے ان پر اپنا رنگ جمایا اس لیے ان کی فطری استعداد اور ذوق اکتساب نے انہیں حمد و نعت پر مائل کیا۔

غزل جو نعت میں کہتے ہیں وہ مقبول ہوتی ہے
م کہہ کہہ کر اُس پر صاد کرتے ہیں۔ ۳؎

امیرؔ مینائی کی حمد و نعت کا زیادہ حصہ غزل کی ہیئت میں ہے۔ نعت کو تغزل کی چاشنی دے کر امیرؔ نے اس کی شعری کیفیت میں اضافہ کر دیا ہے۔ غزل جو ایک لطافت زبان وبیان ہوتی ہے۔ اس کے

تلازمات میں جو فن و مصنوی جمال ہوتا ہے، اس کے تلازے کو برقرار رکھتے ہوئے نعت کہہ کر امیرؔ نے ایک ایسی کیف آفریں فضا پیدا کر دی ہے جو روح کو وجہ میں لے آتی ہے۔ ۴؎

انھوں نے نعتوں نے غزل کے علاوہ دیگر اصناف شعری و ہیئت بھی استعمال کی ہے۔ مثلاً قصیدہ، مثنوی، رباعی، مخمس، سدس، ترجیع بند تضمسین وغیرہ وغیرہ۔

نعت کا موضوع رسول اکرم ﷺ کی ذات والاصفات ہے۔ اللہ تعالیٰ نے حضور سرور عالم ﷺ کو مصنوی حسن کے ساتھ ساتھ ظاہری حسن و جمال سے بھی نوازہ تھا، مینائی نے سرکار دو عالم ﷺ کے مبارک تذکرے میں آپ ﷺ کے حسن و جمال کو جابجا اپنی نعت کا موضوع بنایا۔

سوا تیرے جتنے حسیں ہیں جہاں میں
کوئی تندُ خو ہے کوئی جنگ جو ہے

جو بے داغ لالہ جو بے خار گل ہے
وہ تو ہے وہ تو ہے وہ تو ہے وہ تو ہے۔ ۵؎

حضور ﷺ کے مسکرانے کو کھلتے ہوئے پھولوں سے تشبیہ دے کر اپنے جذبات کا اظہار یوں کرتے ہیں۔

جب کھلا پھول کوئی باغ جہاں میں تو مجھے
یاد آئے لبِ خندانِ رسول عربی ﷺ

حلقے میں رسولوں کے وہ ماہِ مدنی ہے
کیا چاند کی تنویر ستاروں میں چھپی ہے۔ ۶؎

امیرؔ نے نعت میں تقدس، شیر نبی اور پاکیزگی کو برقرار رکھتے ہوئے اشعار کی فنی خوبیوں کو برتا ہے۔ نعت کی بنیادی اہمیت کہنے والے کے جذبوں کی صداقت ہے۔ اچھی نعت اس وقت تک نہیں کہی جاسکتی جب تک شاعر کے دل میں حضور پاکؐ کی محبت اور اطاعت کا جذبہ آباد نہ ہوا گر دل ان جذبوں سے خالی ہو تو محض لفاظی کبھی نعت کا حق ادا نہیں کر سکتی۔ امیرؔ نے نعت میں حضورؐ سے والہانہ محبت و عقیدت کا اظہار کیا ہے۔

نہ حوروں سے مجھے مطلب نہ جنت کی مجھے خواہش
مری آنکھیں ہوں اور تیرا نظارہ یا رسول اللہ ﷺ ۷؎

تیری راہ میں خاک ہو جاؤں مر کہ
یہی میری حسرت یہی آبرو ہے ۸؎

عشق رسول ﷺ میں سرشار نعت گو اپنے عجز اور ایمان، تعلقِ خاطر اور خلوص سے لبریز اشعار پیش کرتے اور علم و آگہی کے چراغ جلاتے۔ یہ ایسے مدحت نگار بھی تھے جن کے دل میں رحمت عالم ﷺ کی محبت کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی۔ ان کے ہاں دکھاوا اور بڑائی کی خواہش نہیں تھی۔ قرآن وحدیث کا مطالعہ گہرا تھا پھر وہ اس بات سے بھی خوف زدہ رہتے تھے کہ کوئی ایسا حوالہ، ایسی ترکیب اور ایسی تشبیہ واستعارہ نہ استعمال ہو جائے جو اِن کے لیے عذاب کا موجب بنے، اس لیے ان کے کلام میں غلّو و تعلّی نہ تھی۔ اسی وجہ سے ان کے ہاں موضوعات و مضامین کی فراوانی نہیں۔ مگر جوں جوں معاشرتی و معاشی ترقی ، عملی تفوق، مغربی تہذیب اور اسلام دشمن، مغرب کی جابرانہ اور وسعت پرستانہ حرص و ہوس پھیلیں تو نعت گو کے ہاں بھی مضامین کے جدید رنگ سامنے آنے لگے۔ محسنِ انسانیت ﷺ کی زندگی کا ہر پہلو زمانے کی ضرورت بنتا گیا۔ چنانچہ اسوۂ حسنہ یا اخلاقِ حسن کے گہر ہائے گراں مایہ نعت کے کینوس پر چمکنے لگے۔۹؎

حضور پاک ﷺ نے اپنے قول و عمل سے پوری انسانیت کے لیے مثال قائم کی۔ جس میں دیگر صفات کے ساتھ ساتھ عدل وانصاف کی عمدہ مثال قائم کی۔ انسانی معاشرہ میں عدل وانصاف کی اہمیت کسی سے پوشیدہ نہیں۔ پھر اخلاقِ حسنہ میں عدل وانصاف ایسا پُر بہار پھول ہے کہ جس کی خوشبو سے تقویٰ معراج کمال کو پہنچتا ہے۔ امیر مینائی نے حضور اکرم ﷺ کے کردار کے اس مظہر سے اپنی نعت کو مزیّن کیا۔

عادل اس شاہِ عجم سا نہ ہوا تھا جب تک
کبھی شاہین سے واقف نہ تھی میزان عرب ۱۰؎

کس درجہ عدل ہے کہ ہوئے سب جہاں سے
آثارِ ظلم ، دہشتِ شاہِ زمن سے دور ۱۱؎

اللہ پاک نے تمام پیغمبر کی فطرت میں صدق وراست گفتاری ودیعت کی ہے۔ اور پیغمبر آخر الزماں ﷺ کی صداقت وراست بازی کی گواہی کو آپ کے بدترین دشمن یعنی کفّار ومکہ دیا کرتے تھے۔ اہل مکہ حضور ﷺ کو صادق وامین کے نام سے پکارا کرتے تھے۔ حضور ﷺ کے کردار کے اس پہلو کو امیر مینائی سے نعت میں یوں بیان کیا ہے۔

فلک الجھتا ہے کیا ایسے راست بازوں سے
کمانِ کج نہ کرے راستی میں تیر سے بحث ۱۲؎

حضور اکرم ﷺ کے اخلاق حسنہ کے تمام تر صفات نعتوں میں جگہ نہ پاسکے کیونکہ نبی پاک ﷺ کے کردار کی تمام خوبیوں کو نعت میں سمجھنا آسان نہیں۔امیر مینائی نے ان صفات کو نعت میں بیان کیا جن کی روشنی میں ہمارے معاشرے میں کچھ سدھار پیدا ہو۔ آج کا معاشرہ افراتفری کا شکار ہے۔ ہر طرف مفلسی کے بادل چھارہے ہیں۔دن بدن مفلسی کی شرح بڑھتی جارہی ہے۔ غریب، غریب تر اور امیر ، امیر تر ہوتا جارہا ہے دولت جمع کرنے کی ہوس نے لوگوں کے دلوں کو قفل لگادیا، بے بس ، کمزور اور مفلسوں کے لیے دلوں میں گنجائش نہیں رہی ۔ یہاں تک کہ لوگ نامساعد حالات سے تنگ آکر اپنی زندگیوں کا خاتمہ کررہے ہیں۔ان حالات میں اخلاق نبوی ﷺ کی جود وسخا بے بہا صنفِ نعت میں اپنا بہار دکھاتی ہے۔امیر مینائی نے سرورِ کائنات ﷺ کی فیاضی اور فراخ حوصلگی کو نعت میں اُجاگر کرکے معاشرتی اصلاح کا فریضہ بھی انجام دیا۔

ٹکڑوں سے پَل گئے سب جتنے تھے اہل حاجت
شاہ و گدا نے پائے حضرتؐ کے در سے صدقے۔۱۳؎

حِلم تھا حضرت ﷺ کی گھٹی میں پڑا
تھیں حلیمہ نام دائی آپ کی۔ ۱۴؎

محسن انسانیت نے خلق خدا سے محبت کی جو مثالیں قائم کیں اس کا ذکر امیر مینائی یوں کرتے ہیں۔

یتیموں کے وارث غریبوں کے والی
میں بے بس ہوں بے کس ہوں مجھ کو بچالے۔۱۵؎

بگڑے ہوئے سنور گئے، ڈوبتے پار اتر گئے
میری بھی کشتی اب ہو پار ، میری طرف بھی دیکھے ۔
چشم کرم ہے خلق پر اب تو ادھر بھی ایک نظر
میں ہوں پیادہ ، سب سوار میری طرف بھی دیکھے۔۱۶؎

پیغمبر اسلام میں جتنی حلم، سخاوت ، مروت ومحبت تھی اتنی ہی شجاعت بھی جہاں عفوودر گزر سے کام لیتے وہیں ضرورت پڑنے پر دشمنوں کو زیر بھی کرنا ان کے کردار کی خوبی تھی۔ بے شمار غزوات میں دشمنوں سے کم تعداد ہونے کے باوجود حضور ﷺ کی قیادت میں مسلمانوں نے فتح و کامرانی حاصل کی۔ حضور اکرم ﷺ کی شجاعت کا ذکر امیرؔ مینائی نے اپنی نعت میں یوں کیا ہے۔

عا نج ہوا یہ رعبِ ت دم
تبرد
آئے بھی پہلوان تو میدان سے پھر گئے۔ ۱۷؎

—

کیا سیہ شم کستو یا پھوڑے خلیم سیکھی وں میں
ناقوس کیسے کیسے زنّار کیسے کیسے۔ ۱۸؎

—

آئے تھے سامنے تو لرزتے تھے دست وپا
غالب تھی کافروں پہ یہ ، ہیبت رسول ﷺ کی
کیا جلد قبصہ شرق سے تہا لچکتیں ب
کرلیا
تھی کہکشاں کہ تیغ شجاعت رسول ﷺ کی ۔۱۹؎

اہل اسلام کے عقیدے کے مطابق حضور اکرم ﷺ روز قیامت مومنوں کی شفاعت فرمائیں گے۔ اس حوالے سے خود ربِّ کائنات نے ارشاد فرمایا:

"اور اگر جب وہ اپنی جانوں پر ظلم کریں تو اے محبوب ﷺ تمہارے حضور حاضر ہوں پھر اللہ سے معافی چاہیں اوُر رسول ﷺ ان کی شفاعت فرمائیں تو ضرور اللہ کو بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان پائیں گے۔"(النساء:٦٤)

حضور کونین ﷺ کی طرف سے شفاعت کی نوید مسلمانوں کے لیے بہت بڑی تقویت کا باعث ہے۔ جس کا ذکر امیرؔ مینائی نے اپنی متعدد نعتوں میں مختلف انداز میں بیان کیا ہے۔

آپ ہیں شافع اُمم عام ہے آ پ کا
کرم
میں ہوں بہت شکستہ حال میری خبر بھی لیجئے۔ ۲۰؎

مجرم جو مجھے حشر میں پائیں گے نبیؐ، لب حرفِ شفاعت میں ہلائیں گے نبی ﷺ
عاشق کہلا کے میں جلوں دوزخ میں بخشا ہے شرف تو بخشوائیں گے نبی ﷺ ۲۱۔

قرآن حکیم میں حضور ﷺ کے محامد و محاسن اور نعت وثنا کے سلسلے میں رب ذوالجلال نے اپنی محبت رسول ﷺ کے وہ گوہر لٹائے ہیں، جن پر زبان وبیان کی تمام لطافتیں اور عقیدت واحترام کی جملہ حلاوتوں کو قربان کرنے کو جی چاہتا ہے۔ ۲۲۔

اللہ کا اس کے محبوب سے محبت کو مینائی صاحب نے یوں رقم کیا ہے۔

اللہ کے محبوب سے ہے عشق کا دعویٰ
بندوں کا بھی کیا حوصلہ اللہُ غنی ہے۔ ۲۳۔

سورۂ بنی اسرائیل میں ارشاد باری ہے:

ترجمہ: "پاک ہے وہ جو اپنے بندے کو راتوں رات لے گیا مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک، جس کے گرد اگر ہم نے برکت سے رکھی ہے کہ ہم اسے اپنی عظیم الشان نشانیاں دکھائیں۔" (بنی اسرائیل: 1)

اللہ پاک نے جو عظمت اپنے محبوب حضور ﷺ کو بخشی وہ کسی پیغمبر یا نبی کو حاصل نہیں ہوئی۔ یعنی معراج حضور اکرم ﷺ کا حرم پاک سے مسجد اقصیٰ کی طرف جانا، وہاں سے آسمانوں پر جانا اور پھر اس مقام میں جانا جہاں کا تصور بھی خلق کے بس کی بات نہیں۔ وہاں مورد رحمت و کرم ہونا اور انعامات الہیہ اور حضائص نعم سے سرفراز ہونا، جنت و دوزخ کی سیر اور افضل و برتر علوم کا میسر آنا اور دوسرے اعزاز و اکرام سے سرفراز ہونا ۲۴ اور دیگر جو تفصیلات روایات میں بیان ہوئی ہیں۔ امیر مینائی کے نعتیہ کلام میں اس واقعات کا ذکر متعدد بار مختلف انداز میں ہوا ہے۔ دیکھیے

جبرئیلؑ بُراق اُن ﷺ کے لیے عرش سے لائے
معراج کے رتبے میں بھی ہیں شاہِ ہدیٰ خاص ۲۵

تھا یہ اللہ کو منظور کہ معراج کی
شب
خلوتِ خاص میں تنہا شہِ صفدر پہنچیں ۲۶۔

حضرت چلے سوار جو ہوکر بُراق پر
تا سدرہ جبرائیلؑ امین تھے رکاب میں ۲۷۔

معراج کے علاوہ بھی سرور کونین ﷺ کو دوسرے معجزات عطا کیے گئے۔ جن میں شق القمر کا معجزہ بھی ہے۔ رب جلیل نے اپنے محبوب کے مقام و مرتبہ اور شان محبوبیت کو پیش نظر رکھتے ہوئے انھیں اپنی نبوت کی صداقت بیان کرنے کے لیے ایسے معجزات سے سرفراز کیا۔ اکثر نعت گو حضرات نے حضور اکرم ﷺ کے اسوۂ حسنہ کے ساتھ ساتھ ان معجزات کا ذکر بھی کیا ہے۔ مینائی صاحب کہتے ہیں۔

معجزہ شقُ القمر کا ہے عیاں تیغِ شمس سے
چاند کو کس نے نہ دیکھا فی الحقیقت نصف نصف ۲۸۔

محبت کا ایک لازمی تقاضا یہ بھی ہے کہ محبوب کے ساتھ ساتھ اس سے نسبت رکھنے والی ہر چیز سے محبت ہو جاتی ہے۔ بالخصوص اس کا گھر، اس کا شہر اور اس شہر کے گلی کوچے، در و دیوار، غرض ہر چیز محبوب معلوم ہو جاتی ہے اس نسبت سے حُب رسول ﷺ کا ایک لازمی تقاضا مدینہ منورہ کی محبت ہے۔۳۸۔

امیرؔ مینائی کے نعتیہ کلام میں دلکشی کا ایک پہلو مدینہ منورہ کی تعریف و توصیف بھی ہے۔ مدینے کی زیارت کا شوق اور اس سے محبت کا اظہار مختلف رنگ میں نظر آتا ہے۔

عجب جگہ میں مدینہ ہے جہاں رحمت برستی ہے
زیارت کو ہماری روح مدت سے ترستی ہے۔ ۲۹۔

—

کہیں رضواں لینا جنت سے بہتر ہے
میری آنکھ میں ہر مکانِ مدینہ ۳۰۔

—

ہند سے کوئی کہیں جائے یہی کہتا ہوں
کہ مسافر یہ مدینے کی طرف جاتا ہے۔ ۳۱۔

اہل عرب کے مقابلے میں ہندوستانیوں کو مدینہ طیبہ کی زیارت کے مواقع کم ملتے تھے۔ انھیں طویل سفر کی صعوبتوں سے گزر کر مدینے کا دیدار نصیب ہوتا تھا۔ اس لیے اُردو شاعری میں مدینے کی زیارت کا ذکر بڑے سوز و گداز کے ساتھ کیا گیا ہے۔ مینائی صاحب کے دل میں بھی مدینے کی زیارت کی

خواہش سلگ رہی تھی لیکن دوری نے انھیں مجبور کر دیا تھا۔ اور جب زیارتِ طیبہ کی دولت ہاتھ آئی تو انھوں نے اس حاضری کے دوران اپنے دل کی ایک ایک کیفیت کو شعر کی شکل ڈھالا مدینے کے شہر، وہاں کی گلیوں میں برسنے والے نور کی حسین منظر کش کی۔

روضۂ پاک میں شب ضبطِ نفس کرتے ہیں
اس گلستاں میں دبے پاؤں صبا آتی ہے ۔۳۲۔

—

رہتی ہے زبان پر صفت شان مدینہ
ہوں مرغ نو اسنج گلستان مدینہ
جنت ہے حقیقت کچھی طرکمپلکن لہر
طو بائے جناں، سرو خیابانِ
مدینہ ۳۳۔

نعت گوئی میں امیرؔ مینائی کا لہجہ عصری ادبی رجحانات سے ہم آہنگ ہے۔ انھوں نے غزل کے خارم میں نعت گوئی کی بڑی عمدہ مثالیں پیش کی ہیں۔ انھوں نے خالص غزل کے لہجے میں نعتیہ کلام کو کس خوبی سے سمویا ہے کہ غزل کا آہنگ اور اسلوب کو برتتے ہوئے نعتیہ تاثر پوری طرح قائم رکھا ہے کہ نعت کے اشعار پر غزل کا گمان ہونے لگتا ہے۔

چمن میں گلگت کو جو آؤ اور اپنے رخ سے نقاب اٹھاؤ
لٹا دے اپنی بہار ساری ابھی عروس بہار تم پر

—

غریب عاشق جو رو برو ہو قصور ترکِ ادب عفو ہو
کہ دیکھ لیتا جب یہ تم کو تو آہی جاتا ہے پیار تم پر ۳۴۔

ہر عہد کی اپنی حسیاتی لہریں ہوتی ہیں جو ادب میں اپنی نمود پاتی ہیں۔ کسی عہد کے تمام ادب میں یہ لہریں مشترک لہجوں اور خاصی حد تک ہم آہنگی کے روپ میں جلوہ گر ہوتی ہیں۔ اپنی بات کے بہتر ابلاغ کے لیے شعر اَنئی نئی تشبیہات نئے نئے استعارات اور نئی نئی علامات تراشتے ہیں۔ مجرد خیال کو تشبیہاتی پیکر وں اور علامتی شکلوں سے مزین کر کے جب شاعر قرطاس پر بکھیرتا ہے تو قاری ان تشبیہات اور علامتوں کے راست استعمال کی وجہ سے شعر کو تصویری آئنے میں دیکھنے اور سمجھنے کے قابل ہو جاتا ہے۔۳۵۔

امیرؔ مینائی نے بھی اپنی نعت کو ہندی تلازمات کے استعمال سے بیان میں نکھار اور نعت کے اشعار میں خوابناک حسیاتی فضا قائم کی ہے۔

شب فرقت جوُ سے گی مجھے ناگن بن کر
روح جائے گی مدینے کو بروگن بن کر

—

جیتے جی نام جپا آپ کا جب موت آئی
ہڈیاں جو گ میں شامل ہوئیں سُمرن بن کر

—

جان مجھ سوختہ قسمت کی مدینہ میں امیرؔ
بیٹھی ہے دھونی رمائے ہوئے جوگن بن کر ۳۶۔

المختصر! نعتِ رسول اکرم ﷺ کے باب میں مدح وثنا کے کس کس پیرایہ، زاویہ، حسن تخیل علوئے فکر نقطہ نظر کا اظہار کیا جائے۔ بات اتنی ہے کہ حضرت امیرؔ مینائی نے حضور سرور کائنات سے اپنے ربط و تعلق کو اتنا مضبوط و مستحکم بنایا تھا شاید انھیں روزِ قیامت کا غم نہ رہا تھا۔

حشر کے روز ساقی کوثر ہوں گے
کیا غمِ تشنگی روزِ قیامت مجھ کو۔ ۳۷۔

حواشی

۱۔ ڈاکٹر سید رفیع الدین اشفاق "اُردو میں نعتیہ شاعری" اُردو اکیڈمی، کراچی اکتوبر ۱۹۷۶، ص ۵۴۔
۲۔ گوہر ملیسانی "اخلاق محسن انسانیت ﷺ نعت کے آئنے میں مشمولہ "نعت رنگ" شمارہ ۲۰ اگست ۲۰۰۸، ص ۸۹۔
۳۔ امیرؔ مینائی "خیابان آفرینش و محامد خاتم النبیین" پیر اماؤنٹ پبلشنگ انٹر پرائز، کراچی۔ ۲۰۱۰، ص ۱۸۱۔
۴۔ "حمد و نعت"
۵۔ امیرؔ مینائی۔ "خیابان "ص ۲۱۹۔
۶۔ امیرؔ مینائی۔ "خیابان "ص ۲۳۴۔
۷۔ امیرؔ مینائی۔ "خیابان "ص ۱۹۷۔
۸۔ امیرؔ مینائی "خیابان آفرینش و محامد خاتم النبیین" پیر اماؤنٹ پبلشنگ انٹر پرائز، کراچی۔ ص ۲۱۹۔
۹۔ گوہر ملسیانی "اخلاقِ محسن انسانیت ﷺ " ص ۸۸۔
۱۰۔ ص ۱۳۱۔

۱۱۔ ص۱۵۰۔

۱۲۔ ص۱۳۶۔

۱۳۔ ص۲۱۷۔

۱۴۔ ص۳۳۳۔

۱۵۔ ص۲۳۱۔

۱۶۔ ص۲۲۹۔

۱۷۔ ص۲۱۰۔

۱۸۔ ص۲۱۳۔

۱۹۔ ص۲۱۴۔

۲۰۔ ص۲۴۱۔

۲۱۔ ص۲۴۶۔

۲۲۔ ڈاکٹر آفتاب احمد نقوی "قرآن حکیم میں نعت رسول ﷺ " مشحولہ "اوج" نعت نمبر 1، گورنمٹ کالج، شاہدرہ، لاہور ۹۳۔۱۹۹۲، ص۱۱۲۔

۲۳۔ ص۲۳۵۔

۲۴۔ ڈاکٹر آفتاب احمد نقوی "قرآن حکیم میں نعت رسول ﷺ " ص۱۲۱۔

۲۵۔ ص۱۵۵۔

۲۶۔ ص۱۶۸۔

۲۷۔ ص۱۶۹۔

۲۸۔ ص۱۵۹۔

۲۹۔ مولانا محمد تقی عثمانی "نعت اور اس کے آداب" مشحولہ "اوج" ص۱۶۴۔

۳۰۔ ص۲۲۲۔

۳۱۔ ص۱۹۸۔

۳۲۔ ص۲۲۵۔

۳۳۔ ص۲۲۶۔

۳۴۔ ص۱۹۹۔

۳۵۔ ص۱۵۲۔

۳۶۔ عزیز احسن "اُردو نعت اور جدید اسالیب" مشحولہ "نعت رنگ" کراچی شمارہ ۳۔ ستمبر ۱۹۹۴، ص۶۳۔

۳۷۔ ص۱۵۱۔

۳۸۔ ص۱۹۱۔

ڈاکٹر ذکیہ رانی
اسسٹنٹ پروفیسر، شعبۂ اردو،
جامعہ کراچی۔

اردو میں نظریاتی و عملی تنقید کا تحقیقی تناظر

THEAROTICAL AND PRACTICAL CIRTISIM IN URDU LITRATURE

Abstract

In this article Theoretical and Practical Criticism in Urdu deals with a comprehensive definition and discussion of theoretical and practical criticism. The regularity of urdu criticism cannot create a receptive atmosphere for urdu literature without having it's theoretical and practical dimensions. Therefore on a aforementioned atmosphere has been highlighted through the existing body of criticism in urdu. The above mentioned topic in though a new one for traditional Urdu reader but somehow English literary world has some rudiments of it. In this regard, relationship between Theoretical and Practical Criticism go side by side as the quotations and references in this article proved that relation and procedure.

Short keys: *Theoretical, Practical, Criticism, Urdu Literature, Reader, Writer, Research.*

جیسا کہ تنقید کی تعریفوں سے استخراج کیا گیا ہے کہ تنقید کے معنی کھوٹے کھرے کو پرکھنے کے ہیں۔ ٹی۔ایس۔ایلیٹ کا یہ کہنا کہ ''تنقید سانس لینے کی طرح ناگزیر ہے۔''(۱) یہ تنقیدی فقرہ اپنی وسعت میں زمان و مکان کا احاطہ کیے ہوئے ہے۔ جب ہم زبان و ادب کے نقد کی بات کرتے ہیں تو دراصل زندگی کے اظہاریہ سے جڑے ہوئے انسانی تخیئل کی کارفرمائی بھی تخلیقیت کے سفر میں ہم دوش ہوتی ہے۔ لہٰذا وسیع معنوں میں جب ہم تنقید کا ذکر کرتے ہیں تو انسانی ذہن میں پھوٹنے والے خیال کو سماجی سطح پر عملی نوعیت کے مسائل درپیش ہوتے ہیں جیسے کسی صنعت کار کے ذہن میں صنعت لگانے کا خیال سرمایہ، جگہ

اور ان مصنوعات (Prodacts) کا سماج میں استعمال یہ تمام باتیں مل کر صنعت کی کامیابی اور ناکامی کی ضمانت ہوتی ہیں اور پھر یہیں سے نفع اور نقصان کا کھیل شروع ہو جاتا ہے آپ نے ملاحظہ کیا کہ تنقید سانس لینے کی طرح ناگزیر ہے اس کا واسطہ کسی بھی صنعت کار بلکہ کسی بھی ذی ہوش کے لیے حرفِ آخر ہے۔ اسی سلسلہ نقد سے کائنات کی ترقی ممکن ہو سکی ہے اور اکائی کی طرح کے علوم بھی تخصیصی نوعیت کے حامل ہو چکے ہیں۔ اس تمہید کے بعد کبھی ادب، نثر اور شاعری کی تقسیم کا احوال کہلاتا تھا لیکن آج نثری اور شعری اصناف کے تخلیقی مظاہرے اپنی اپنی جگہ اکائی کے حامل ہیں اور ان اکائیوں سے جڑ کر تنقید کی بھی کئی شاخیں قرار پا چکی ہیں جبکہ تنقید کی بنیادی تقسیم کو ہم نظریاتی اور عملی تنقید کہہ سکتے ہیں۔

لفظ نظریاتی میں تنقید کا وہ گوشہ ابھر کر سامنے آتا ہے کہ جس سے تنقید نگار بمعنی شاہد (Observer) کا ذہن کن حقائق کو قبول کرتا ہے اور کن کو رد کرتا ہے۔ یہ بات انفرادی سطح لئے ہوئے ہے جبکہ اجتماعی سطح پر لفظ و معنی کی تفہیم کے معیار کا تعین بوجوہ ہو جاتا ہے اور عمومی سطح پر معنویت کے ساتھ سماجی رشتہ موانست میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ جبکہ تنقید نگار اس اجتماعی شعور یا اجتماعی معیارات کو اصولوں اور نظریوں کی طرح لفظ و معنی کے روابط کو مروّجہ ضابطوں اور قاعدوں سے دیکھنا شروع کرتا ہے۔ دنیائے نقد بالخصوص اردو نقد کا نظریاتی منظر نامہ اسی مذکورہ احوال سے عبارت ہے۔

اردو نقد کے اولین نظریاتی پیمانے بیان و بدیع اور علم عروض کے حوالے سے پیشِ نظر ہیں ۔ مشرقی نقد کے سہارے یہ پیمانے پروان چڑھے یہی وجہ ہے کہ نظریاتی سطح پر ابنِ رشیق، قتیبہ بن مسلم ، رود کی جیسے عربی، فارسی کے نظریاتی منظر ناموں کا اردو ناقدین نے سہارا لیا۔ (۲) اس ضمن میں خواہ ہیئتی تخلیق یا موضوعی تخلیق کے نقد کے لیے زبان و بیان جس میں صرف و نحو بھی شامل ہے کو بنیاد بنا کر نقد کیا جاتا رہا۔ (۳) جوں جوں سماج کروٹیں لیتا گیا اسی طرح رجحان اور تحریکوں کی کارفرمائی نے مکاتیبِ فکر کی راہیں ہموار کیں۔ اور ان رجحانوں اور تحریکوں سے برآمد ہونے والے مکاتیب فکر کے حامل نقاد اپنی اپنی نظریاتی بنیادوں کو استوار کرنے کے لیے عمل پیرا ہو گئے۔ جیسا کہ ہم کہہ آئے ہیں کہ سماجی تغیرات نے ادب کو بھی براہِ راست متاثر کیا، نظریاتی سطح پر دو تحاریک خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

[۱] ادب برائے ادب [۲] ادب برائے زندگی

مذکورہ دونوں تحاریک سے پیدا ہونے والے نظریات نے مختلف انداز سے کروٹ لی اور بعد ازاں کوئی نہ کوئی شکل اختیار کر لی۔ اس ذیل میں ڈاکٹر سلیم اختر ''تنقیدی دبستان'' میں رقمطراز ہیں:

> ''نظری تنقید اصول سازی سے عبارت ہے۔ اس میں ادب اور فن سے وابستہ مسائل ومباحث کا جائزہ لیتے ہوئے ادبی قدروں کی چھان پھٹک سے تخلیقی معائیر کا تجزیہ کیا جاتا

ہے۔ادب کیا ہے۔؟ تنقید کی کیا اہمیت ہے؟اس کا تخلیق سے کیا رشتہ ہے؟ نقاد کا منصب کیا ہے؟ مختلف اصناف کے فنّی حسن و قبح کے تعین کے لئے راہنما اصولوں کی تشکیل و تحلیل۔ یہ اور اسی نوع کے دیگر سوالات اور متنوع مسائل کے جوابات مہیا کرنا نظری تنقید کا کام ہے۔یہی نہیں بلکہ ان تمام جوابات پر تنقید بھی اسی میں شامل ہے۔ بالفاظِ دیگر نظری تنقید، تنقید پر تنقید کا نام ہے۔'' (۴)

ڈاکٹر سلیم اختر نظریہ ساز نقاد کے لیے منطقی ذہن، تحلیلی صلاحیت اور ذاتی اُپج کو لازمی قرار دیتے ہیں تاکہ وہ نئے اور منفرد بات کہہ سکے۔(۵) اردو ادب میں نظریاتی تنقید کو فلسفے کے ہم رکاب قرار دینے والے ناقدین نظریہ ساز نقادوں میں مولانا الطاف حسین حالی، مرزا ہادی رسوا، میراجی، احتشام حسین، محمد حسن عسکری، سلیم احمد کے نام اہم قرار دیتے ہیں۔ کیوں کہ زیادہ تر نقاد دیگر نقادوں کے نظریات سے ہی عملی تنقید کے نمونے پیش کرتے ہیں۔ابوالاعجاز حفیظ صدیقی ''کشافِ تنقیدی اصطلاحات'' میں لکھتے ہیں کہ :

''نظری تنقید یا نظریاتی تنقید اس قسم کے سوالات سے بحث کرتی ہے کہ ادب کیا ہے؟اس کے اجزائے ترکیبی کیا ہیں؟ادب میں روایت کا کیا مقام ہے؟ادب شخصیت کا اظہار ہے یا روحِ عصر کا انعکاس؟ادب پارہ لاشعوری کیفیات ورجحانات کا آئینہ ہے یا فنکار کی شعوری کاوشوں کا حاصل؟ادب کا زندگی کے ساتھ کیا رشتہ ہے؟ تخلیقی عمل کے منازل و مراحل کیا ہیں؟ تنقید کی کیا اہمیت ہے؟ نقاد کے فرائض کیا ہیں؟ تخلیق اور تنقید میں کیا رشتہ ہے؟ مختلف اصناف کے صنفی تقاضے کیا ہیں؟ گویا نظریاتی تنقید کا کام ایسے اصول اور بنیادی نظریات وضع کرنا ہے جن کی روشنی میں ہم کسی ادیب، کسی ادب پارے، کسی ادبی دبستان یا کسی ادبی تحریک کو جانچ سکیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بعض اوقات نظریاتی تنقید کی اصطلاح ایسی تنقیدی تحریروں کے لیے بھی استعمال ہوتی ہے جو کسی خاص فلسفے کی رہنمائی میں کسی ادب پارے کو جانچنے کے لیے لکھی جاتی ہیں۔ چنانچہ سید مجتبیٰ حسین لکھتے ہیں:

''نظریاتی تنقید کا دوسرا حصہ وہ ہے جہاں ہم کسی خاص فلسفے (نظریے) کو قبول کر کے یا اس سے متاثر ہو کر ادب کو اس کی وساطت سے سمجھنے اور پرکھنے کی سعی کرتے ہیں۔''(۶)

دنیائے تنقید میں نظریاتی اور عملی تنقید سے معمور ہے۔اردو نقد کے حوالے سے اوّلین ماخذات شاعری کے رموز وعلائم کے ذیل میں سمجھنا چاہئیں۔اس سلسلے میں علمِ عروض پر لکھی جانے والی قابل ذکر کتابوں میں ' 'بحر الفصاحت''(۷)(مولوی نجم الغنی رامپوری)، ''حدائق البلاغت''(۸)(مصنف: شمس

الدین فقیر)،''تلخیص عروض و قافیہ'' (۹)(نظم طباطبائی)،' 'دریائے لطافت' ' (۱۰)(سیّد انشاء اللہ انشاء)'، ''اردو کا اپنا عروض''(۱۱)(گیان چند جین) وغیرہ وغیرہ جیسا کہ ہم جانتے ہیں کہ اردو کا عروض عربی و فارسی سے مستعار ہے چند بنیادی کتب لکھی گئیں بعدازاں نقل نویسی نظری سطح پر جاری رہی جبکہ عملی سطح پر نئی مثالوں سے ہر ایک نے اپنی اپنی کتاب کو روشنی بخشنے کی کوشش کی۔ عروض کے بعد بیان وبدیع کا احوال بھی اسی نوع کا ہے کہ مقررہ تعریفیں نقل کی گئیں اور نئی مثالوں کے ذریعے عملی نقد کی راہ ہموار کی گئی۔اس ضمن میں 'بحر الفصاحت'،'البیان'،'البدیع'(سید عابد علی عابد)،'قواعد اردو'(مولوی عبدالحق)،'دریائے لطافت' سے نقد کی مثالیں ملاحظہ ہوں۔

بحر الفصاحت کے ابتدائیے میں مولوی نجم الغنی رامپوری نے ''بحر الفصاحت'' کی غرض وغایت کی صراحت کرتے ہوئے لکھا کہ اس کے قاری طالبِ علم اور اہلِ بصیرت ہیں جو جوازِ شعر وعدم شعر، عربی، فارسی، اردو شاعری کی ماہیت سے متعلق مباحث کے شائق ہیں۔ان کی رہنمائی کے لیے علمِ عروض، علمِ معانی، علم بیان اور علم بدیع اور دیگر باتوں کو اس میں پیش کیا گیا ہے۔طرزِ جدید اور طرزِ قدیم کا موازنہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ :

> ''فارسی کی تقلید سے اردو نظم میں جس قدر سختی کی گئی تھی اور صدہا قسم کی قیدیں اور ہزارہا قسم کی پابندیاں مقرر ہوئی تھیں وہ ان اہل قلم نے کم کرنا شروع کر دیں۔اب وہ بے لطف مضمون آفرینی اور خیالی معرکہ آرائیوں کو چھوڑتے جاتے ہیں۔دلی جذبات کے ابھارنے اور نیچر کا سماں دکھانے کی طرف متوجہ ہیں۔جس سے ہماری زبان کا فیشن نہایت خوبصورتی سے بدل رہا ہے۔اب یہ طرز ایسی مقبول خلائق ہوئی ہے کہ وہ پرانے اور نامی شاعر جن کی طبیعتوں پر پرانی روشنی اپنا سکہ جما چکی تھی،اس سے متنفر ہوتے جاتے ہیں اور بمصداق ''کل جدید لذیذ'' اس نئی مفید طرز پر ایسے فریفتہ و دلدادہ ہوئے کہ یہی راستہ اختیار کرنے لگے ہیں۔اس نئی طرز میں نہایت سہولت سے کام لے رہے ہیں۔یہاں تک کہ اب انگریزی کی تقلید سے قافیہ کی قید کو بھی اڑانا چاہتے ہیں۔ان کی دلیل یہ ہے کہ قافیہ خاص کر ایسا جیسا کہ شعرائے عجم نے اس کو نہایت سخت قیدوں سے جکڑ بند کر دیا ہے اور پھر اس پر ردیف اضافہ فرمائی ہے شاعر کو بلاشبہ اس کے فرائض ادا کرنے سے باز رکھتا ہے۔جس طرح صنائع لفظی کی پابندی معنی کا خون کر دیتی ہے اسی طرح بلکہ اس سے بھی زیادہ قافیہ کی قید ادائے مطلب میں خلل انداز ہوتی ہے۔اب اردو کی نظم ونثر دونوں چیزیں نہایت آسان ہوتی جاتی ہیں کیونکہ نظم اردو کی قیود کی مجبوریاں، قدیم شاعری کی تقلید نہیں کرنے دیتیں، نہ اگلا رنگ

زمانہ حال کے مذاق کے موافق ہے۔ خدا جانے شور انگنان زمان استقبال کیا قیامت برپا کریں گے؟ مگر حیف، کہ اس وقت میں ہم نہ ہوں گے۔"(۱۲)

بلاشبہ "بحر الفصاحت" کی غرض وغایت ماضی کی طرح حال میں بھی اپنے اثرات لیے ہوئے ہے کہ ان سے دامن بچانا مشکل ہے۔ اسی طرح اردو کی پہلی قواعد "دریائے لطافت" کا ذکر بے محل نہ ہوگا کہ جسے مشہور شاعر وناقد انشاء اللہ خاں انشاء نے اردو صرف ونحو اور دوسرا حصہ یعنی منطق، عروض وقافیہ، معانی وبیان وغیرہ مرزا محمد احسن قتیل نے ملکر کر تصنیف کیا۔ بقول ناقدین کتاب کی جان پہلا حصہ ہے۔ اس کا سالِ تصنیف ۱۲۲۲ھ بمطابق ۱۸۰۲ء ہے، چھیالیس برس بعد اسے مولوی مسیح الدین خاں بہادر کاکوروی نے اپنے مطبع "آفتاب عالم مرشد آباد سے اسے بہ تصحیح شائع کرایا بعد ازاں بابائے اردو مولوی عبدالحق نے ۱۹۱۶ء میں انجمن ترقی اردو ہند اورنگ آباد سے از سرِ نو مرتب کر کے پنڈت برج موہن دتاتریہ کیفی کے ترجمے کے ساتھ شائع کیا۔ اس کا مقدمہ لکھا اور دیباچہ مترجم نے تحریر کیا۔ اس کے کئی نسخے پاکستان وہندوستان سے شائع ہو چکے ہیں۔ مترجم برجموہن دتاتریہ کیفی "دریائے لطافت" کے دیباچہ (اوّل) میں لکھتے ہیں:

"آج ادب اور زبان سے متعلق جو کوئی بھی جو کچھ لکھتا ہے اس کے سامنے یورپ کا لٹریچر اور اس کے ادیبوں کے نظریے ہوتے ہیں۔ 'دریائے لطافت' کا سنہ تصنیف انیسویں صدی عیسوی کا آٹھواں برس ہے۔ اس زمانے میں اور یورپ کی زبانوں اور علم وادب سے ناواقف محض ہونے کے باوجود 'سیّد انشاء' کا یہ کتاب تصنیف کرنا، اس کی یہ پردازر کھنا، ان کی دقتِ نظر اور سائنٹیفک تنقید اس روشنی کے زمانے میں محیر العقول ہے۔"(۱۳)

جبکہ بابائے اردو مولوی عبدالحق "دیباچہ طبع ثانی" میں سیّد انشاء اللہ خاں انشاؔ کو علمائے صرف ونحو کی تقلیدی روایت سے انحراف کرنے کے سبب مجتہد قرار دیتے ہیں۔(۱۴) بعد ازاں بابائے اردو مولوی عبدالحق نے " قواعد اردو" تالیف کی۔ اس میں اردو زبان کے حوالے سے لکھی گئی قواعد میں عربی زبان کے صرف ونحو کا تتبع ناجائز قرار دیتے ہوئے لکھتے ہیں:

"ہمارے ہاں اب تک جو کتابیں قواعد کی رائج ہیں ان میں عربی صرف ونحو کا تتبع کیا گیا ہے۔ اردو خالص ہندی زبان ہے اور اس کا شمول آریاوی السنہ میں ہے بخلاف اس کے عربی زبان کا تعلق سامی السنہ سے ہے لہٰذا اردو زبان کی صرف ونحو لکھنے میں عربی زبان کا تتبع کسی طرح جائز نہیں۔ دونوں زبانوں کی خصوصیات بالکل الگ ہیں:"(۱۵)

نظریاتی تنقید کے ضمن میں یہ امر ملحوظ رکھا جانا چاہئے کہ نقاد کسی بھی نظریہ کے تحت عملی تنقید

کو انجام دے اسے اپنے نقطۂ نظر کو بھی واضح کرنا ہوتا ہے تاکہ اس فن پارے کی قدر و قیمت کا تعین غیر جانبدارانہ طور سے ہو۔ ادب کو اصناف میں تقسیم کرنے کا فریضہ بابائے نقد ارسطو نے انجام دیا پھر یہ تقسیم یورپ سے مشرقی ادب پر بھی اثرانداز ہوئی۔(۱۶) سیّد احتشام حسین کے مجموعے ''تنقیدی نظریات'' میں انھوں نے نظریاتی اور عملی تنقید کے عنوان کے تحت لکھے مضمون میں اپنے نظریات نقد کو واضح کیا ہے، جبکہ دیگر عنوانات میں اپنی تفہیم کی روشنی میں ادبی اصناف کا جائزہ لیا ہے اس کے ساتھ ساتھ قاری کے ذوق شعر فہمی اور ادب کی غرض و غایت پر روشنی ڈالی ہے اور شعراء و ادباء کے ادبی مقام کو واضح کیا ہے۔ جو پڑھنے والوں میں فکری اور تفہیمی صلاحیتوں کے اضافے کا سبب بنتے ہیں۔ گو کہ ان کے بعض نتائج سے اختلاف بھی کیا جاسکتا ہے لیکن کلی طور پر استفادہ کیا جائے تو ادب کے متنوع زاویے سوچنے اور سمجھنے کی دعوت دیتے ہیں۔

عملی تنقید کے حوالے سے کلیم الدین احمد، کی تصنیف ''عملی تنقید''، جلد: اوّل، حصہ اوّل: شعر و غزل: (۱۷) کل: ۱۹۲ ۲۶۴ 228 صفحات [مقدمہ: ۱۹۲ صفحات؛ بقیہ حصہ ۲۶۴] پر مشتمل ہے۔ اس کتاب میں فہرست نہیں ہے۔ عرض ناشر کے عنوان کے تحت مصنف نے لکھا:

> '' پیشِ نظر تصنیف ایک سلسل ۂ تصنیفات کی پہلی کڑی ہے۔ مصنف کا مقصد اُردو ادب کے تمام موجودہ سرمایہ کو عملی تنقید کے تحت لا کر اُس کی اصل قدر و قیمت کا اندازہ لگانا ہے۔ اس منصوبے کے تحت یہ سلسلہ تین جلدوں پر مشتمل ہوگا۔ جن کی تفصیل یہ ہے۔
>
> '' جلد اوّل: نظم (تین حصے): حصّہ اوّل: غزل: حصّہ دوم: قصیدہ، مثنوی، مرثیہ وغیرہ: حصّہ سوم: منظومات:
>
> جلد دوم: نثر (چار حصّے): حصّہ اوّل: ناول: حصّہ دوم: افسانہ: حصّہ سوم: تنقید: حصّہ چہارم: دیگر اصناف نثر:
>
> جلد سوم: اصولِ تنقید: ہر ایک حصہ کے ساتھ ایک مقدمہ بھی ہوگا۔ جس میں اس حصّہ کے متعلق تنقیدی اصولوں سے بحث ہوگی۔''

مذکورہ کتاب میں ۱۹۲ صفحات کا مقدمہ شامل ہے۔ یہ جلد غزل سے متعلق ہے۔ ''اردو شاعری پر ایک نظر'' میں کلیم الدین احمد ''غزل کو نیم وحشیانہ صنف ادب'' قرار دے چکے ہیں نیز اردو تنقید سے متعلق بھی ان کی آراء اہلِ نقد و تحقیق سے پوشیدہ نہیں ہے۔ ان کی اس تصنیف میں غزل سے متعلق ناقدین ادب کی تعریفات اور بیان کردہ اصولوں کی روشنی میں غزل کے ماضی سے لے کر زمانہ موجود تک کے منظر نامے پر تفصیل سے اظہار خیال کیا گیا ہے۔ اس کی بقیہ جلدیں شائع نہ ہو سکیں۔ اس لیے ہم اسی جلد

سے ان کے عملی تنقید سے متعلق نظریات کو جاننے کی کوشش کریں گے۔اس ضمن میں مقدمہ میں پیش کردہ آراءاوران سے متعلق مصنف کی رائے کو ملاحظہ کیاجاسکتاہے۔

کلی طور پر یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ غزل کو نیم وحشی صنف سخن قرار دینے والے کلیم الدین احمد صاحب نے اس سے پیشتر انگریزی ادب کے تناظر میں اردو غزل کو جانچنا شروع کیا تھاالبتہ موجودہ تصنیف میں انھوں نے متقدمین ادب اردواور معاصرین اردو کے نظریات وافکار سے استفادہ کیاہے اور شعراءماضی و حال کے انتخابات کی روشنی میں غزل کہنے اور اس کو جانچنے کے اصولوں پر روشنی ڈالی ہے اور اپنے نظری اور فکری طرز عمل کے ساتھ ان اصولوں کو پرکھاہے۔ جہاں جہاں انھیں اختلاف ہوااس کااظہار کیا۔بنیادی فکر وہی ہے کہ غزل نیم وحشیانہ صنف ادب ہے۔اس میں ربط نہیں ہے۔

مقدمہ میں حالی نے کہا:''غزل جیساکہ معلوم ہے کوئی خاص مضمون مسلسل بیان نہیں کیاجاتا ۔اِلّاماشاءاللہ، بلکہ جداجدا خیالات الگ الگ بیتوں میں ادا کئے جاتے ہیں''(۱۸)اسی طرح انھوں نے عظمت اللہ خاں کی رائے:''غزل کی دنیا میں تو تسلسل ایک طرح کا جرم ہے۔ردیف اور قافیہ کی یکسانیت کے سوا بلحاظ معنی ایک شعر کو دوسرے شعر سے کوئی ربط نہیں ہوتااور اس پر فخر کیاجاتاہے کہ ہر شعر اپنے رنگ میں نرالا اور دوسرے شعروں سے جداگانہ ہے ۔''(۱۹)کی روشنی میں اپنے نظریات کی تطبیق کی ہے۔''عملی تنقید''کے مقدمہ میں زبان وبیان، شعری اصطلاحات، مضمون، غزل کی ہیئت ،وغیرہ پر بھی ناقدانہ نگاہ ڈالی ہے۔شعرالہند میں ابنِ قدامہ اورابنِ رشیق کی فکر سے جڑے افکار انُ کے نزدیک شعر گوئی اور غزل گوئی سے متعلق ہیں ان کا غزل کی تنقید سے کوئی تعلق نہیں۔غزل کے مضامین اور الفاظ کے ضمن میں بھی اعتراضات کیے ہیں۔ مجنوں گورکھپوری کے نظریات سے متعلق ان کا خیال ہے کہ یہ حالی کا فیض ہیں اور غزل کی خصوصیات سے متعلق ہیں۔(۲۰)اس کتاب میں شعراء کا انتخاب اور ان اشعار میں موجود معائب و محاسن کو انہی نکات کی روشنی میں بیان کیاہے۔غزل کی نسبت نظم کو بہتر سمجھتے ہوئے دیگر اصناف میں مثنوی''بہارِ عشق'' کا موازنہ ڈی۔ایس۔لارنس کے ناولوں سے کیااوراسے فنونِ لطیفہ کا اچھا نمونہ قرار دیا۔(۲۱)اس کتاب کے مقدمہ میں کلیم الدین احمد لکھتے ہیں:

> ''غزل اُردو کی محبوب صنف شاعری ہے۔لیکن اُردو میں شعر اور غزل کو جانچنے کے لیے کوئی اصول نہیں ملتے۔''(۲۲)

مقدمہ کے آخر میں اردو داں کو سہل انگاراور مذاق کی پستی کا حامل قرار دیاہے۔(۲۳) عملی تنقید کے حوالے سے ابوذر عثمانی کا مقالہ بھی قابل ذکر ہے۔اس کا حوالہ ڈاکٹر وہاب اشرفی''کاشف الحقائق ایک مطالعہ'' میں پیش کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ :

''نئے نقادوں میں جناب ابوذر عثمانی نے اس کی طرف توجہ کی ہے۔اور ایک بسیط مقالہ قلم بند کیا ہے جو ان کی کتاب ''فنکار سے فن تک'' میں شریک ہے۔ابوذر عثمانی لکھتے ہیں:

''عملی تنقید اپنے طرز مطالعہ اور طریق کار کی نوعیت کے اعتبار سے ایک خاص تحلیلی اور تجزیاتی طرز تنقید ہے جس کا عمل پوری طرح فن و ہیئت کے دائرے میں بروکار آتا ہے۔اس کا مقصد اولاً ادب کو ادب کی حیثیت سے دیکھنا اور ان خارجی معاملات اور بحثوں سے دامن بچانا ہے، جس سے اس کا براہ راست رشتہ قائم نہیں ہو سکتا،نہ ہی ان سے ادبی تخلیق اور تجربے کی تفہیم میں کوئی مدد مل سکتی ہے۔ادبی تخلیق کی تفہیم میں اس کے پس منظری مطالعے کی اہمیت یقیناً مسلم ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔اس کا کام ادب کے بارے میں معلومات فراہم کرنا نہیں بلکہ ادب کی ، ادب کی حیثیت سے براہِ راست پہچان عطا کرنا ہے۔اسی لئے عملی تنقید منفرد فن پاروں کے تجزیے پر توجہ کرتی ہے۔اصل نوعیت اور کیفیت سے آشنا کرتی ہے۔ عملی تنقید کا مدعا ہی یہ ہے کہ ادب کو اس طرح پڑھا جائے کہ اس سے قاری کے ادبی فہم و بصیرت اور لطف اندوزی میں اضافہ ہو سکے اور کسی ادبی تخلیق کا مطالعہ قاری کی اپنی انفرادی تخلیقی دریافت یا انکشاف بن جائے۔''(۲۴)

مقدمہ شعر و شاعری کے بعد ۱۸۹۷ء میں ''کاشف الحقائق'' منظر عام پر آئی۔ڈاکٹر وہاب اشرفی ''کاشف الحقائق ایک مطالعہ''میں امداد امام اثر کی عملی تنقیدی حوالے سے لکھتے ہیں:

''اگر کاشف الحقائق میں عملی تنقید کے بھرپور نمونے نہیں ملتے تو حیرت کی بات نہیں ہونی چاہئے۔اس لئے کہ اس باب میں کلیم الدین احمد کے علاوہ دوسرے نئے نقادوں ہی نے قدم بڑھایا ہے۔ہاں حالی کے تجزیے میں بھی عملی تنقید کے نقوش ملتے ہیں۔پھر شبلی نے اپنے طور پر اپنے نقطۂ نظر سے عملی تنقید کے امور سرانجام دیئے ہیں۔احتشام حسین بھی بعض اوقات عملی تنقید کے احاطے میں داخل ہو جاتے ہیں لیکن یہ سارے سربرآوردہ نقادوں کی صف میں امداد امام اثر کو یوں بھی نہیں رکھا جا سکتا کہ عملی تنقید کے نصب العین کی انہیں خبر نہ تھی۔''(۲۵)

مقدمہ شعر و شاعری میں مولانا الطاف حسین حالی کے نظریات کا اعادہ نظریاتی اور عملی تنقید کے ضمن میں بارہا ناقدین کر چکے ہیں۔ڈاکٹر وحید قریشی(مرتب)''مقدمہ شعر و شاعری'' نے مقدمہ میں حالی کی تنقید کے ذیل میں لکھا کہ:

'' حالی کے تنقیدی نظریے کی کل کائنات یہی ہے کہ شعر میں جھوٹ نہ ہو،دل گدازی

ہو، سادگی ہو، اس سارے نظام کے پیچھے حالی نے جو کڑیاں ملائی ہیں۔ وہ قدیم تنقیدی نظریے اور منطق کے ابتدائی درس سے مستعار ہیں۔ اس وجہ سے ان کے نظام تنقید میں کچھ بنیادی خامیاں راہ پاتی ہیں۔ وہ لفظ اور معنی کے بنیادی تعلقات کے نباض ہیں اور اس غلط فہمی کے خلاف ہیں جو اس تقسیم سے پیدا ہو گئی تھی۔ یہ شیفتہ کی ہمنوائی ہے اگرچہ اس کا سلسلہ فارسی ادب میں بہت پیچھے تک جاتا ہے، تاہم حالی نے اسے سب سے پہلے عملی طور پر تنقیدی نظام میں کچھ دور تک لے جا کر دکھایا اور اس سے پیدا ہونے والے اندازِ نظر (لفظوں سے کھیلنا، بات کا بتنگڑ بنانا، اصوات کا لحاظ رکھنا) کی طرف اشارہ کیا ہے لیکن ان کی نظر زیادہ دور تک نہیں جا سکی۔ جگہ جگہ وہ خود بھی اسی قدیم انداز کا شکار معلوم ہوتے ہیں۔"(۲۶)

ڈاکٹر وحید قریشی کے مطابق حالی کے بیان سے شیفتہ، ہالرائیڈ اور سر سیّد کے نظریات کو علیٰحدہ کر لیں تو قدیم تنقیدی نظریات ہی باقی رہ جائیں گے جیسا کہ مولانا حالی "مقدمہ شعر و شاعری" میں لکھتے ہیں:

" "دیکھتے ہی دیکھتے کیا ہوا" یہاں 'کیا ہو گیا' چاہئے۔ الغرض نظم ہو یا نثر دونوں میں روزمرہ کی پابندی جہاں تک ممکن ہو نہایت ضروری ہے۔ مگر محاورہ کا ایسا حال نہیں ہے۔ محاورہ اگر عمدہ طور سے باندھا جائے تو بلاشبہ پست شعر کو بلند اور بلند کو بلند تر کر دیتا ہے۔ لیکن ہر شعر میں محاورہ باندھنا ضروری نہیں۔ بلکہ ممکن ہے کہ شعر بغیر محاورہ کے بھی فصاحت و بلاغت کے اعلیٰ درجہ پر واقع ہو اور ممکن ہے کہ ایک پست اور ادنی درجے کے شعر میں بے تمیزی سے کوئی لطیف و پاکیزہ محاورہ رکھ دیا گیا ہو۔ ایک مشہور شاعر کا شعر ہے گوہر اشک سے لبریز ہے سارا دامن: آج کل دامن دولت ہے ہمارا دامن اس شعر میں کوئی محاورہ نہیں باندھا گیا باوجود اس کے شعر تعریف کے قابل ہے۔"(۲۷)

اس مقالے کی غایت اردو زبان میں نظریاتی اور عملی تنقید کی وضاحت کے ساتھ ساتھ یہ بتانا بھی مقصود ہے کہ اس حوالے سے قابلِ ذکر سرمایۂ نقد کا کیا احوال ہے۔ یہ بات تو مسلّمہ ہے کہ خواجہ الطاف حسین حالی ہی اردو نقد کے سرخیل قرار پاتے ہیں جبکہ امر واقعہ یہ بھی ہے کہ حالی سے قبل بھی اس زمانے کے رسائل میں نقد و نظر کے سلسلے جاری تھے۔ اس ضمن میں رسالہ 'حسن' میں شائع ہونے والا منشی ذکاء اللہ کا مضمون اس بات پر دال ہے کہ حالی کا مقدمہ منشی ذکاء اللہ کے ہی اسلوب میں نظر آتا ہے، یعنی کسی بھی عنوان کو چھوٹے چھوٹے ذیلی عنوانات میں تقسیم کرنا اس عہد کا عمومی چلن تھا۔ عربی اور فارسی بالخصوص فارسی زبان کے چلن کے باعث نظریاتی نوعیت اکثر مستعار تھی بعد ازاں یہی صورت انگریزی کے ضمن

میں قرار دی جاسکتی ہے۔ عملی نوعیت کا مختلف ہونا تو یقینی تھا چونکہ نظریات غیر مقامی تھے جبکہ تخلیقات مقامی۔ یہی وجہ ہے کہ ''اصول انتقاد ادبیات'' میں عابد علی عابد کو اردو نقد کے بگاڑ کے اسباب تلاش کرنے پڑے وہ لکھتے ہیں:

''مسلم ہے کہ ہر علم کی ایک خاص زبان ہے جو اس کے مخصوص حقائق کی ترجمان ہے۔ ان کے معنی کی دلالتیں روشن اور ان کے پہلو بین ہونے چاھئیں۔ یہ چیزیں تبادلۂ افکار کا زر رائج الوقت ہیں۔ اس زر کو کھرا ہونا چاہیئے۔ اپنی رموز و علامات سے کام لے کر ہر علم و فن کے ماہر دوسروں کی بات سمجھتے ہیں اور اپنا مطلب دوسروں کو سمجھاتے ہیں یہی وجہ ہے کہ ہر فن کے ماہر ایک ہی زبان بولتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ اس اعتبار سے موجودہ اردو انتقاد پر ایک نظر ڈالئے تو آوے کا آوا بگڑا نظر آئے گا۔ آج سے پچاس ساٹھ سال پہلے تک انتقاد کا جو دبستان قائم تھا وہ برا تھا یا بھلا اس سے ذرا قطع نظر کر لیجئے تو آپ کو تسلیم کرنا پڑے گا کہ اس کی اصطلاحات معین تھیں اور اس کی زبان کے بولنے والے اپنا مفہوم بالکل صحیح طریقہ پر ادا کر سکتے تھے۔ معانی، بدیع، بیان اور اس کی شاخیں، فصاحت و بلاغت، محسنات شعر، صنائع و بدائع، کلام، تمام علامات ایک دوسرے سے مربوط تھیں اور ذہن میں ایک تصور واضح پیدا کرتی تھیں لیکن کچھ عرصہ سے یہ ہو رہا ہے کہ علامات کو معین کئے بغیر ایک زبان بولی جا رہی ہے۔ رموز اس میں بھی ہیں لیکن سربستہ۔ اس سرمایہ انتقاد کے ذخیرے اس قسم کے الفاظ میں پوشیدہ ہیں: قنوطیت، رجائیت، تشکیک، تحلیل نفسی، و اردات ذہنی، مسلسل تجربات، عظمت، حسن، موسیقی، ترنم، نغمہ، جمالیات، فکر وغیرہ۔ ظاہر ہے کہ ان رموز و علامات کے استعمال کے بغیر چارہ نہیں۔ لیکن مشکل یہ ہے کہ خود اس زبان کے بولنے والوں کے ذہن میں ان کا صحیح مفہوم موجود نہیں ہوتا۔ اس کی وجہ ظاہر ہے ان میں اکثر اصطلاحات انگریزی اصطلاحات کا ترجمہ ہیں اردو ترجمہ کرنے والوں نے اپنی استعداد ذہنی اور اپنے میلانات فکر کے مطابق لفظ کا انتخاب کیا ہے۔ لکھنے والا کچھ مراد لیتا ہے۔ پڑھنے والا کچھ سمجھتا ہے۔''(۲۸)

نظریاتی تنقید کے حوالے سے قابل ذکر تنقیدی کتب کی فہرست درج کی جاتی ہے۔

مقدمۂ شعر و شاعری: ۱۸۹۳ء/ مولانا الطاف حسین حالیؔ

کاشف الحقائق ۱۸۹۷ء/ امداد امام اثر

نکاتِ سخن/ حسرت موہانی

روحِ تنقید ۱۹۷۲ء/ محی الدین قادری زور
ہماری شاعری ۱۹۲۸ء/ مسعود حسن رضوی ادیب
افاداتِ مہدی/ مہدی الافادی
انتقادیات/ علامہ نیاز فتح پوری
ادب اور زندگی/ مجنوں گورکھپوری
نقوش وافکار/ مجنوں گورکھپوری
اندازے/ فراق گورکھپوری
اردو کی عشقیہ شاعری/ فراق گورکھپوری
کیفیہ/ برج موہن دتاتریہ کیفی
منشورات/ برج موہن دتاتریہ کیفی
مضامینِ چکبست لکھنوی/ برج نرائن چکبست لکھنوی
اُس نظم میں/ میراجی
مغرب کے تنقیدی اصول/ سجاد باقر رضوی
اردو تنقید، اصول اور نظریے/ حامد اللہ افسر
افادی ادب/ اختر انصاری دہلوی
اصول انتقاد ادبیات/ عابد علی عابد
مقالاتِ عابد: انتقادِ شعر/ عابد علی عابد
انتقادِ ادبیات/ عابد علی عابد
تنقیدِ شعر/ انیس ناگی

ان کتابوں میں نظریاتی تنقید مذکورہ نظریاتی تنقید کی تعریفوں کے حوالے سے ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔اس بات کی وضاحت یوں کرنا ضروری سمجھتی ہوں کہ کوئی بھی ناقد نظریاتی نوعیت کا سہارا لیے بغیر عملی تنقید کا حامل نہیں ہو سکتا چاہے بات تاثراتی تنقید کی ہی ہو۔تاثراتی تنقید کو بھی اجزائے ترکیبی کے بغیر تاثراتی قرار نہیں دیا جاسکتا لہٰذا میرے اس نکتے کو ملحوظ رکھا جائے۔

حواشی و تعلیقات:

[۱] (الف)

''تنقید اتنی ہی ناگزیر ہے جتنا خود سانس لینا اور یہ بات بھی یاد رکھنی چاہیے کہ جب ہم کوئی کتاب پڑھتے ہیں اور اس کے پڑھنے سے ہمارے ذہن میں جو خیال آتے ہیں اور جس قسم کا جذبہ پیدا ہوتا ہے اس کا اظہار کوئی بڑی بات نہیں ہے اسی طرح ناقدوں کی تنقیدات پر تنقید کرنا بھی کوئی عیب نہیں ہے''ماخوذ: ٹی۔ایس ایلیٹ: 'روایت اور انفرادی صلاحیت' مترجم: ڈاکٹر جمیل جالبی'مؤلف : ''ارسطو سے ایلیٹ تک''اسلام آباد: نیشنل بک فاؤنڈیشن'طبع ہفتم ۲۰۰۳ء'ص: ۴۸۹تا۴۹۰

(ب)

''یہ خیال اصلاً ایلیٹ کا نہیں سترہویں صدی کے انگریز شاعر اور نقاد جان ڈرائیڈن کا ہے جس نے اسے مختصراً یوں کہا تھا کہ ''سانس لینا تنقید کرنا ہے'' بہت ممکن ہے ڈرائیڈن سے بھی پہلے کسی نے کوئی ایسا ہی خیال ظاہر کیا ہو جو اس کے خیال کی بنیاد بن گیا ہو'ڈرائیڈن کے پیش نظر یہ بات تھی کہ جب سے شاعری کی ابتداء ہوئی ہو گی تنقید بھی شروع ہو گئی ہو گی (اس خیال پر بھی ایلیٹ نے بار بار زور دیا ہے)'' ماخوذ: سید احتشام حسین، پروفیسر، ''تنقید سانس لینے کی طرح ناگزیر ہے' ' مشمولہ: ''افکار'' منتخب مضامین نمبر'اپریل مئی' ۱۹۹۵ء' ص: ۹ ۸

[۲] (الف)

''اردو ادب فارسی کے زیر اثر پروان چڑھا۔ایک حد تک اس کی پوری فضا پورا منظر اور پورا ماحول فارسی سے متاثر تھا اس کی وجہ یہ ہے کہ ۱۸۳۵ء تک سارا ہندوستان خاص طور سے شمالی ہند کی سرکاری زبان فارسی رہی اس لیے ادب و شاعری کی پوری ہیئت نقد و نظر کے تمام پیمانے فارسی سے اخذ کیے گئے عرصہ تک باقاعدہ طور پر تنقید کی کوئی کتاب نہیں لکھی گئی شعراء نے جہاں خال خال اپنے اصول سخن یا اچھے شعر کے محاسن بیان کیے ہیں انھیں سے ابتدائی دور کے تنقیدی نظریات کا اندازہ ہوتا ہے اور ایسے موقعہ پر ان شعراء نے عربی و فارسی معیاروں کو ہی برقرار رکھا ہے بعض ادائے معانی میں اساتذہ کا تتبع ،تزئین کلام کی ہر ممکن کوشش،لفظ و معانی کا باہمی ارتباط،الفاظ شیریں،عبارت شستہ، قوافی درست،دوراز کار تشبیہات واستعارات اور تعقید و غرابت سے پرہیز،لطافت شیرینی، شگفتگی ،سادگی و سلاست،روانی و تاثیر پر زور دینا یہ ایسے اشارے جو اردو کے ابتدائی ناقدین کے یہاں مختلف انداز میں موجود ہیں' ' ماخوذ: سیّد محمد ہاشم،اردو تنقید کی اساس (دہلی: مکتبۂ جامعہ لمیٹڈ،۱۹۷۹ء)،ص: ۴۷

(ب)

''چونکہ فارسی میں ادبی تنقید کی روایت کا تعلق عموماً عروض،معانی، بدیع اور بیان تک محدود رہا اس لیے یہی روایت اردو تذکروں میں بھی منتقل ہوئی چنانچہ شعرائے اردو کا تذکرہ لکھنے والوں نے بھی شاعری کی پرکھ کے لیے ان ہی قدیم تنقیدی اصطلاحات کا سہارا لیا جو عربی اور فارسی میں متعین اور مخصوص معنوں میں مستعمل رہ چکی تھیں''ماخوذ: ابوالکلام قاسمی، مشرقی شعریات اور اردو تنقید کی روایت،(نئی دہلی، قومی کونسل برائے فروغِ اردو زبان ،۲۰۰۲ء)'ص: ۱۴۲

[۳] (الف)

''اس میں کوئی شک نہیں کہ عربی اور فارسی کی تنقید میں بیشتر زبان و بیان پر زور دیا گیا ہے کلیم الدین احمد یہ تسلیم کرتے ہیں کہ تذکرہ نگاروں میں قواعد، بیان اور عروض کی غلطیوں کا ہی ذکر ہوتا ہے وہ کہتے ہیں کہ تذکرہ نگاروں کے

سارے اصول و قواعد بیان و بدیع، عروض ان تین چار دائروں میں آجاتے ہیں ان خیالات سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ کلیم الدین احمد تذکرے میں تنقیدی اصول کو ٹھس اور غیر ارتقاء پذیر تصور کرتے ہیں وہ تذکروں کے دائرۂ تنقید کی محدودیت کے شاکی ہیں ان کو اعتراف ہے کہ شاعری کے انتخاب اور شاعری پر دی گئی رایوں کے پس منظر میں کچھ تنقیدی اصول بھی کار فرما ہیں مگر وہ یہ نتیجہ نکالتے ہیں کہ "تذکروں میں تنقید کا عنصر گویا عنقا ہے" ماخوذ: ابوالکلام قاسمی، مشرقی شعریات اور اردو تنقید کی روایت (۲۰۰۲ء)، ص: ۱۴۷

(ب)

سیّد محمد ہاشم، "اردو تنقید کی اساس" ۱۹۷۹ء، ص: ۴۷

[۴] سلیم اختر ڈاکٹر، تنقیدی دبستان، (لاہور: سنگ میل پبلی کیشنز، ۱۹۹۷ء)، ص: ۲۵

[۵] سلیم اختر ڈاکٹر، ایضاً، ص: ۲۴

[۶] ابوالاعجاز حفیظ صدیقی، مرتب، کشافِ تنقیدی اصطلاحات (اسلام آباد: مقتدرہ قومی زبان، ۱۹۸۵ء)، ص: ۱۹۸

[۷] سلیم اختر ڈاکٹر، ایضاً، ص: ۲۶تا۲۷

[۸] سلیم اختر ڈاکٹر، تنقیدی اصطلاحات: توضیحی لغت (لاہور: سنگ میل پبلی کیشنز، ۲۰۱۱ء)، ص: ۲۵۷

[۹] سید احتشام حسین، تنقید اور عملی تنقیدیں (لکھنؤ: اتر پردیش اکادمی ۲۰۰۵ء)

[۱۰] ابوالکلام قاسمی، پروفیسر، مرتب، نظریاتی تنقید: مسائل و مباحث (علی گڑھ: ایجوکیشنل بک ہاؤس، ۲۰۰۶ء)

[۱۱] سید قدرت نقوی، مرتب: بحر الفصاحت (: مصنف مولوی نجم الغنی رامپوری، لاہور: مجلس ترقی ادب، طبع اوّل؛ جون ۱۹۹۹ء)

[۱۲] مولوی امام بخش صہبائی، مترجم و مرتب: حدائق البلاغت (: مصنف مولوی شمس الدین فقیر، "لکھنؤ: نولکشور ۱۸۴۲ء)

[۱۳] سیّد علی حیدر نظم طباطبائی، تلخیص عروض و قافیہ (تاج پریس چھتہ بازار سن ندارد)

[۱۴] پنڈت دتاتریہ کیفی، مترجم "دریائے لطافت: (مصنف: سید انشاء اللہ خاں انشاء، مرتب: مولوی عبدالحق، (کراچی: انجمن ترقی اردو پاکستان، طبع دوم ۱۹۸۸ء)

[۱۵] گیان چند جین، اردو کا اپنا عروض (دہلی: انجمن ترقی اردو (ہند)، ۱۹۹۰ء)

[۱۶] مولوی نجم الغنی، دیباچہ، بحر الفصاحت: حصہ اوّل، ایضاً، ص: ۱۱۴تا۱۱۵

[۱۷] پنڈت دتاتریہ کیفی، مترجم، دیباچہ، ایضاً، ص: ق

[۱۸] مولوی عبدالحق، مرتب، دیباچہ، دریائے لطافت ایضاً، ص: ت

[۱۹] مولوی عبدالحق، مرتب، قواعد اردو، (کراچی انجمن ترقی اردو پاکستان، ۲۰۰۹ء)، ص: ۳۱تا۳۲

[۲۰] سید احتشام حسین، تنقید اور عملی تنقید، ایضاً، ص: ۲۴

[۲۱] کلیم الدین احمد، عملی تنقید: (جلد اوّل، حصہ اوّل" پٹنہ: کتاب محل، طبع اوّل، ۱۹۶۳ء)

[۲۲] کلیم الدین احمد، ایضاً، ص: ۱۱

[۲۳] کلیم الدین احمد، ایضاً، ص: ۱۱

[۲۴] کلیم الدین احمد، ایضاً، ص: ۱۰

[۲۵] کلیم الدین احمد، ایضاً، ص: ۱۳تا۱۴

[۲۶] کلیم الدین احمد، ایضاً، ص: ۱تا۳
[۲۷] کلیم الدین احمد، ایضاً، ص: ۱۹۲
[۲۸] وہاب اشرفی، ڈاکٹر، کاشف الحقائق ایک مطالعہ (دہلی: ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، طبع دوم ۲۰۰۴ء)، ص: ۹۸
[۲۹] وہاب اشرفی، ڈاکٹر ایضاً، ص: ۹۸
[۳۰] وحید قریشی، ڈاکٹر، مرتب، مقدمہ شعر و شاعری (علی گڑھ: ایجوکیشنل بک ہاؤس، ۱۹۸۵ء) ص: ۶۰تا۶۱
[۳۱] مولانا الطاف حسین حالی، مقدمہ شعر و شاعری (مرتب، ڈاکٹر وحید قریشی، ۱۹۸۵ء) ص: ۲۱۷تا۲۱۸
[۳۲] عابد علی عابد، اصول انتقادِ ادبیات، (لاہور: مجلس ترقی ادب، ۱۹۶۰ء) ص: ۱۳تا۱۵

پروفیسر نیلوفر زمان
شعبۂ اردو، وفاقی اردو یونیورسٹی،
عبدالحق کیمپس، کراچی۔

احمد ہمدانی کی شا گھنگی ی
ترقی پسند تحریک کے تناظر میں تحقیقی تجزیہ

POETRY OF AHMED HAMDANI: IN PERSPECTIVE OF PROGRESSIVE MOVEMENT, A RESEARCH ANAYLISIS

Abstract

Ahmed Hamdani is one of thepoet who has brought a revolutionary change in the poetry.He has proved his identity in the modren poetry.He raised his voice against the class differentiation between rich and poor societies, the sectarians and the unjustified attitude of the communities.according to him the rich people were becoming richer and poorer.

He had also been supporting the doctrine of Progressive Movement(Tarraqui Passand Tehreek).His poetry also highlighted issues which pertained to land lords,governing class,factory owners,capitalist and a common man who have face all the difficulties to earn his bread and butter.

Poetry of Ahmed Hamdani had a point of view of Progressive Movement(Tarraqui Passand Tehreek), common man's issues had been always been the subject of his poetry.He opposed capitalism and feudalism with full force in a literary way.

short keys: *Progressive Movement (Tarraqui Passand Tehreek), Poetry, Society, common people, feudalism.*

برصغیر کا منظر نامہ سماجی، سیاسی اور عالمی تبدیلیوں کے اثرات رکھتا ہے۔ یہ اثرات اردو زبان وادب پر بھی پڑے اور اردو غزل بھی ان اثرات سے متاثر ہوئی۔ اردو غزل گوئی کی روایت فارسی ادب سے مستعار ہے۔ غزل کے لغوی معنی تو محبوب سے باتیں کرنا[۱] ہے لیکن سماجی تبدیلیوں اور مغربی اثرات کے تحت رونما ہونے والی ادبی تحریکوں جیسے علی گڑھ تحریک، انجمن پنجاب کی تحریک اور ترقی پسند مصنفین کے زیرِ اثر اردو غزل نے سماجی، سیاسی اور عالمی تبدیلیوں کو بھی اپنے اندر سمیٹ لیا۔ اردو غزل کی روایت جب ترقی پسند تحریک کے زیرِ اثر آگے بڑھی تو ہم دیکھتے ہیں کہ اردو غزل نے عشق و محبت کے موضوعات یعنی ''غمِ جاناں'' سے ''غمِ دوراں'' کے اظہار کو بھی ویسا ہی حسن بخشا جو غزل کی پہچان رہا۔ گو کہ اس زمانے میں نظمیں بھی لکھی گئیں لیکن ترقی پسند شعراء نے اپنی فکری اور تحریکی مقصدیت کو غزل میں بھی جابجا پیش کیا۔

احمد ہمدانی (ولادت: ۱۹۲۴ء۔ وفات ۲۰۱۵ء) بیسویں صدی کے اس منظر نامے سے جڑے تھے۔ جس میں ماضی کی غزل گوئی نئے دور سے ہم آہنگ ہو رہی تھی۔ میرٹھ میں ادبی طور پر فعال رہے اور قیامِ پاکستان کے بعد کراچی ہجرت کی۔ [۲] ۱۹۵۱ء میں بحیثیت صداکار ریڈیو پاکستان میں اپنا لوہا منوایا[۳] اور بحیثیت شاعر اپنی انفرادیت کو تسلیم کرایا۔ ترقی پسند تحریک کے نظریہ کی پاسداری تمام عمر کی اور اپنی تخلیقات اور تنقیدی مضامین میں ہمیشہ نظریہ کو مقدم رکھا۔ سماجی طبقات کے خلاف آواز اٹھائی۔ انھوں نے غور و فکر کو اپنا شعار بنایا یہی وجہ ہے کہ ان کی تصانیف ترقی پسندی کا معیار قرار پائیں۔ ریڈیو کی مصروف زندگی کے باوجود وہ ادبی سرگرمیوں کی بھی جان رہے۔ ریڈیو کے ادبی پروگرام احمد ہمدانی کی انفرادیت کے گواہ ہیں۔

جدید دور میں ''ثبات ایک تغیر کو ہے زمانے میں'' کی حقیقت مثلِ آئینہ ہو گئی۔ ترقی پسند تحریک کے بنیادی اجزائے ترکیبی یعنی مزدور اور مالک، سرمایہ دار اور مزدور، زمیندار اور ہاری، مزدوروں، ہاریوں کے مساویانہ حقوق کی بات ترقی پسندی کا منشور قرار پائی۔ [۴] ترقی پسند تحریک کے زیرِ اثر لکھا جانے والا ادب معاشرے کی ترجمانی کے ساتھ ساتھ ان مسائل کی جانب بھی متوجہ کرتا ہے جو سماج میں مزید مسائل کو جنم دیتے ہیں اس میں بنیادی نظریہ روٹی، کپڑا اور مکان کا ہے۔ یعنی تمام انسانوں کو بنیادی ضروریاتِ زندگی حاصل ہوں۔ ترقی پسند ادب نے رجحان، تخلیق اور عمل کو فروغ دیا۔ نعروں کی سیاست سے عملی اقدامات کی جانب قدم بڑھایا۔ ترقی پسند شاعری نے زندگی کے وہ موضوعات چنے جن پر بہت کم لکھا گیا یا لکھا ہی نہیں گیا۔ کہیں کہیں ترقی پسندی سماجی اقدار کی بازیافت بھی کرتی ہے اور قابلِ اعتراض اقدار پر قدغن بھی لگاتی ہے۔ ترقی پسند شاعری میں شعراء جبر کے خلاف آواز بلند کرتے اور براہ

راست قاری سے مکالمہ کرتے دکھائی دیتے ہیں۔ابتدائی ادوار میں گھن گھرج کی علامت قرار دیا جانے والا یہ ادب آج تاریخ کا حصہ ہے اور اس کے بغیر اردو ادب اور اردو شاعری کی افادیت کا بیان ممکن نہیں۔ترقی پسند شاعری کے اہم موضوعات میں طبقاتی معاشرہ، مزدوروں اور محنت کشوں کے حقوق کی پاسداری، وطنیت، پرانے وڈیرہ شاہی نظام کی مخالفت اور برابری کے حقوق کا مطالبہ ،عوام کے مسائل اور ان کا حل شامل رہے۔

احمد ہمدانی بیسویں صدی کے اہم ترقی پسند شعراء میں اپنے علم و دانش اور فکری وابستگی کے سبب شمار کیے جاتے ہیں۔انھوں نے پی۔آر۔سے زیادہ کام کو ترجیح دی۔ان کی غزل گوئی کا آغاز ۱۹۴۶ء میں ہوا۔[۵] باوجود اس کے فکری اور قلبی طور سے ترقی پسند تحریک سے وابستہ ہیں۔احمد ہمدانی کی غزلیں کلاسیکیت اور جدید اسلوب رکھتی ہیں۔ابتدائی شاعری واردات قلبی اور غم دوراں کے خارجی عوامل کے ساتھ ساتھ تازہ کاری لیے ہوئے ہے۔

احمد ہمدانی کی غزلوں کا پہلا مجموعہ ''پیاسی زمین'' ۱۹۷۱ء میں شائع ہوا۔ جس میں ۸۳ غزلیں شامل ہیں۔'' افتتاحیہ '' کے عنوان سے معروف نقاد مجنوں گور کھپوری کا مضمون ان کی شاعری کے پوشیدہ گوشوں کو سامنے لاتا ہے۔وہ لکھتے ہیں:

> '' احمد ہمدانی سنبھل کر شعر کہتے ہیں۔ان کی غزلوں میں جواُن کا اصلی سرمایہ ہے،ایمائیت اور ابہام کے باوجود کسی قسم کا الجھاؤ نہیں ہے۔وہ بغیر کھلے ہوئے، ہلکے اشاروں میں اپنے تاثرات کو سننے اور پڑھنے والوں پر واضح کر دیتے ہیں۔جو اچھی علامت ہے۔''[۶]

اسی مجموعے میں ''آئینہ '' کے عنوان سے شاعر نے خود شناسی کے عمل سے گزر کر اپنے قارئین کو مخاطب کیا ہے اور اپنی شاعری کو مجبوری سے تعبیر کیا ہے۔اپنی غزل گوئی پر ان کی رائے ان کے نظریہ اور طرز زندگانی کی ترجمان ہے۔وہ لکھتے ہیں:

> '' میری یہ غزلیں زندگی کے کچھ دکھوں کی تصویریں ہیں۔'' [۷]

فیض احمد فیض نے کہا تھا:

لوٹ جاتی ہے ادھر کو بھی نظر کیا کیجے
اب بھی دلکش ہے ترا حسن مگر کیا کیجے

احمد ہمدانی کی نظر سماج اور انسان کے تعلق سے ان مسائل اور مصائب سے ہٹتی ہی نہیں۔ان کی غزلیں ان کے ذاتی زندگی اور خارجی تجربات کا عکس ہیں۔

ہمارے نام سے ہی لوگ ہم کو پہچانیں

وفا و مہر کے رشتے تو اب رہے بھی نہیں [۸]

جدید شاعری کی تعریف یہی ہے کہ روایتی شاعری کی اخلاقیات اور اقدار سے دامن چھڑا کر اپنے ذاتی تجربے کو شعر کا پیراہن عطا کیا جائے۔ فکری طور پر ترقی پسند شاعری میں یہی روش دکھائی دیتی ہے۔ ''پیاسی زمین'' کی غزلوں میں علامتوں اور تمثیلوں کے ذریعے ایسی ہی فضا ابھارنے کی کوشش نظر آتی ہے۔ سماجی اخلاقیات کی گراوٹ اور ریاکاری، جھوٹ، فریب سے بچ کر انسان نے فطرت میں پناہ ڈھونڈنا چاہی لیکن زمین ایسی تنگ ہوئی کہ حساس دل رکھنے والا انسان تڑپ کر رہ گیا۔

اکیلے آئے تھے دشتِ جنوں میں ہم لیکن
یہاں بھی شہر بسا کر چلا گیا کوئی [۹]

''پیاسی زمین'' کے انتخاب کے دوران میری نظر سے جو اشعار گزرے ان میں سے بیشتر اشعار احمد ہمدانی کی خاص فکر اور ترقی پسندی کے ترجمان ہیں۔ ان اشعار کا انتخاب ملاحظہ کیجیے۔

جو ذکر چلے تھے وہ کچھ نئے نہ تھے
مگر یہ بات کہ دل اس طرح دکھے نہ تھے

—

ہمارے نام سے لو دے رہے ہیں زخم وہاں
دکھوں کی بات جہاں لوگ جانتے بھی نہ تھے [۱۰]

—

رُکی رُکی سی ہوائیں گھُٹا گھُٹا ماحول
یہ رات رات اندھیرا کہاں چلے آئے

—

گھروندا ایک بنایا تھا ہم نے خوابوں کا
گرا کے خود وہ گھروندا کہاں چلے آئے [۱۱]

—

نہ آرزو ہی تھی دل میں نہ کچھ طلب ایسی
نہ جانے پھر بھی ہمیں کیوں ستا گیا کوئی [۱۲]

—

کائنات کے دل میں درد سا یہ کیوں اٹھا

ہم تو اس محفل سے مسکراتے آئے ہیں [۱۳]

مذکورہ اشعار میں ترقی پسندی اپنی جگہ قیام پاکستان کے بعد کے مسائل اور سماجی شکست وریخت کو بھی محسوس کیا جاسکتا ہے۔ احمد ہمدانی نے گھن گرج کا اسلوب اختیار نہیں کیا وہ طبعاً نفیس اور امن پسند اور دھیمے لہجے کے شاعر ہیں۔ باہر کے شور شرابے کو اپنے اندر کے سکون پر اثرانداز نہیں ہونے دیتے۔ اپنے کرب اور اضطراب کو دھیمے لہجے میں بیان کرتے ہیں۔ ان کی ذات میں ہجرت اور ہجرت کے بعد کے مسائل کا دکھ ٹھہرا رہا۔ وہ سماجی انصاف، امن وآتشی کے داعی اور مدعی رہے۔ ''پیاسی زمین'' کی غزلیں ان کے خلوص اور فن کی ترجمان ہیں۔ پروفیسر اسلم فرخی نے انھیں بحیثیت غزل گو ان الفاظ میں خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔

''احمد ہمدانی غزل کا شاعر ہے۔ اس کی فکر کے جوہر اس کے احساسات زندگی کے کسی ایک رُخ یا کسی خاص پہلو پر ہی محیط نہیں، ان میں ہمہ گیری اور بے چارگی کا شدید احساس بھی ہے۔ صنعتی معاشرہ کی بے رحمی کا گلہ بھی، جمالیات کا رچا ہوا ذوق بھی ہے، محبت کی سلیقہ مندی اور گل وثمر کو اپنے دامن میں سمیٹ لینے کی شدید خواہش بھی۔'' [۱۴]

احسن فاروقی [۱۵] نے ان کی غزلوں میں نظم کی روانی دریافت کی اور جدید غزل گوئی کا کرشمہ قرار دیا۔ ''پیاسی زمین'' اپنے عنوان سے بھی شاعر کی فکری انفرادیت اور تمثیل نگاری کا عکس لیے ہوئے ہے۔ اپنے معاصر شعراء میں احمد ہمدانی نے ناصرف غزل کے مناسبات اور تلازمات کو جدت سے استعمال کیا بلکہ انھوں نے ترقی پسند تحریک سے وابستگی کے عنصر کو بھی ملحوظ رکھا نہ وہ فرض سے غافل ہوئے نہ نظریہ سے۔ اردو شاعری کی تاریخ میں ترقی پسند ادب بالخصوص شعری سرمائے میں جس قدر اضافہ ہوا وہ قابلِ رشک ہے۔ اردو غزل کو نیا آہنگ اور نیا روپ دینے میں ترقی پسند تحریک کو دخل ہے۔ احمد ہمدانی نے ماضی کی تلخیوں کو حال سے پیوست کر کے نئے تجربات اور نئے اسلوب کو اپنی شخصیت کا ذاتی حوالہ بناڈالا۔

احمد ہمدانی کا دوسرا مجموعہ ''ہجر کی چھاؤں'' ۱۹۹۸ء میں شائع ہوا۔ جس میں ۵۶ غزلیں شامل ہیں۔ پہلے مجموعہ کی اشاعت کے ستائیس سال بعد اس مجموعہ کی اشاعت ہوئی۔ اس میں شامل غزلیں تعداد میں پہلے مجموعے سے کم اور بالحاظ اسلوب مزید نکھری ہوئی ہیں۔ بیسویں صدی کی آخری دہائی کہ جب دنیا نقشے سے نکل کر خلا کی حدود تک جا پہنچی۔ جدید ذرائع نقل وحمل سے انسان اتنا حیران نہیں تھا جتنا کمپیوٹر، انٹرنیٹ اور سٹیلائٹ سے ششدر ہوگیا۔ جامِ جم کی مانند انٹرنیٹ نے سات سمندروں کے فاصلے سمیٹ لیے۔ اتنی ترقیوں کے باوجود زمین بنی آدم کے کمزور، محکوم، مزدور، غریب انسان کے لیے دووقت کی روٹی، رہنے کا ٹھکانہ فراہم نہ کرسکی۔ سرمایہ دار اور وڈیرہ شاہیوں نے انسان کی وقعت کو کم کیا، غربت

مزید بڑھی اور انسان کی اخلاقی اقدار بھی صنعتی و ٹیکنالوجی کے معاشرے میں گم ہو گئیں۔

''ہجر کی چھاؤں'' عنوان سے ہی انسان کے انسان سے بچھڑ جانے کا المیہ بیان کررہا ہے۔''پیاسی زمین'' استعارہ تھا امیدوں کا،ان دنوں کا جو نئے تناظر اور نئے جذبات سے وابستہ تھے لیکن ''ہجر کی چھاؤں'' استعارہ ہے اس روایت کا جو اردو غزل میں وصل کے لیے ناگزیر ہے۔یعنی جدائی کی ٹھنڈک میں کئی نئے تلازمات کو محسوس کیا جا سکتا ہے۔ہجر مشروط نہیں وصل سے مگر امید ہے آس ہے کہ ملاقات ہو گی۔اب ایک نیا منظر نامہ شاعر کو درپیش آیا اس نے محسوس کیا کہ انسان انسان سے جدا ہو گیا اب باہمی تعلقات میں اشیاء کو فرد پر برتری حاصل ہو گئی۔جدید ذرائع سے سات سمندر پار شخص سے گفتگو ہو رہی ہے اور پڑوسی بھوکا سو رہا ہو تو معلوم نہیں ہوتا۔اب ''پیاسی زمین'' کے سے شکوے کی جگہ وہ راحتیں اور امن یاد آرہا ہے جس میں مسرت تھی،خوشی تھی، سب کا دکھ درد میں شریک ہونا اور ایک دوسرے کے لیے فکرمند ہونا۔اب زمین اور سرحدیں دلوں پر بھی مسلط ہو گئیں۔

ہجر کی چھاؤں میں جیے کیسے
وہ بھلا کب یہ سوچتا ہوگا [۱۶]

اب انسان انسان سے خوف زدہ ہے۔نئے دور کا انسان آسائشوں کا عادی ہو گیا اور انسانوں سے یا ان جذبات و احساسات سے عاری ہو گیا۔دل ویران ہو گئے اور مکان دنیا بھر کے سامانوں سے بھر گئے۔ایک غزل میں ایسا ہی کچھ منظر نامہ بیان کیا گیا ہے۔

پتہ پتہ پیڑ سوکھے کیوں ہواؤں سے کہیں
دل ہوئے ویران کیسے کیوں ہواؤں سے کہیں

—

نہ اندھیروں کی لکیریں رینگتی ہیں کس لیے
ہم اجالوں میں بھی سہمے کیوں ہواؤں سے کہیں

—

اُڑ رہی ہے گرد اتنی سانس لینا ہے محال
جی لیے ہم پھر بھی کیسے؟ کیوں ہواؤں سے کہیں

—

ہر طرف پھیلی ہوئی ہے پیلی پیلی ریت اب
کیا ہوئے وہ سبز پودے کیوں ہواؤں سے کہیں [۱۷]

شہر کی زندگی میں ماحولیاتی تبدیلی کے ساتھ ساتھ انسانی رویوں کی ترجمان یہ غزل ایک المیہ بیان کرتی ہے کہ انسان نے انسانوں سے ہی نہیں فطرت سے بھی دامن چھڑا لیا ہے۔اب انسان کو نت نئی ٹیکنالوجی عزیز ہے جبکہ زندگی کے عناصر میں اس سے عدم توازن بڑھتا جارہا ہے جو زمین پر اس کے وجود کے لیے خطرہ ہے۔اس کے ساتھ ہی احمد ہمدانی بیسویں صدی کی آخری دہائی میں رونما ہونے والے حالات وواقعات کی منظر کشی بھی اپنے اشعار و غزل میں کر چکے ہیں کہ جب شہر میں روز ایک گھر برباد ہوتا تھا اور حاکم وقت بے فکر سوتا تھا۔ ہر دن کسی نہ کسی کو بے وجہ ،بلا سبب،ذات،رنگ، نسل،زبان،علاقہ کے سبب نامعلوم لوگوں نے قتل کر دیا اوران مقتولین سے وابستہ زندگیاں دربدر پھرتی رہیں ۔عوام دہشت گردی کے ہاتھوں تنگ اور مجبور اپنی زندگی کے دن گزارتے رہے اور حکمران کہ جو روزِ قیامت ان سب کے جوابدہ ہیں وہ بے فکری سے اپنی عیاشیوں میں مگن رہے۔

یہ زندگی ہے یہاں رنج سے بھی کیا حاصل
ہمیں تو دیکھو کہ ہم زخم زخم ہنستے ہیں [۱۸]

—

دہشتوں نے جمائے ہیں ڈیرے
سہمے سہمے ہیں جسم و جاں لوگو

—

ہر طرف ناچتے ہیں کچھ آسیب
اب یقیں ہے نہ کچھ گماں لوگو

—

وہم کے سانپ رینگتے ہیں کیوں
ہنستے بچوں کے درمیاں لوگو [۱۹]

—

وہ ایک شخص بظاہر تو پرسکوں ہے بہت
وہ ایک شخص مگر بے قرار کیسا ہے[۲۰]

''ہجر کی چھاؤں'' میں کراچی کے سماجی وسیاسی منظر نامے کے ساتھ ساتھ روایتی غزل کے رنگ میں بھی کئی غزلیں مل جاتی ہیں۔اس مجموعے میں شاعر کے جذبات واحساسات میں پختگی کے ساتھ ساتھ دلی واردات بھی خارجی مظاہر سے جڑی ہوئی محسوس ہوتی ہے۔اب ماضی کی محبتیں اور حال کی قربتیں

واضح صورت گری کرتی نظر آتی ہیں۔

اک نظر ڈالی کس نے؟ دل میں دھومیں مچ گئیں
کیا زمانہ تھا جسے اپنا سمجھ بیٹھے تھے ہم [۲۱]

میں حال دل کہوں تو نہ نظریں اُٹھائے وہ
اور اس کے بعد خوب فسانے بنائے وہ

یوں تو ہے دل دُکھانے سے ہر لحہ شغل اے
لیکن دُکھوں کی راہ میں بھی جی کو لُبھائے وہ [۲۲]

اُس سے ہو جائیں جو مایوس، یہ ہوتا بھی نہیں
جیتے جی اس سے ملیں ہم یہ بھروسا بھی نہیں

اپنی چاہت پہ بہت ناز ہے ہم کو لیکن
کوئی دنیا سے انوکھا تو یہ قصہ بھی نہیں

بن گئی جان پہ کیا کیا نہ ہمارے لیکن
کیا سبب ہے تری رنجش کا یہ پوچھا بھی نہیں [۲۳]

مذکورہ اشعار روایتی غزل کا وہ روپ ہیں جس سے اردو شاعری میں غزل آبرو قرار پاتی ہے۔ احمد ہمدانی نے فنکارانہ مہارت سے عاشقانہ اشعار کو سادہ بیانیہ عطا کیا۔ ان کی غزلوں میں قافیہ وردیف کی ندرت انھیں روایت وجدّت کا انفرادی شاعر منواتی ہے۔ ہر شعر گویا عام انسان کے دل کی آواز ہے اور شاعر نے عوامی طرز کو زیادہ ترجیح دی ہے۔

احمد ہمدانی کا اسلوب سادہ اور رواں ہے۔ ان کی غزلیں جدید دور کے غزل گو شعراء میں نمایاں اہمیت کی حامل رہی ہیں۔ روایتی استعاروں، اور تشبیہات کے ساتھ ساتھ علامت نگاری کا بھی خوبصورتی سے استعمال کیا ہے۔ کہیں کہیں ہندی کے الفاظ بھی شعر کا لطف دوبالا کرتے ہیں جیسے:

اپنی کتھا کہانی بابا!!
کس کس سے دہرائیں گے [۲۴]

من موہنی اداؤں کو ملتی ہیں صورتیں
خوشبو یہ کس کی خود میں بسائے ہوئے ہے رات [۲۵]

احمد ہمدانی کا ربط فکری طور پر ترقی پسند تحریک سے رہا ہے اور ترقی پسند فکر کے تحت لکھے جانے والے ادب کے لوازمات کو بھی ان کے دونوں شعری مجموعوں میں ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔ وہ عام آدمی کی زندگی، اس کے مسائل پر ہی نہیں سوچتے بلکہ انسانی اقدار وروایات کی پامالی بھی ان کو بے چین کرتی ہے۔ شاعر کیوں کہ حساس دل رکھتا ہے لہذا بعض واقعات اور حادثے ہمیں وقتی طور پر متاثر کرتے ہیں پھر ہم ان سے درگزر کرکے اپنے روزوشب میں مگن ہوجاتے ہیں مگر شاعر ایسے واقعات پر جلتا کڑھتا ہے اور اسے اپنی لے میں بیان کرتا ہے۔ اور اس امید پر جیتا ہے کہ کبھی تو سحر ہوگی۔ محمد حسن عسکری نے ان کی شاعری کے بارے میں واضح اور سچی بات کہی تھی کہ:

''احمد ہمدانی کو سنوار کے شعر کہنے کا شوق ہے جو آج کمیاب ہوتا جارہا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ انہیں پرانے مضمون میں سے نئے مضمون نکالنے کا بھی سلیقہ حاصل ہے۔ آسان اور سبک الفاظ، چھوٹی بحریں، دلالت کے بجائے اشارت یہ ان کا خاص انداز ہے۔'' [۲۶]

وہ خود کہتے ہیں:

گمان اپنا ہوں یا میں خیال اپنا ہوں
خلاصہ یہ کہ میں خود ہی کمال اپنا ہوں

حواشی:

(۱) رفیع الدین ہاشمی، 'اصنافِ ادب' لاہور: سنگِ میل پبلی کیشنز، ۱۹۹۱ء، صفحہ نمبر: ۳۱
(۲) محمد اقبال خاں، اسدیؔ، ڈاکٹر، 'ریڈیو پاکستان کی پچاس سالہ علمی اور ادبی خدمات' کراچی: شہرزاد، پبلی کیشنز، ۲۰۱۱ء، صفحہ نمبر:: ۴۵۸
(۳) محمد اقبال خاں، اسدیؔ، ایضاً صفحہ نمبر:: ۴۵۹۔۴۵۸
(۴) انور سدید، ڈاکٹر، 'اردو ادب کی تحریکیں' کراچی انجمن ترقی اردو پاکستان، ۱۹۹۹ء، صفحہ نمبر: ۴۶۴تا۴۶۷
(۵) ماخذ: ذاتی کوائف مشمولہ: ''ہجر کی چھاؤں' مکتبہ اسلوب، کراچی، ۱۹۹۸ء، صفحہ نمبر: ۶
(۶) ماخوذ: 'افتتاحیہ' مشمولہ 'پیاسی زمین' کراچی: سیپ پبلی کیشنز، اشاعت اوّل، ۱۹۷۱ء، دوم ۱۹۹۴ء، صفحہ نمبر: ۵

(۷) ماخوذ: 'آئینہ' مشمولہ 'پیاسی زمین' بقیہ ایضاً، صفحہ نمبر: ۷

(۸) مشمولہ 'پیاسی زمین' بقیہ ایضاً، صفحہ نمبر: ۴۴

(۹) مشمولہ 'پیاسی زمین' بقیہ ایضاً، صفحہ نمبر: ۱۱

(۱۰) مشمولہ 'پیاسی زمین' بقیہ ایضاً، صفحہ نمبر: ۳۸

(۱۱) مشمولہ 'پیاسی زمین' بقیہ ایضاً، صفحہ نمبر: ۲۱

(۱۲) مشمولہ 'پیاسی زمین' بقیہ ایضاً، صفحہ نمبر: ۱۳

(۱۳) مشمولہ 'پیاسی زمین' بقیہ ایضاً، صفحہ نمبر: ۳۳

(۱۴) ماخوذ: فلیپ۔ مشمولہ 'پیاسی زمین' بقیہ ایضاً

(۱۵) ماخوذ: 'سچا شاعر' مشمولہ 'پیاسی زمین' بقیہ ایضاً، صفحہ نمبر: ۱۸

(۱۶) مشمولہ: ' ہجر کی چھاؤں' مکتبہ اسلوب، کراچی، ۱۹۹۸ء، صفحہ نمبر: ۱۳

(۱۷) مشمولہ: ''ہجر کی چھاؤں' مکتبہ اسلوب، کراچی، ۱۹۹۸ء، صفحہ نمبر: ۲۳تا۲۴

(۱۸) مشمولہ: ''ہجر کی چھاؤں' مکتبہ اسلوب، کراچی، ۱۹۹۸ء، صفحہ نمبر: ۹۸

(۱۹) مشمولہ: ''ہجر کی چھاؤں' مکتبہ اسلوب، کراچی، ۱۹۹۸ء، صفحہ نمبر: ۱۱۵تا۱۱۶

(۲۰) مشمولہ: ''ہجر کی چھاؤں' مکتبہ اسلوب، کراچی، ۱۹۹۸ء، صفحہ نمبر: ۱۲۴

(۲۱) مشمولہ: ''ہجر کی چھاؤں' مکتبہ اسلوب، کراچی، ۱۹۹۸ء، صفحہ نمبر: ۱۰۵

(۲۲) مشمولہ: ''ہجر کی چھاؤں' مکتبہ اسلوب، کراچی، ۱۹۹۸ء، صفحہ نمبر: ۴۳تا۴۷

(۲۳) مشمولہ: ''ہجر کی چھاؤں' مکتبہ اسلوب، کراچی، ۱۹۹۸ء، صفحہ نمبر: ۶۹تا۷۰

(۲۴) مشمولہ: ''ہجر کی چھاؤں' مکتبہ اسلوب، کراچی، ۱۹۹۸ء، صفحہ نمبر: ۵۲

(۲۵) مشمولہ: ''ہجر کی چھاؤں' مکتبہ اسلوب، کراچی، ۱۹۹۸ء، صفحہ نمبر: ۲۵

(۲۶) ماخوذ: فلیپ۔ مشمولہ 'پیاسی زمین' بقیہ حوالۂ سابقہ۔۔ ایضاً

ڈاکٹر سیّد شہاب الدین
اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ بین الاقوامی تعلقات،
وفاقی جامعہ اردو کراچی۔
-
ڈاکٹر اصغر علی دشتی
اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ بین الاقوامی تعلقات،
وفاقی جامعہ اردو کراچی۔
-
رضوانہ جبین
لیکچرار، وفاقی جامعہ اردو کراچی۔

مسلم دنیا میں ملٹی نیشنل کمپنیوں کیلئے مقامی زبان اور ثقافت سے آگاہی کی اہمیت

AN IMPORTANTS OF LOCAL LANGUAGES AND CULTURE ARE MULTINATIONAL COMPANIES IN THE MUSLIM WORLD

Abstract

This article describes the role of local languages, culture and islamic values and in addition the peice of the multinational companies, Muslim world.Local language and culfure are in the information of the multinational companies for going ahead with the business or to make the technique for the interest in the Muslim nation.Multinational companies have had awesome impact in the improvement of Muslim countries, however have additionally contributed for generation, thoughtfulness regarding a few point and suggestion for the accomlishment of the matter of the multinational companies while consciousness of chiefs to comprehend nearby dialects and culture

mindfulness in Muslim world. This article is made to understand the polices of multinational companies use the quality fiscally to announce the conditions on the host nation, this article has especially called attention to the fundamental part of the multinational companies in the financial field in Muslim world in addition portrayed the procedure of the multinational companies aiding advancement of innovation and the assembling technique.

تعارف

ملٹی نیشنل کمپنیوں کے کاروبار دنیا بھر میں سر گرم ہیں۔ان کمپنیوں کا کردار غیر ملکی سرمایہ کاری کے عمل میں بہت حقیقی اور اس طرح کی سرمایہ کاری کا مقصد سب سے پہلے تو وسائل کا حصول اور دوسرا کاروباری میدان میں برتری ہے۔بلاشبہ ملٹی نیشنل کمپنیاں نہ صرف اشیاء کی پیداوار میں اپنا اہم حصہ رکھتی ہیں بلکہ ساتھ ہی سیاحت اور بنکاری میں بھی خدمات سرانجام دے رہی ہیں۔ ملٹی نیشنل کمپنیاں مواصلات،ٹرانسپورٹ اور بجلی کے ساتھ ساتھ انفارمیشن ٹیکنالوجی اور خلائی ٹیکنالوجی میں بھی وسیع پیمانے پر کام کررہی ہیں۔ ملٹی نیشنل کمپنیوں کا کردار زراعت،پیٹرولیم،ائیر لائن اور دیگر کئی صنعتوں میں کامیاب اور فائدے مند رہا ہے۔لیکن ان کثیر الملکی کمپنیوں کو مسلم ممالک میں بہت سے مسائل کا بھی سامنا ہے جن میں وسائل و حقوق کی عدم دستیابی شامل ہے۔ترقی یافتہ اور ترقی پذیر ممالک میں کامیاب کاروباری سر گرمیوں کے باعث ملٹی نیشنل کمپنیوں کو مخالفین کی سازشوں اور پر تشدد تحریکوں کا سامنا بھی رہتا ہے۔تو در حقیقت اس تحقیق کا محور مسلم ممالک میں ملٹی نیشنل کمپنیوں کی افادیت کو جاننا ہے اس بات میں کوئی دورائے نہیں کہ عالمی برادری بین الاقوامی کاروبار میں ملٹی نیشنل کمپنیوں کے مثبت اور کامیاب کردار کو سراہتی ہیں جو اپنے وسیع تر تجربے کے ساتھ ساتھ ملٹی نیشنل کمپنیاں میزبان ممالک میں نئی ٹیکنالوجی و مصنوعات اور کاروباری مقابلہ بھی فراہم کرتی ہیں۔ گزشتہ کچھ عرصے سے مسلم ممالک میں ملٹی نیشنل کمپنیوں کے کردار کا جائزہ لیا ہے مگر اس تحقیقی مقالے میں نہ صرف کردار و شراکت بلکہ مسائل کا بھی جائزہ لیا ہے

جو حکومتوں اور ملٹی نیشنل کمپنیوں کو مخالفین کی طرف سے درپیش ہوتے ہیں۔یہ بات بھی دیکھنے میں آئی ہے کہ یہ کمپنیاں جس معیار او طریقہ کار سے اپنی مصنوعات بناتی ہیں وہ مقامی حکومت کے بس میں نہیں۔

مسلم ثقافتی اقدار

یہ تحقیقی آرٹیکل مسلم و غیر مسلم کا فرق واضح کرنے کے ساتھ ساتھ معاشی و معاشرتی نظریات کی بناء پر ملٹی نیشنل کمپنیوں کی سرگرمیوں میں ثقافتی و مذہبی ہم آہنگی کو بھی واضح کرتی ہے۔اس کے علاوہ ثقافت اور علاقائی زبانوں کی شراکت سے مسلم ممالک میں کامیاب کردار کا جائزہ بھی لیا گیا ہے۔ مسلم اور غیر مسلم کے درمیان فرق ملٹی نیشنل کمپنیوں کی سرگرمیوں میں بھی پایا جاتا ہے۔اس ہی فرق سے ملٹی نیشنل کمپنیاں کامیابی سے مذہبی اور سماجی مسائل کا سامنا کر رہی ہیں۔ 1 ملٹی نیشنل کمپنیوں کا اسلامی اخلاقی اقدار کے بارے میں باشعور ہونا بہت ضروری ہے تاکہ ان کی کاروباری سرگرمیاں مسلم دنیا کی اسلامی و ثقافتی اقدار کے منافی نہ ہو جائے۔ ملٹی نیشنل کمپنیوں کا کردار ان کے کاروباری مخالفین کے مقابلے میں بھی غور طلب ہے۔ جہاں ایک طرف یہ تحقیق مسلم دنیا کی معاشی ترقی میں ملٹی نیشنل کمپنیوں کے کردار کو اجاگر کر رہی ہے وہی پر ملٹی نیشنل کمپنیوں کے منیجرز کے حوالے سے مسلم دنیا کے کچھ حلقوں کو لاحق خدشات کا جائزہ بھی لے رہی ہے۔ دنیا بھر میں کاروباری سرگرمیاں جاری رکھنے کیلئے مسلم ممالک میں کاروباری افہام و تفہیم خدمات اور پیداوار کے شعبوں کے لئے ضروری ہے۔ ملٹی نیشنل کمپنیوں کے منیجرز اور صارفین معاشی و غیر معاشی مسائل کی شناخت میں واضح فرق رکھتے ہیں اور یہ ہی ملٹی نیشنل کمپنیوں کو جو درپیش مسائل ظاہر کرتی ہیں۔ان میں ماحولیاتی آلودگی، مقامی صنعتوں سے بے جا مقابلہ، زرمبادلہ، بڑی تعداد میں پیداوار، مادیت، مقامی ثقافت کی تحریف اور سامراجی ذہنیت شامل ہیں۔2 دوسری جانب ملٹی نیشنل کمپنیوں کے مینجرز صرف زرمبادلہ اور منافع اپنے ملک بھیجنے کو مسائل تسلیم کرتے ہیں۔ مسلمان صارفین بھی ان ہی دو مسائل کو مسلم دنیا کے مقامی ثقافت کی تحریف کا باعث مانتے ہیں۔3 اقوام متحدہ کے ماحولیاتی پروگرام میں وہ تمام کمپنیاں شامل ہیں جو پیداوار ،انتظام اور تقسیم کے عمل میں ملوث ہیں۔ ملٹی نیشنل کمپنیوں کی مصنوعات کا معیار برقرار نہ رہنے پر ان کو ضم کرنا عالمی منڈی اور بین الاقوامی سرمایہ کاری خراب کر سکتا ہے۔بلاشبہ کہ بنیادی اسلامی علم حاصل کر کے ملٹی نیشنل کمپنیاں نہ صرف بہتر مسابقتی سہولیات حاصل کر سکتی ہیں بلکہ ہنر مند افرادی قوت کی کمی کو پورا کر کے کاروباری حریفوں پر دباؤ بھی ڈال سکتی ہیں۔

مسلم ممالک میں مقامی شراکت دار کے بین الاقوامی کاروبار

موجودہ دور کے تجارتی ماحول میں ملٹی نیشنل کمپنیوں نے پیداوار کے تواتر کو توسیع کر کے قومی اور بین الاقوامی بنیاد پر اہم کردار نبھایا ہے۔ ملٹی نیشنل کمپنیاں اپنے دائرہ کار کے اندر رہتے ہوئے تمام اقسام کے کاروبار بہترین انداز میں چلاتی ہیں اور ساتھ ساتھ اپنے منافع اور صلاحیت کو بھی وسیع کرتی

ہے۔در حقیقت ملٹی نیشنل کمپنیوں اور عالمی منڈی کی پیداوار میں کوئی توازن نہیں ہیں جن میں الیکٹرونک آلات، ربڑ وغیرہ اور دیگر خدمات شامل ہیں اور ان کی فراہمی میں نیشنل کمپنیوں کے مینجرز سے کا بہت اہم کردار ہے۔ ملٹی نیشنل کمپنی ملکی سرحد میں زیر کنٹرول ہوتی ہے لیکن جب کمپنی شراکت میں ہو تو بات الگ ہے کیونکہ شراکت اور زیر کنٹرول میں واضح فرق موجود ہے اور اس بات کی کوئی اہمیت نہیں کہ دنیا بھر میں ملٹی نیشنل کمپنیوں کا وجود صرف پیداوار کے لئے ہے۔ ملٹی نیشنل کمپنیاں ٹیکنالوجی کی منتقلی کے ذریعے میزبان ملک کی ترقی میں اپنا حصہ ادا کرتی ہیں۔4جیسا کہ مسلم ملک میں فارن کیپٹل انویسمنٹ کا قانون بیرون سرمایہ کاری اور جوائنٹ وینچرز کے ذریعے ٹیکنالوجی کے حصول کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ مثلاً مسلم ممالک میں مختلف کاروباری افراد اور نجی کمپنیاں مشترکہ منصوبوں کے لیئے غیر ملکی کاروبار میں دلچسپی رکھتے ہیں۔اس اصول کے مطابق ٹیکنالوجی کی منتقلی مارکیٹ میں اس طرح ہوتی ہے کہ سپلائر خریدار کو ٹیکنالوجی کی منتقلی کے ساتھ ساتھ تمام ضروری معلومات بھی فراہم کرتا ہے۔ لہذا ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ تجربے اور علم نے ہی ان کو ملائیشیا میں منافع بخش کاروبار دیا ہے۔5لیکن دیگر مسلم ممالک میں سرگرم ملٹی نیشنل کمپنیوں پر ہونے والی تحقیق سے سامنے آیا کہ کسی کمپنی نے اسلامی ثقافت کو اہمیت نہیں دی۔6دراثناء ملک میں غیر ملکی سرمایہ کاری لانا حکومت وقت کی ذمہ داری ہوتی ہے۔ برآمدات کے معاملے میں ملٹی نیشنل کمپنیوں کا کردار کلیدی ہے اس کے علاوہ جوائنٹ وینچرز کے ذریعے مسلم ممالک کی معیشت میں پیداوار کا حجم بڑی حد تک بڑھایا ہے۔اس میں کوئی شک نہیں کہ ملائیشیا نے جاپانی معاشی ترقی سے بہت کچھ سیکھا ہے۔ کرنسی بحران کے دوران جاپانی ملٹی نیشنل کمپنیوں نے ملائیشیا کی معیشت میں اہم کردار ادا کرتے ہوئے انڈسٹریل نیٹ ورکنگ کی یہاں چھوٹی صنعتوں اور بڑی ملٹی نیشنل کمپنیوں دونوں کا ذکر کیا گیا ہے۔7

مسلم دنیا میں ملٹی نیشنل کمپنیوں کے لئے زبان و ثقافت کی اہمیت

عام طور پر ملٹی نیشنل کمپنیوں کے مینجرز اور صارفین مقامی زبان ثقافت، اخلاقی اقدار کو تعلیم، مذہب اور مسلم دنیا میں قیام کے دورانے کے فرق کے بڑی اہمیت دیتے ہیں لیکن دونوں کا نظریہ الگ ہے۔ ملٹی نیشنل کمپنیوں کو خواتین کے لیئے عزت و حسن اخلاق کا علم ہونا بہت ضروری ہے کہ کیونکہ مقامی زبان اور ثقافتی اقدار سے آگاہی بہت ضروری ہے۔8اس معاملے میں ملٹی نیشنل کمپنیوں نے نہ صرف خواتین کے عزت و حسن اخلاق کی اہمیت کو مانا بلکہ یہ بھی واضح کر دیا ہے کہ ان کے مسلم و غیر مسلم مینجرز کے نظریات میں اس کو لے کر کوئی فرق نہیں ہے۔ مسلم دنیا میں طویل عرصے سے رہنے والے ملٹی نیشنل کمپنیوں کے نمائندے یہ بات بخوبی جانتے ہیں کہ مسلمان اسلام سے عقیدت رکھتے ہیں اور اسلام قرآن و

سنت کے ذریعے ایک مکمل طرز زندگی دیتا ہے جس میں رنگ و نسل اور سماجی درجے کا کوئی فرق نہیں۔9لہذا مخصوص مقامی زبانیں اور ثقافتی واخلاقی اقدار کا مکمل تجزیہ کرنے کے بعد ملٹی نیشنل کمپنیاں مسلم ممالک میں کاروبار میں دلچسپی لیتی ہیں اور کاروباری سرگرمیوں کو عملی جامہ پہنانے کے لیئے متعلقہ فریقین میں معاہدات پر دستخط بھی ہوتے ہیں۔10وہ تمام کاروباری افراد جو بھی دوسرے مسلم ملک میں کاروبار کرنا چاہتے ہوں ان کے لیئے ضروری ہے کہ وہ اسلامی کاروباری قوانین سے واقف ہوں کیونکہ رشوت اور دوسرے غیر قانونی کام اسلام میں سنگین جرم تسلیم کیئے جاتے ہیں۔بلاشبہ تمام مسلمان اس بات پر متفق ہیں کہ بطور غذا وہ گوشت حرام ہے جو جھٹکے غیر اسلام طرز پر ذبح کیا گیا ہو۔11لہذا ملٹی نیشنل کمپنیاں غذا کے حلال و حرام سے بخوبی واقف ہیں کیونکہ وہ مسلمان صارفین کی تذلیل نہیں چاہتے اور اس بات کا خاص خیال رکھتے ہیں کہ مسلمان صارفین کیا چاہتے ہیں۔اسلام محنت اور صدقہ و خیرات کی حوصلہ افزائی اور گداگری کی حوصلہ شکنی کرتا ہے۔اسلام ملازمین کے لیے کاروبار میں ان کی محنت اور شراکت کے مطابق وظائف اور انعام کو پسند کرتا ہے اور اس بات پر بھی زور دیتا ہے کہ ملازمین کو ان کی تنخواہ مقرر وقت پر ملنی چاہئے۔پنج وقتہ نماز، زکوۃ کی ادائیگی، رمضان کے روزے اور حج بھی اسلام کا اہم حصہ ہیں۔12ملٹی نیشنل کمپنیوں کے مینجرز کے نظریات ان کی اپنی اخلاقی اقدار پر ہوتے ہیں۔مثلا سگریٹ پینا مینجرز کے لیے معمول کی بات ہے جب کہ اسلام اس عمل منع فرماتا ہے کیونکہ یہ نہ صرف مضر صحت ہے بلکہ اس سے اپنے ساتھ ساتھ دوسروں کی جان کو بھی خطرہ ہوتا ہے۔اسلام انسانی حقوق کی سرپرستی کرتا ہے لیکن ساتھ ہی شخصی آزادی کی حدود بھی بتائی گئی ہیں۔اسلامی قواعد وضوابط میں مرد وعورت کا درجہ، حقوق اور فرائض برابر ہیں سوائے چند معاملات کے جیسے خواتین کو ان کے خاص ایام میں نماز وروزہ منع فرمایا گیا ہے اور ان پر مساجد میں نماز پڑھنے کی پابندی بھی نہیں ہے۔خواتین کے اہم گھریلو کردار کی وجہ سے اسلام ان کو طب، نرسنگ، معاشرتی اور قدرتی سائنسی علوم حاصل کرنے میں ان کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔13اس تحقیق میں اس بات پر زور دیا گیا ہے کہ ملٹی نیشنل کمپنیوں کے لیے اسلام، مقامی زبان، ثقافتی واخلاقی سمجھ ناگزیر ہے۔وہ اللہ ایک ہے جو معبود اور لاشریک ہے۔

آسمانوں اور زمینوں کا بنانے والا، چاند، سورج، ستارے، سیارے، انسان، حیوان، چرند و پرند سب اسی ہی کی تخلیق ہیں وہ پاری کائنات پر قادر ہے۔قرآن وسنت اس کی وضاحت کرتے ہیں۔مسلم و غیر مسلم کا ماننا ہے کہ ملٹی نیشنل کمپنیوں کو اسلام، ثقافت اور اخلاقی اقدار کی سمجھ بہت ضروری ہے۔ مسلمانوں کا یہ بھی ماننا ہے کہ اگر مسلم و غیر مسلم قرآن وسنت کی بہتر سمجھ حاصل کرلیں تو اسلام کے غلط استعمال کو روکا جاسکتا ہے کیونکہ لوگوں میں خود صحیح وغلط کی تمیز ہوگی، حقیقی مسلمان ہر وقت کو حاضر وناظر

جاننااور کسی معاشرے پر بوجھ بننے کے بجائے اثاثہ ہوتے ہیں اور یہ حقیقت دیگر مسلمان ممالک میں کاروبار کرنے والی ملٹی نیشنل کمپنیاں بخوبی کہ ملٹی نیشنل کمپنیاں خود اسلام، مقامی زبان، ثقافت اور اخلاقی اقدار کو سمجھے کیونکہ ملٹی نیشنل کمپنیوں کے صارفین کی تقریباً62%تعداد مسلمانوں پر مشتمل ہے۔14 جو اسلام پر مکمل ایمان رکھتے ہیں۔ ملٹی نیشنل کمپنیوں اور منیجرز کے لیے مفید ہے جو اسلام علم نہیں رکھتے اور اس کی مدد سے ان کی کاروباری سرگرمیوں کو مسلم ممالک میں فائدہ ہوگا۔ سرمایہ کار اس طرح نہ صرف اپنے مسائل کا حل نکالتے ہیں بلکہ اسلامی ممالک میں معاشی ترقی بھی حاصل کرتے ہیں۔اس بات کی طرف بھی توجہ دینی چاہے کہ رمضان میں ملٹی نیشنل کمپنیوں کے اوقات آٹھ گھنٹے سے کم کرکے چھ گھنٹے کر دیا جاتا ہے کیونکہ مسلمان عبادات میں مصروف ہوتے ہیں اور دوسری جانب غیر مسلم بھی رمضان کے احترام میں باہر کچھ بھی کھانے پینے سے گریز کرتے ہیں۔اس بات کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا کہ ثقافتی فرق بہت نمایاں ہیں اور ملٹی نیشنل کمپنیوں کے لیے باعث پریشانی بھی۔ ملٹی نیشنل کمپنیوں کی موجودگی سے معاشرے میں کچھ مثبت اثرات بھی مرتب ہوئے جن میں محنت، مشقت اور وقت کی پابندی شامل ہے۔

ملٹی نیشنل کمپنیوں کی مسلم دنیا کی ترقی میں شراکت

ملٹی نیشنل کمپنیوں نے عالمی ترقی میں شراکت کے ساتھ ساتھ ٹیکنالوجی کی منتقلی، جدید تحقیق اور فلاحی کاموں کی بنیاد پر دنیا کو مستفید کیا ہے۔ ملٹی نیشنل کمپنیوں نے کاروباری زندگیوں میں جدت لاتے ہوئے الیکٹرانک بینکنگ، مواصلات سہولیات، الیکٹرانک انفراسٹرکچر اور دیگر مواصلاتی سہولیات جیسے انٹرنیٹ کو انسانی مفاد میں وسیع کیا ہے۔ جبکہ ملٹی نیشنل کمپنی کے مخالفین کو ان کی گزشتہ کامیابیوں پر شک و شبہ ہے جس کی بناء پر وہ ان کے خلاف ہڑتال، بائیکاٹ اور پر تشدد کاروائیوں کو سہارا دیتے ہیں۔دوسری جانب ملٹی نیشنل کمپنیوں کو مسلم دنیا میں بطور شراکت دار ہمیشہ خوش آمدید کیا گیا ہے۔15 یہ تحقیقی مضمون ملٹی نیشنل کمپنیوں کے افرادی قوت کو سائنسی، تکنیکی اور انتظامی شعبوں میں بہترین تربیت دینے کے کردار کو بھی اجاگر کرتا ہے۔واضح رہے کہ ملٹی نیشنل کمپنیوں کی موجودگی سے مسلم ممالک میں مثبت کاروباری مقابلہ بھی پروان چڑھتا ہے یہاں تک میزبان ملک کو مضبوط ملٹی نیشنل کمپنیوں کی موجودگی سے بالواسطہ فائدے بھی ملتے ہیں۔

مسلم دنیا میں ملٹی نیشنل کمپنیوں کے کردار سے وابستہ تجاویز

1۔ ملٹی نیشنل کمپنیوں کو عالمی منیجرز اور ملازمین کی نئی نسل بنیادی اسلامی تعلیم کو ذہن میں رکھتے ہوئے

تعاون کرنا چاہئے۔ اکیسویں صدی میں بزنس اسکولز کے نئے مضامین آرٹس، سماجی سائنس، طبعی سائنس وغیرہ سے بھی جڑے ہیں تو جامعات اور کالجز شروع کے دو سالوں میں اسلامی ثقافت پڑھا سکتے ہیں تاکہ مستقبل میں مسلم ممالک میں عالمی کاروبار کی تحقیق زیادہ بہتر ہو۔

2۔ مسلم کاروباری، سیاسی اور تعلیمی رہنماؤں کی ذمہ داری ہے کہ وہ اسلام کا پیغام اور اسلامی ثقافت غیر مسلموں تک پہنچائے اور مسلم ممالک میں اسلامی ثقافت کا مضمون قرآن و سنت کی روح سے پڑھایا جائے۔

3۔ مسلم دنیا کی معاشی بدحالی کی وجہ سے اسلام کی غلط تصویر پیش کی جاتی ہے، عالمی برادری کو چاہئے کہ وہ اسلام سے متعلق غلط فہمیاں دور کرے۔ مسلم ممالک کے سفارت خانوں کو چاہئے کہ نئے اور موجودہ غیر ملکیوں کے لیے بنیادی اسلام بذریعے تعارف سکھائے اور اگر ممکن ہو تو ہر سفارت خانہ اپنا اسلامی شعبہ بھی بنائے۔

4۔ اگر مقامی کمپنیاں مقابلے کو بڑھاتے ہوئے کاروبار میں قومی اور بین الاقوامی ترقی کرنا چاہتے ہیں تو ان کو اپنی کاروباری سرگرمیاں ملکی سرحدوں سے باہر جانا ہوں گی۔

5۔ موجودہ ٹیکنالوجی ایک مخصوص وقت پر ناکارہ ہو جائے گی اس لئے مستقبل قریب کاروبار میں رکھنے کے لئے جوائنٹ وینچرز کی اہم ضرورت ہے۔

6۔ مقامی اور غیر ملکی سرمایہ کاروں کے درمیان کاروباری روابط بہت ضروری ہے تاکہ جوائنٹ وینچرز کے ذریعے معلومات فراہم اور مارکیٹنگ کی جاسکے۔

7۔ ملٹی نیشنل کمپنیوں اور میزبان ممالک کے باہمی مفادات بہت وسیع ہیں جن میں مالیاتی صلاحیت، مالیاتی نظام، انتظام مصنوعات، اشتہاری نظام اور دیگر اثاثہ جات شامل ہیں مقامی شراکت دار غیر ملکی کمپنیوں سے انسانی خدمات اور تحقیق کے شعبوں میں رعایت چاہتے ہیں تو میزبان حکومتوں کو چاہئے کہ وہ غیر ملکی کمپنیوں کو ایسی سرگرمیوں میں ان کی حوصلہ افزائی کرے۔

8۔ مسلم ممالک کو سیکھنا چاہئے کہ کیسے ملٹی نیشنل کمپنی معاشی ترقی سے اہم کردار ادا کرتی ہے۔ مسلمانوں کو نہ صرف اپنے معاشی، افرادی اور دیگر ذرائع سے تحقیق اور ترقی پر کام کرنا چاہئے بلکہ ملٹی نیشنل کمپنیوں، جامعات اور ٹیکنالوجی کے اداروں کے تعاون سے ٹیکنالوجی اور مصنوعات کی درآمد کی پالیسی بنائی چاہئے۔

9۔ حالیہ برسوں میں دنیا میں غیر ملکی براہ راست سرمایہ کاری اور بین الاقوامی کاروبار میں اضافہ ہوا ہے۔ زیادہ تر ملٹی نیشنل کمپنیاں اعلیٰ عہدے اپنے پاس رکھتی ہیں لیکن مسلم دنیا میں تعلیم یافتہ اور

تجربہ رکھنے والے مسلمان جنہیں اسلامی ثقافت و معیشت کا علم ہو رکھنے سے ملٹی نیشنل کمپنی کو فائدہ ہو گا۔

10۔ بڑھتے کاروباروں نے دنیا کو عالمی برداری کی شکل دے دی ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ بہت سے مسائل بھی ہیں جن میں معاشی، سیاسی، سماجی، ثقافتی، مذہبی اور مقامی زبانوں کے مسائل شامل ہیں ۔لہذا ملٹی نیشنل کمپنیوں کے منیجرز اور عملے کو وسیع ثقافتی اور مقامی زبان کی تربیت دی جاتی ہے۔

خلاصہ

ملٹی نیشنل کمپنیوں کو خارجی منڈی کے مطابق مقابلہ جاری رکھنا ہو گا تاکہ ان کی خدمات اور کاروبار بڑھے۔ ملٹی نیشنل کمپنیوں کے لیے میزبان ملک میں پیداوار کرنا ممکن نہیں اور اکثر میزبان حکومت کے قوانین بھی حوصلہ شکنی کرتے ہیں ۔لہذا ملٹی نیشنل کمپنیوں نے مسلم کے شراکت داروں کے ساتھ جوائنٹ وینچرز کر لیے ہیں یہ حقیقت ہے کہ جوائنٹ وینچرز، بین الاقوامی کاروبار، لائسنسنگ اور مشاورت، ملٹی نیشنل کمپنیوں کا متبادل ہیں۔ سرمایہ کاری کا اختیار ملٹی نیشنل ویلیو چین کو بڑھانے کے لیے تصور ہوتا ہے۔اس تناظر میں بغیر مذہب ، تعلیم اور مدت قیام کے فوقیت دیے مسلم ممالک میں کاروباری سرگرمیاں کرنے والی ملٹی نیشنل کمپنیوں کے لیئے ضروری ہے کہ وہ اسلام، مقامی زبان، ثقافت اور اخلاقی اقدار کو جانے اور ان کی اہمیت وافادیت کو تسلیم کریں تاکہ مسلم ممالک کی مارکیٹ سے بہتر سے بہتر منافع کما سکے۔ یہ اس تحقیقی مضمون کی بڑی کوشش ہے تاکہ ملٹی نیشنل کمپنیوں کے صارفین اور منیجرز دونوں ہی مقامی زبان اور ثقافتی واخلاقی اقدار کی روشنی میں مسلم دنیا کے لوگوں کی حساسیت کو ملحوظ خاطر رکھیں۔ مسلم صارفین ملٹی نیشنل کمپنیوں کے مصنوعات اور خدمات پر مکمل اطمیان رکھتے ہیں کیونکہ وہ اسلامی قوانین کو مانتے ہیں اور اپنی ثقافت کے متضاد کچھ پسند نہیں کرتے۔اس حوالے سے ملٹی نیشنل کمپنیوں کو مزید منصوبہ بندی اور فیصلہ سازی کی ضرورت ہے۔

حوالہ جات

1۔ مسعود مفتی، ملٹی نیشنل کمپنیوں کی اسلام دشمنی، علم و عرفان پبلشرز، لاہور 2003ص12

2۔ ڈاکٹر فیروز احمد، سامراج اور پاکستان، تخلیقات، لاہور 2003ص336

3۔ سید عظیم، ملٹی نیشنل کمپنیاں، دارالشعور، لاہور 2002، ص370

4- Jones, Geoffrey. Merchants to Multinationals, oxford university press New york,278-279.2000.

5- Allen C.G. Western Enterprises in Indonesia and Malaysia George Allen & unwin Ltd, London (1957). 103-103

6۔ شاہنواز فاروقی، تہذیبوں کا تصادم۔ادارہ مطبوعات طلبہ، لاہور2012ص12

7۔ مہاتیر محمد، ایشیاء کا مقدمہ، جمہوری پبلیکشنز، لاہور2002ص37

8. Media literay project org (2014) languge of presuasion / media literacy project (on line) avaibale at ww.medialitercy project.org/language preseuasion (accessed 28 oct2014)

9۔ اسرار عالم، عالم اسلامی کی اخلاقی صورتحال، دارالنوادر لاہور2004ص103

10. Moor,A. Language and power (on-line) university teacher.org.uk. availbale at www.universal teacher.org.u.k./ lang/ power.htm#adgrammar(accesses)28.oct.2014

11۔Dr.Hamidullah,introduction of Islam ,Darul Ishat Karachi 1994 P.199

12۔ ایضاًص190

13۔ مولانا ابوالکلام آزاد، اسلام میں آزادی کا تصور، مکتبہ جمال، لاہور2004ص91

14. Mce,F.Jhon,International Business & Multinational enterprises ,Richard D.Irwin Inc,1903,162-163

15. hablo ,H.R (1973) nationalism and the multionational enterprises OCEANa Publications,Inc,New york ,11-12

ڈاکٹر جہاں آراء لطفی
اسسٹنٹ پروفیسر شیخ زاید اسلامک سینٹر،
جامعہ کراچی۔
-
ڈاکٹر عبدالرحمن یوسف خان
اسسٹنٹ پروفیسر انچارج شعبۂ عربی،
وفاقی اردو یونیورسٹی عبدالحق کیمپس کراچی۔

زاہدہ خاتون شیروانیہ کے دیوان "فردوس تخیل" میں عربی زبان کا استعمال

USE OF ARABIC LANGUAGE IN THE DE-VAN: "FIRDOS-E– TAKHYUL" OF ZAHIDA KHATOON SHARVANIA

Abstract

Zahida khatoon sheerwania holds prominance not only among well known Hindustani Potesses of her time, but amongst all great poets in history of Hindustan. Praised by great poets and writers for her incredible poetic and philosophical skills, she was a woman of immance talents and brilliant personality. Born on 18th December 1894 in BheekamPur district AliGarh, she belonged to a respectable educated family. Her mother passed away when Zahida Khatoon was only a child, After which her father took great care of her education and upbringing. Her father, Nawab , held deep love for poetry which contributed to hone her brilliant poetic talents to perfection. And in 1905, at the young age of eleven, she became a poetess. Blessed with high intelligence she mastered Persian and Arabic along with her first language, Urdu. And used these

languages in her poetry with excellence. Along with the vast knowledge of Quran, Hadith, and Islamic history, which she often referenced it in her poems. The undying love and sympathy for Ummat-e-Muslimah lead to her great concern for betterment of the Hidustani society. She used her words in form of poetry to raise voice against the cruelty and unjust women faced in the Hindustani society and promoted women rights. Moreover, she worked for awareness of education and moralistic guidance of youth. Forming a society named "Youth Shewanis" for this vary purpose.For this article i have chosen specific poetry from her dewaan FIRDOOS E TAKHYYUL with influence of Arabic language, and those incorporating verses from Quran and Hadith.

زاہدہ خاتون شیروانیہ ۱۸ دسمبر ۱۸۹۴ء کو بھیکم پور ضلع علی گڑھ میں پیدا ہوئیں۔ان کے والد نواب سرمزمل حسین خان، سرسید احمد خان کی تحریک سے متاثر تھے اسی لیے ان کا اور ان کی بڑی بہن احمد بیگم کی تعلیم وتربیت کا خصوصی اہتمام کیا گیا جیسا کہ مسلمان گھرانوں میں دستور تھا۔زاہدہ خاتون کی تعلیم کی ابتدا چار برس کی عمر میں قرآن شریف سے کی گئی پھر ایک استانی اردو پڑھانے اور لکھانے کے لیے مقرر کی گئی،عام طور سے اس زمانے میں لڑکیوں کو پڑھایا لکھایا نہیں جاتا تھا مگر زاہدہ خاتون کو علمی اور ادبی ماحول کے ساتھ ساتھ باقاعدہ فارسی اور عربی کی تعلیم کی سہولت مہیا کی گئی۔انھیں فارسی پڑھانے کے لیے ایران سے ترک وطن کرنے کے آنے والی ایک باکمال شاعرہ فرخندہ بیگم طہرانیہ کی خدمات حاصل کی گئی۔ان خاتون کی شاعری اور گھر کے علمی اور ادبی ماحول نے بچپن میں زاہدہ خاتون کو شعر گوئی کی طرف مائل کر دیا۔وہ دس برس کی عمر سے شعر کہنے لگیں۔زاہدہ خاتون نے صرف ونحو، حساب اور فقہ کی تعلیم مولوی محمد یعقوب اسرائیلی نے دی جو اپنے علم وفضل اور مرتبے میں بہت اعلی مقام رکھتے تھے جبکہ انہوں نے عربی کی اعلی تعلیم مولوی سید احمد ولایتی جیسے عالم سے حاصل کی،ز،خ،ش نے بڑی توجہ سے احادیث اور قرآنی تراجم کا بھی مطالعہ کیا۔نواب مزمل اللہ خان نے اپنے بیٹے احمد اللہ خان کو یہ حکم دیا کہ وہ فرصت کے اوقات میں انہیں انگریزی پڑھائیں، وہ کود بھی علم کے دلدادہ اور شعر وسخن سے شغف رکھتے تھے۔اس طرح گھر میں ادبی ماحول ہمہ وقت رہا کرتا تھا۔[۱]

زاہدہ خاتون برصغیر کی ایک نہایت باشعور،دردمند طبیعت کی مالک، حساس دل ودماغ کے ساتھ ساتھ نوعمری سے ہی پختہ سوچ رکھنے والی خاتون شاعرہ گزری ہیں، گوکہ بیسویں صدی میں ایسے مرد تو

دکھائی دیتے ہیں مگر خواتین نظر نہیں آتیں۔ زاہدہ خاتون شروانیہ یوں تو ہر پہلو سے حیرت انگیز اور متاثر کن اوصاف وصلاحیتوں کی مالک تھیں لیکن عربی زبان کی قابلیت ولیاقت اور فہم کے اعتبار سے وہ نابغہ روزگار ہستیوں میں شمار کی جاسکتی ہیں۔ ۱۹۰۵ء سے صرف گیارہ برس کی عمر سے انہوں نے اشعار کہنا شروع کردیے جو انہوں ایک پاکٹ سائز ڈائری میں لکھے جسے انہوں نے کلیات کا لقب دے رکھا تھا۔ ان کی ہمشیرہ محترمہ انیسہ خاتون شروانیہ نے ان کی زندگی سے متعلق اپنی یاداشتوں کو ایک تالیف میں مقید کیا ہے لکھتی ہیں،" یہ شعر دس سال کی عمر میں کہے گئیان سے اس وقت کے جذبات آیئنے کی طرح نمایاں ہو جاتے ہیں،

دائم میری مدد پر اگر کبریا رہے دنیا میں ثانی بھی مرا کوئی بھلا نہ رہے
میں شاعری میں اتنی ہوں مشہور کبریا سورج کی طرح نام چمکتا میرا رہے

پھر اسکے بعد ایک سال بعد ایک اور قصیدہ ہے جو صرف تین شعروں کا ہے۔ اور ناتمام ہے، اوّل کے دو شعر یہ ہیں،

پہلا سا شوق شاعری مجھ کو نہیں رہا جیسا کہ پہلے شوق تھا اب وہ نہیں رہا
بلبل کو گویا آرزوئے گل نہیں رہی یا شوقِ گلستاں کسی گل کو نہیں رہا

اقتباس بالا میں اپنی دس سال سالہ عمر کی جس شاعری کا نمونہ انہوں دکھایا ہے، وہ اگرچہ تک بندی سے زیادہ کی حیثیت نہیں رکھتا مگر اس عجیب وغریب تمنا کی الہامیت کا حیرت کے ساتھ معترف ہونا پڑتا ہے جس کی بناپر کمسنی میں ان کے قلم سے یہ الفاظ نکلے ہیں۔" [۲]

زاہدہ خاتون کی نظم ونثر دونوں پر عربی زبان کا رنگ خاصا گہرا نظر آتا ہے۔ انہوں نے اپنی تحریروں میں جگہ جگہ عربی زبان کے الفاظ، کلمات، جملے تشبیہات اور استعارے جو اکثر قرآن واحادیث اور عربی ادب سے ماخوذ ہیں بلا جھجک اور بر محل استعمال کیے ہیں۔ خصوصاً انکے خطوط میں جابجا ایسا نظر آتا ہے، جیسے اپنی بہن انیسہ خاتون کو ۱۹۱۰ء میں محض ۱۴ کی عمر میں ایک خط لکھا جس میں کچھ مشورے دینے کے بعد لکھا "والسلام علی من اتبع الھدی" یہ وہ جملہ ہے رسول اکرم ﷺ نے شاہان عرب وعجم کو خطوط لکھتے ہوئے تحریر کروایا تھا۔ خاص طور پر وہ اشعار جہاں عربی زبان کی عبارتیں خواہ وہ قرآن کریم سے لی گئی ہوں یا احادیث مبارکہ اور دعاؤں وغیرہ سے لی گئی ہوں، اس خوبصورتی اور مہارت کے ساتھ استعمال کی گئی ہیں گویا انگوٹھی میں نگینہ، جس سے آپ کی عربی دانی اور اس زبان سے لگاؤ کا ثبوت بھی ملتا ہے،

مثال ملاحظہ ہوں:

بالصبر و الصلواۃ کو سوچا نہ آہ آہ

کی وقتِ غم بند صدا آہ آہ کی [۳]
وہاں غنچہ یہ ہے کلُ مَنْ عَلَیھَا فَان
زبانِ برگ پہ ذکرِ بقائے یزداں ہے [۴]

ان اشعار میں زاہدہ خاتون نے قرآن کریم کی دو معروف آیات کو بطور تلمیح شامل کیا ہے، پہلے مصرعے میں سورۃ بقرہ کی آیت نمبر ۴۵ سے لیا گیا ایک حصہ ہے، " وَاسْتَعِینُوا بِالصَّبرِ وَالصَّلاۃِ۔" جس کا ترجمہ ہے "نماز اور صبر سے مدد لیا کرو"۔ جبکہ دوسری آیت سورۃ رحمان کی آیت نمبر ۲۶ ہے، "کلُّ مَنْ عَلَیہَا فَانٍ" جس کا ترجمہ ہے" زمین پر ہر چیز فنا ہو جانے والی ہے"۔

زاہدہ خاتون نے اخلاقی، ملکی و ملی شاعری بھی کی جس کا رنگ ناصحانہ ہے۔ وہ خواتین کو دینی و اخلاقی تعلیم و تربیت سے مالا مال دیکھنے کی حد درجہ خواہش مند تھیں ان کے اصلاحی کلام میں اقبال، حالی اور اکبر الہ آبادی کے کلام کی تقلید یا جھلک دکھائی دیتی ہے۔ ان کے دیوان "فردوس تخیل" سے ان کی شخصیت کے بے شمار گوشے نہاں ہوتے ہیں جن میں بیسویں صدی کی ایک جرات مند، بے باک اور صاحب کردار نوجوان خاتون صاف دکھائی دیتی ہے۔ ہم نے ان کے کلام سے وہ اشعار مستعار لیے ہیں جن میں عربی زبان کا استعمال ہے۔ ایک نظم جو مسدس کے انداز میں ہے، اس میں کہتی ہیں:

یاد ایام کہ تھا بخت فدائے مسلم
ڈھونڈھتے تھے فلک و ارض رضائے مسلم
دل ہر قل کو ہلاتی تھی ندائے مسلم
تاج ایراں تھا زیر کف پائے مسلم
رتبہ اَنتُمُ اَلاَعلَونَ تھا اس کے لائق
قَول اَکمَلتُ لَکُمْ دِینَکُمْ اس پر صادق[۵]

اس بند کے آخری شعر کے پہلے مصرعے میں موجود قرآن کا یہ جملہ " اَنتُمُ اَلاَعلَونَ" " سورۃ آل عمران کی آیت نمبر ۱۳۹ اور سورۃ محمد کی ۳۵ میں آیا ہے۔ جسکے معنی ہیں۔ "تم ہی سب سے برتر ہو۔" جبکہ دوسرا مصرعہ " سورۃ المآئدۃ" کی آیت نمبر تین سے ماخوذ ہے۔ اللہ تعالی فرماتا ہے۔ اَلیَومَ اَکمَلتُ لَکُمْ دِینَکُمْ وَاَتمَمتُ عَلَیکُمْ نِعمَتِی وَرَضِیتُ لَکُمُ الاِسْلَامَ دِیناً

جس کا ترجمہ ہے، آج میں نے تمہارے لئے تمہارا دین مکمل کر دیا اور تمہارے اوپر اپنی نعمتوں کو تمام کر دیا اور اسلام کو تمہارے لئے بطور دین پسند کیا۔

نعت گو شاعرات میں عربی زبان کے الفاظ کا استعمال زاہدہ خاتون کے ہاں بہت زیادہ ملتا ہے

انہیں قرآن حدیث وتاریخ کی تلمیحات کے ساتھ ساتھ عربی زبان کے مفردات اور تراکیب کو فی البدیہ استعمال کرنے کا فطری وصف بطور عطیہ خداوندی حاصل تھا۔ نیز ایک اور لحاظ سے بھی وہ اپنے ہم عصروں میں نمایاں مقام رکھتی ہیں اور وہ ہے عربی و فارسی الفاظ کے باہمی ارتباط سے نت نئی تراکیب کا وضع کرنا، علامہ شبلی نعمانی، حالی، مولانا فضل حق خیر آبادی، اکبر الہ آبادی، سر سید احمد خان، ڈپٹی نذیر احمد اور علامہ اقبال کی طرح انہوں نے جو اصطلاحات متعارف کروائی ہیں منفرد مقام رکھتی ہیں[۶]

ان کی زندگی کے مطالعے سے پتہ چلتا ہے کہ وہ اپنے رب اور محبوب رب سے بے حد قریب تھیں اتنا کہ ذکر الٰہی اور ذکر رسول ﷺ ہمہ وقت ان کے قلب وذہن میں سر گرداں رہتا، اس بات کا انکے کلام سے بخوبی کیا جاسکتا ہے۔، ہم نے ان کے دیوان سے کلام کا چناؤ اس اعتبار سے بھی رکھا گیا ہے کہ عربی زبان کی آمیزش، حلاوت و امتزاج سے شاعری کی منوال پر بُنے گئے، ابیات آپ کے سامنے آئیں۔ ذیل میں دئے جانے والے اشعار ۱۹۲۰ء میں کہے گئے دس ابیات پر مشتمل ایک منظومے سے لئے جارہے ہیں جسکا عنوان بھی قرآن سے ماخوذ ہے، ملاحظہ ہوں،

لا تقنطوا

وقت پر خاش ہیں پیشانی مسلم کے خطوط
آیہ زُلزِلَتُ اَلارضُ کی شرحِ مبسوط
دلِ مسلم کبھی قوت سے نہ ہوگا مفتوُح
جھوٹ ہے، جھوٹ ہے اس حصن کی افواہ سقوط
اَنزَلَ اَللہُ سَکِینَۃ سے کرو کسبِ فیوض
پڑھ کے کَمۡ مِنۡ فِءَۃٍ دل کو بنا لو مضبوط
ورد لب فَاعتَبِرُو ایَا اولِی الاَبۡصار ہوا
دیکھ کر خیر امم کا وہ صعود اور یہ ہبوط
منحصر اَنتُمۡ اَلاَعۡلَونَ تھاإن کُنتُمۡ پر
حسرت۔اے شرطِ فراموش کہ فَات المَشرُوطُ
لذت دید ہے اب رند کی مستانہ روش
سوزن چشم ہے اب شیخ کی ریشِ مخروط [۷]

ان اشعار میں بالترتیب" سورۃ زلزال" کی "آیت نمبر ایک" "سورۃ الفتح" کی " آیت نمبر ۴ " " ۱۸ " " سورۃ بقرہ" کی " آیت نمبر ۲۴۹ " اور "سورۃ الحشر" کی " آیت نمبر ۲ " سے

ماخوذ تلمیحات اشعار کے اسلوب و مفہوم و معانی کو دوچند کر رہی ہیں۔

اب جو اشعار آپ کے مطالعے میں آنے والے ہیں، انکی انیس اشعار پر مشتمل ایک طویل "نعت محمد ﷺ " سے منتخب کئے گئے ہیں۔ بر صغیر کے مسلم نعت گو شعراء نے صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے نعتیہ کلام میں بطور ردیف بہت زیادہ استعمال کیا ہے اور "صلی اللہ علیہ وسلم" کی ردیف میں جتنی نعتیں لکھی گئیں مدائح رسول میں اہم مقام کی حامل ہیں، لیکن ز۔خ۔ش کی یہ نعت اپنے اندر جاہ و جلال بھی رکھتی ہے اور فخر وانبساط بھی۔ اتنا گہرا اثر کہ پڑھنے والا محسوس کیئے بنا نہیں رہ سکتا۔

محمد صلی اللہ علیہ وسلم

جلوۂ سینا نور محمد، عرش کا زینا عشق محمد
دل کا مدینہ جائے محمد صلّی اللہ علیہ وسلم

واقف رُمزِ مَعَانِی عالم، عَالِم عِلمِ مَالَمْ یَعْلَمْ
فہمِ جہاں آرائے محمد صلّی اللہ علیہ وسلم
ذکر ثُمَّ دَنٰی فَتَدَلّٰی اور پھر تذکرہ آو اَرِنِی
ہے صفت ادنائے محمد صلّی اللہ علیہ وسلم

تاج شہی پر ٹھوکر ماری ،فرما کر اَلفَقْرُ فَخْرِی
واہ رے استغنائے محمد صلّی اللہ علیہ وسلم
کہہ سکتی ہے امت کس کی سبحان ما اعظمَ شانی
کوئی نہیں ہمتائے محمد صلّی اللہ علیہ وسلم
عاشق رب نے قول ہے دیکھا اِتَّبِعُونِی یُحْبِبْکُمُ کا
کیوں نہ ہو وہ شیدائے محمد صلّی اللہ علیہ وسلم
جب سے پڑھی ہے آیت اطہر، اِنَّا اَعْطَینٰاکَ اَلکوثَر
ہے ہوسِ صہبائے محمد صلّی اللہ علیہ وسلم
لب پہ ہے میرے جاری نغمہ مافِی قَلْبِی غَیرَ اللہ کا
دل میں ہے میرے جائے محمد صلی اللہ علیہ وسلم [۸]

مندرجہ بالا اشعار میں زبیدہ خاتون نے " سورہ علق " کی "آیت نمبر ۵ " " سورہ نجم کی

آیت نمبر ۸ '' سورہ بقرہ'' کی '' آیت نمبر ۲۶۰ '' سورہ آل عمران'' کی '' آیت نمبر ۳۱ '' اور سورہ الکوثر''کی '' آیت نمبر ۱ '' کے حوالہ جات بطور تلمیح دیے ہیں، نیز حدیث رسول ﷺ '' الفخر فقری'' کو بھی بطور تلمیح شاملِ کلام کیا ہے۔ ان نعتیہ ابیات کی تب وتاب کا یہ عالم ہے کہ پڑھنے والا وسعت معانی کے بحر بیکراں میں غوطہ زن ہو جاتا ہے،

'' لَاتَقنَطُوا'' کے زیر عنوان ایک منظومہ ۱۹۲۰ء میں تحریر کرتی ہیں۔ دس اشعار پر مشتمل اس نظم میں کئی اشعار میں پانچ مشہور آیات کے کلمات بالترتیب سورہ الزلزال، آیت نمبر: ۱،: سورہ الفتح، آیت نمبر: ۲۶ و سورہ البقرہ: ۲۴۹، سورہ الحشر، آیت نمبر: ۲، سورہ آل عمران، آیت نمبر: ۱۳۹ سورہ البقرہ، آیت نمبر: ۱۵۴ سے ماخوذ بطور تلمیح قرآنی استعمال کیئے ہیں، جبکہ عنوان بھی ایک آیہ مبارکہ سورہ الزمر: ۵۳ سے لیا گیا ہے۔

وقت پرخاش ہیں پیشانی مسلم کے خطوط
آیہ ''زُلزِلَتِ اَلاَرضُ '' کی شرح مبسوط[۹]

—

'' اَنزَلَ اللہُ سَکِینَتَہ '' سے کرو کسبِ فیوض
پڑھ کے '' کَم مِن فِءَۃٍ'' دل کو بنالو مضبوط[۱۰]

—

وردِلب '' فَاعتَبِرُوا یَا اُولِواَلاَبصَارِ'' ہوا
دیکھ کر '' خَیرُاُمم''کا وہ '' صَعُود'' اور یہ ''ہبُوط''
منحصر '' اَنتُمُ اَلاَعلَونَ '' تھا '' اِن کُنتُم'' پر
حسرت۔اے شرط فراموش ! کہ فَاتَ اَلمَشرُوط [۱۱]
کندہ جس پہ سند پاک ''بَل اَحیَاءُ '' تھی
تیرے سینے پہ چمکتا تھا وہ تمغائے حیات[۱۲]

'' مِن اَلحَرِیمِ اِلی اَلحرِیم'' جو اگست ۱۹۱۸ء میں لکھی گئی میں بھی عربی زبان کے کئی ایسے کلمات استعمال کئے ہیں جو انبیاء کرام سے متعلق متعدد اہم آیات میں آئے ہیں جیسا کہ ''لاتخف'' معنی ہیں ڈرو نہیں۔۔ سورہ النحل: ۱۰ سورہ طٰہٰ: ۲۰۔۲۱۔۶۸ اور سورہ القصص: ۲۵ اور دیگر میں موجود ہے اسی طرح خاف۔یخاف بھی کئی جگہ آیا ہے، جس سے ان کے وسیع المطالعہ ہونے کا بخوبی ادراک ہوتا ہے۔ ان اشعار میں کہتی ہیں،

کہیں معرفت کی ہے لو لگی کہیں فلسفے کی چکے ہے سینکی

کہیں ورد آیہ لَا تَخَفْ ۔ کہیں بحث خَافَ یَخَافُ ہے [۱۳]

گر چہ واقف ہوں کہ لحبختر لغیر لمبّبیا زندگی

کلہٗ شئِ ہالکہٗ بانگ سملنا لبنگ عضبیا [۱۴]

''صحبت لیلی'' ان کے تیسرے دور کی نظموں میں سے ایک نظم ہے جو خواجہ حسن نظامی کی اہلیہ لیلی بانو کے لئے انہوں نے ۱۹۱۸ء میں لکھی تھی جن سے انکی گہری دوستی تھی،اس کا یہ شعر ہے جس میں عربی زبان کے حرف ایجاب'' لا'' کا استعمال کیا گیا ہے۔ کہتی ہیں،

گر اتفاق سے دست طلب ہوا بھی دراز

جناب بخت نے فرمایا سر ہلا کر '' لا' ' [۱۵]

''شادی'' کے زیر عنوان زبیدہ خاتون نے چار منظومات کہیں ان میں شادی نمبر ایک '' سعیدہ بانو'' کے لئے ہے جوان کی ہم عصر ادیبہ تھیں جن کی شادی بیرسٹر احسان الحق سے ہوئی اس موقع پر یہ تہنیتی منظومہ کہا گیا۔اس کے آخری شعر میں عربی زبان کے یہ کلمات استعمال کیے ہیں ملاحظہ ہوں،

اعداء کہیں رو کے '' مسنا القرح ''

شادی ہو سعید ۔ باعث فرح [۱۶]

ان کے اس دیوان میں ایک نظم بعنوان'' سہرا'' بھی ہے جس کے متعلق ڈاکٹر فاطمہ حسن نے لکھا ہے کہ ،''یہ نظم ترک رہنما انور پاشا کا سہرا ہے۔جن پر انہوں نے ایک نظم زندہ باد انور پاشا بھی لکھی تھی۔[۱۷]

نظم ''سہرا'' کے دو اشعار میں عربی میں قرآنی تلمیحات کا برملا استعمال دیکھئے کیسے کیا ہے،

آج سلطان کا داماد بنا ہے نوشہ سوئے یلدیز چلا باندھ کے سر پر سہرا

مَاشَاءَ اللہُ وَلاحَولَ وَلا قُوَّۃَ اِلَّاباللہ کیا ہی دلکش ہے سر طلعتِ انور سہرا

ہوگئے نُورٌ عَلیٰ نُور کے معنی روشن رخِ انور پہ ہے تابش گہِ گوہر سہرا [۱۸]

''فردوس تخیل'' کے آخر میں جو قطعات واشعار ہیں ان میں بھی بہت سے اشعار عربی زبان کے کلمات سے مزین ہیں،کچھ مثالیں ملاحظہ ہوں۔

اِدھر تھے نشے میں رندانِ مسکین

اُدھر تھے سجدے میں زّھاد خود بیں

جو پوچھا '' اَیّھُم اُخرَیٰ وَ اخرُ

کہا قرآن نے "وَیلٌ لّلمُصَلّین "[۱۹]

—

فراق است تکلیف ما لَایُطَاق
فَیَا لَیتَنِی مُتُّ قَبلَ الفِرَاق [۲۰]

—

فخر شرافتِ نسبی حد سے جب بڑھا
تَبّتْ یَدَااَبِی لَہَب اللہ نے کہا[۲۱]

—

بحثِ رب چھیڑے اگر ملحد ابھی قُل ہُوَالرّحمٰنُ امنا بہ [۲۲]

—

کیادل نشیں ہے نکتہ سرائی رَبّ بَیتٍ اُف اُف۔ یہ مَارِ میتَ کے پہلو میں اِذرَ میتَ[۲۳]

—

سناناوہ۔ شیریں گلہ پھر سنانااِذَا مَسَّ الانسان ضُرٌّ دَعَانَا[۲۴]

—

اک مشت پر سے تم کو سلیمان! یآں شہی سننا پڑا" اَحَطتُ بِمالَم تَحُط بِہ" [۲۵]

—

پاکر دل مسلم غلبہ فرعون ناصح نے سنائی خبر " اَنتُمُ الاَعلَونَ" [۲۶]

مسلم نے کہا رب سے "کر اس عہد کا ایفاء " فرمایا "اَقِم وَجھکَ لِلدّینِ حَنِیفاً " [۲۷]

یہاں میں نے ایسے اشعار کا انتخاب آپ کے سامنے پیش کیا جن میں ممدوحہ نے قرآنی تلمیحات کو بڑی روانی اور فصاحت کے ساتھ بر محل اپنے کلام میں شامل کیا جس سے ان اشعار کی بلاغت کی حدوں میں بے پناہ وسعت پیدا ہو جاتی ہے اور اس سے آپکے قرآن سے تعلق کی مضبوط بنیادوں کا بھی بخوبی اندازہ ہو جاتا ہے۔ ز خ۔ ش اسی تعلق باللہ کے طفیل ایک حساس دل و دماغ کی مالک تھیں، گھر کی چار دیواری میں پردے کے ساتھ رہنے کے باوجود باہر کی دنیا بھر سے بھرپور رابطہ رکھا، برصغیر پاک وہند کے ساتھ ساتھ پوری دنیا کے مسائل پر انکی گہری نظر تھی، اسقدر نو عمری میں وہ حالات حاضرہ سے بخوبی واقف تھیں نہ صرف یہ بلکہ ان غور و خوص کے بعد انکو احاطہ تحریر میں لانے کے لئے بڑھ چڑھ کر کوشش کرتیں اور رائے عامہ کو ہموار کرنے میں اپنا کردار ادا کرتیں۔ یہ رابطہ انہوں نے اخبارات اور رسائل کی دنیا کے ذریعے سے قائم کیا ہوا

تھا۔ جس میں ان کا حصہ اس دور کے بڑے بڑے دانشوروں سے کم نہ تھا۔ قرآن اور احادیث مبارکہ اور تعلیمات اسلامی سے واقفیت عمیق مطالعے پر مشتمل تھی اور غیر معمولی تھی جسکا اظہار ان کے اشعار سے ہوتا ہے، مضامین کی وسعت و فراوانی، خیالات کی جولانیاں اور دلائل کی گھن گرج اور سب سے بڑھ کر ظلم و بربریت و استحصال انسانی کے خلاف صدائے احتجاج اُس عہد کی خواتین کے برعکس بہت اونچے درجے پر دکھائی دیتا ہے، ان کی شاعری معجزانہ حسن و جمال رکھتی ہے جسے فطرت سے گہری مطابقت ہے۔ ان کی فکر سخن اور قادر الکلامی حیرت و استعجاب کی منازل بڑی تیزی سے طے کر گئیں جن کے حصول میں اکثر شعراء کو لمبی عمر طے کرنا پڑتی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ وہ استغراق کی کیفیت میں شعر کہا کرتی تھیں اور جسقدر حالات شدت اختیار کرتے گئے ان کی قدرت کلام میں تیزی آتی گئی۔ ملت اسلامیہ، خلافت عثمانیہ، تحریک پاکستان مسلمانان ہند کی حالات زار، انگریزوں کی چالیں، یورپ کے مسلمانوں کی حالت زار، یہود و نصاری کے اسلام اور مسلمانوں پر حملے، برصغیر کی خواتین کی پستی اور زبوں حالی اور نسل نو کی آبیاری سے غفلت، غرض کونسا موضوع ہے جس پر انکی رگ شاعری نہ پھڑکتی ہو اور جس پر انکی روح نہ تڑپتی ہو۔ نوجوانوں کی تعلیم و تربیت کی اسقدر فکر تھی کہ انہوں نے اس دور میں ''ینگ شروانیز لیگ'' کے نام سے ایک سوسائٹی بھی تشکیل دی۔

مختصر عمر لے کر آنے والی اس شاعرہ نے اپنے بچپن سے لے کر جوانی کی وفات تک کے کم عرصے میں بہت سے دکھ جھیلے۔ بچپن میں ماں کے سائے سے محرومی، لڑکپن میں حقیقی اکلوتے اور بے حد پیار کرنے والے بڑے بھائی احمد اللہ خان کی بائیس سال کی عمر میں وفات، اور پھر اس کچھ ہی عرصے بعد پھوپھی زاد بھائی و منگیتر ابد شیروانی کا انتقال، ہو گیا، ان صدموں نے ان کو نڈھال کر دیا۔ ۲۷ جنوری ۱۹۲۲ء کو وہ بخار میں مبتلا ہوئیں، اور ایک ماہ سے چند روز اوپر بیمار رہنے کے بعد ۲ فروری ۱۹۲۲ کو محض ۲۷ سال کی عمر میں اس دار فانی سے کوچ فرما گئیں۔ ان للہ وان الیہ راجعون، یوں برصغیر کے دنیائے ادب کا یہ سورج اپنی تمام تر تابناکیوں کو دنیا میں چھوڑ کر غروب ہوا۔ آسماں تیری لحد پہ شبنم افشانی کرے۔

حواشی و حوالہ جات

۱۔ فاطمہ حسن، ڈاکٹر، زاہدہ خاتون شیروانیہ، حیات و شاعری کا تحقیقی جائزہ، انجمن ترقی اردو، پاکستان، ڈی۔۱۵۹، بلاک ۷ گلشن اقبال، کراچی۔ ۷۵۲۰۰، اشاعت اول ۲۰۰۷ء، ص: ۱۳۳

۲۔ انیسہ ہارون بیگم شروانیہ، حیات ز۔خ۔ش (زاہدہ خاتون شروانیہ کی سوانح عمری) مطبوعہ اعجاز پرنٹنگ مشین پریس چھتہ بازار حیدر آباد دکن، ۱۹۵۴ء، ص: ۳۳

۳۔ ز، خ، ش، فردوس تخیل، دار الاشاعت پنجاب لاہور، ۱۹۴۱ء، ص: ۵۷

۴۔ ایضاً،
۵۔ ایضاً۔۱۲۶
۶۔ محمد جمیل احمد ایم۔اے بریلوی،تذکرہ شاعرات اردو،ناشر: قومی کتب خانہ بریلی ۱۹۴۴ء ص:۴۱۱
۷۔ فردوس تخیل،ص:۲۴۹
۸۔ ایضاً۔ص:۲۷۲۔۲۷۳
۹۔ ان اشعار میں مشہور و معروف حدیث العلم فریضاالکل مسلم و مسلمتاًکا ایک حصہ بیان کیا گیا ہے نیز الگلی حدیث عورتوں کے مسجد جانے کے متعلق ہے۔
۱۰۔ ایضاً
۱۱۔ ایضاً۔ص:۲۴۵
۱۲۔ ایضاً۔ص:۲۵۰
۱۳۔ ایضاً۔ص:۲۹۶
۱۴۔ ایضاً۔ص:۲۶۰
۱۵۔ ایضاً۔ص:۲۹۹
۱۶۔ ایضاً۔ص:۳۱۱
۱۷۔ فاطمہ حسن،ڈاکٹر،زاہدہ خاتون شیروانیہ،حیات و شاعری کا تحقیقی جائزہ،انجمن ترقی اردو،پاکستان،ڈی۔۱۵۹،بلاک ۷ گلشن اقبال،کراچی۔۷۵۲۰۰،اشاعت اول ۲۰۰۷،ص:۳۳۴
۱۸۔ زاہدہ خاتون شروانیہ،فردوس تخیل(دیوان)،دارالاشاعت پنجاب لاہور،۱۹۴۱ء:ص۲۸۲
۱۹۔ ایضاً:ص:۳۷۶
۲۰۔ ایضاً،ص:۳۸۰
۲۱۔ یضاً۔ص:۳۸۱
۲۲۔ ایضاً،ص:۳۸۱
۲۳۔ ایضاً
۲۴۔ ایضاً
۲۵۔ ایضاً
۲۶۔ ایضاً،ص:۳۸۲
۲۷۔ ایضاً

پروفیسر ڈاکٹر قاری بدرالدین
شعبۂ عربی، فیڈرل اردو یونیورسٹی کراچی۔
-
حافظ حمادالدین
شعبہ بین الاقوامی تعلقات، جامعہ اردو کراچی۔

عربی زبان وادب کی فصاحت وبلاغت اور اسکی امتیازی حیثیت

THE ELOQUENCE & RHETORIC ARABIC LANGUAGE AND ITS UNIQUENESS

Abstract

The Eloquence & Rhetoric of Arabic Language and its Uniqueness. The Arabic language has always enjoyed a unique status among the major languages of the world. It is a well established fact that all languages of the world have evolved over a period of time through interactions of various communities and cultures. Each language has been influenced by other languages through a natural process of organic growth, where new words are added and old ones become obsolete.

Arabic language has the exceptional characteristic of being almost frozen in time, after the revelation of Quran. It has maintained its grammar and vocabulary intact during last 1400 years. Another extra ordinary feature of this language is its magnificent eloquence and rhetorics in addition to the richness of vocabulary. For muslims, the most important aspect of Arabic language is that it is the language of the Quran, the Prophet (S.A.W.) and the Jannah (Paradise).

The paper attempts to describe these qualities with evidences and brings home the uniqueness and superiority of Arabic Language.

عربی زبان و ادب اپنی ابتدائی آفرینش سے ہی فصاحت وبلاغت کے اعتبار سے ممتاز حیثیت رکھتی ہے، کیوں کہ عربی زبان کو قدرت نے بے شمار لفظی و معنوی محاسن و فضائل سے نوازا ہے، اسی وجہ سے عربی زبان دیگر زبانوں کے مقابلے میں بہت اہمیت کی حامل ہے، اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ دیگر زبانیں معاشرے میں موجود افراد کے ملاپ اور ان کی زبانوں کے ملاپ سے معاشرے میں جنم لیتی ہیں اور پروان چڑھتی ہیں ، لیکن عربی زبان کا وجود ان باہمی ملاپ کی وجہ سے نہیں ہوا۔ چنانچہ احمد حسن زیات لکھتے ہیں:

''عربی زبان کا سب سے پہلی بار وجود میں آنے اور اور اس کی ترقی کے ابتدائی مدارج کا کھوج لگانا کسی محقق کے بس کی بات نہیں رہی؛ اس لیے کہ ہمیں اس زبان کی تاریخ ہی اس وقت سے ملنا شروع ہوئی ہے، جو اس کے عین شباب کا زمانہ ہے، اس سلسلے میں چند ایسے تاریخی کتبوں اور پتھروں سے بھی کچھ مدد نہیں ملتی، جو جزیرہ عرب میں پائے گئے۔ ۱

لیکن عربی زبان کے وجود کے بارے میں مذکورہ تحریر سطحی نظر آتی ہے، کہ عربی کی ابتداء کی کھوج لگانا مشکل ہے، کیونکہ بحیثیت مسلمان ہم سمجھتے ہیں کہ عربی زبان ایک الہامی زبان ہے، جو کہ بنی نوع انسان کے زمین پر جلوہ گر ہونے سے قبل بھی اپنا وجود رکھتی تھی۔

چنانچہ ملاحظہ فرمائیں:

اخرج الطبرانی فی التاریخ عن ابن عباس رضی اللہ عنہما: ان آدم علیہ السلام کان لغتہ فی الجنۃ العربیۃ، فلما عصی سلبھا اللہ تعالی العربیۃ فتکلم بالسریانیۃ، فلما تاب رد اللہ علیہ العربیۃ۔

ترجمہ: ''ابن عساکر نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کیا ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کی زبان جنت میں عربی تھی، جب لغزش ہوئی تو اللہ تعالی نے انہیں عربی زبان بھلادی اور وہ سریانی میں کلام کرنے لگے، جب توبہ قبول ہوگئی تو اللہ جل شانہ نے پھر عربیت ان کی طرف لوٹادی۔ ۲

اس تحریر سے واضح ہو جاتا ہے کہ عربی زبان کا وجود بہت قدیم ہے اور اس زبان کو بطور خاص باری تعالی نے پسند فرمایا ہے، اس وجہ سے عربی زبان دیگر زبانوں کے مقابلے میں ممتاز اور جداگانہ حیثیت رکھتی ہے، نیز اس سے یہ بھی واضح ہو جاتا ہے یہ عربی زبان آسمانی سرکاری زبان ہے، اور دین اسلام کی بھی سرکاری زبان ہے۔

چنانچہ عتیق الرحمن صاحب لکھتے ہیں:

''عربی دین اسلام کی سرکاری زبان ہے، اس میں قرآن اتارا گیا، یہی نبی کریم ﷺ کی

احادیث مبارکہ کی زبان ہے، اسی زبان کو ''لغۃ الجنۃ'' کی خلعت سے نوازا گیا ہے اور یہی وہ زبان ہے جسے تمام اسلامی علوم کی '' ام اللغات'' ہونے کا شرف حاصل ہے۔ ۳؎

نیز! یہ بھی ناقابل انکار حقیقت ہے کہ اگر زبان کی بنیاد پر کسی سے محبت کی جائے تو وہ صرف اور صرف عربی زبان ہے؛ کیونکہ ایک تو آسمانی سرکاری اور دین سماوی کی زبان ہے، دوسرا یہ کہ اس زبان کو حضرت خاتم الانبیاء ﷺ کے لیے پسند فرمایا ہے۔

چناچہ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد گرامی ہے کہ عرب سے تین وجوہات کی بنیاد پر محبت کرو:

۱۔۔۔ میں عربی ہوں۔ ۲۔۔۔ قرآن عربی ہے۔ ۳۔۔۔ جنت والوں کی زبان عربی ہے۔

درج ذیل حوالہ ملاحظہ فرمائیں:

''اخرج الطبرانی وابوالشیخ والحاکم وابن مردویہ والبیہقی فی شعب الایمان: عن ابن عباس رضی اللہ عنہما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: احبوا العرب لثلاث؛ لانی عربی، والقرآن عربی، وکلام اہل الجنۃ عربی''. ۴؎

لہذا ان مذکورہ سطور سے واضح ہو گیا کہ عربی زبان کے وجود کی تحقیق مشکل نہیں ہے، بلکہ عربی زبان کا منبع الوجود بھی اس سے سمجھ میں آ گیا اور یہ بات بھی واضح ہو گئی کہ عربی زبان ہی وہ واحد زبان ہے جو آسمانی سرکاری زبان ہے، نیز حوالہ جات سے یہ اندازہ لگانا بہت ہی آسان ہے کہ اس زبان کی اصل کہاں سے چلی آ رہی ہے اور عربی زبان نہ صرف اپنے وجود کے اعتبار سے دیگر زبانوں پر فوقیت رکھتی ہے، بلکہ اپنی فصاحت وبلاغت اور وسعت گیری اور ذخیرہ الفاظ ولغات کے اعتبار سے بھی دیگر زبانوں پر فوقیت رکھتی ہے ،اور یہ بھی واضح رہے کہ عربی زبان اپنی شرافت اور باعث فضیلت ہونے کے بھی دیگر زبانوں سے افضل ہے، کسی اور زبان کو یہ امتیازی حیثیت حاصل نہیں ہے کہ وہ آسمانی سرکاری زبان بن سکے اور اہل جنت و ماخذ شرعیہ کی زبان بن سکے۔

تمام زبانیں اس دنیا میں انسانوں کے باہمی ملاپ کے ذریعہ بنیں اور اسی دنیا میں ختم ہو جائیں گی ، لیکن عربی زبان وہ واحد زبان ہے جو کہ اس دنیا کے ختم ہونے کے بعد بھی باقی رہے گی۔ قبل اس کے کہ ہم مضمون کو آگے بڑھائیں کہ یہ بات تو ہم سنتے چلے آتے ہیں کہ عربی زبان فصیح وبلیغ زبان ہے ، تو فصیح و بلیغ کیا چیز ہے ، لہذا مختصرا ہم ان کی تعریفات سپرد قرطاس کر رہے ہیں ۔ چنانچہ دروس البلاغہ میں ہے:

''الفصاحۃ فی اللغۃ تنبئ عن البیان والظہور، یقال افصح الصبیفی منطقہ اذا بان وظہر کلامہ، وتقع فی الاصطلاح وصفا للکلمۃ والکلام والمتکلم۔۔۔ والبلاغۃ فی اللغۃ: ''الوصول'' و ''الانتہاء'' یقال:

''بلغ فلان مرادہ''، اذا وصل الیہ، ''وبلغ الرکب المدینۃ''، اذا انتہی الیہا، وتقع فی الاصطلاح للکلام والمتکلم.(۵)

فصاحت کہتے ہیں کہ بات کو ظاہر اور واضح کر کے بیان کیا جائے، اور اصطلاح میں کبھی یہ صفت ''کلمہ'' کی ہوتی ہے اور کبھی ''کلام'' کی اور کبھی ''متکلم'' کی، اگر فصاحت کلمہ کی صفت ہو تو کلمہ ایسا ہو کہ جو مشکل تلفظ سے خالی ہو، یعنی وہ کلمہ جس کا تلفظ زبان پر ثقیل ہو، اس کی ادائیگی مشکل ہو، اس چیز سے وہ خالی ہو، اور وہ کلمہ ایسا ہو جو کہ بامعنی، رائج زمانہ اور عام فہم ہو، اسی طرح کلام بھی ایسا ہو کہ وہ مشکل اور ثقیل کلمات پر مشتمل نہ ہو اور اس کلام کا مقصد واضح طور پر سمجھ میں آجائے، اور اگر فصاحت متکلم کی صفت ہو تو مراد یہ ہوگا کہ متکلم کے اندر ایسا ملکہ ہونا چاہیے کہ وہ مقصد کلام کو تعبیر کرنے کی صلاحیت رکھتا ہو۔

اور بلاغت کہتے ہیں کہ: کلام اور متکلم اپنے منتہاء تک یعنی آخری حد تک پہنچ جائیں کہ اس کلام اور متکلم کا مقصد واضح طور پر خوب نکھر کر سامنے آجائے اور واضح ہو جائے۔

اسی طرح علامہ سعد الدین تفتازانی فصاحت وبلاغت کی تعریف میں لکھتے ہیں:

''الفصاحۃ: ھی فی الاصل تنبیٔ عن الابانۃ والظہور یوصف بہا المفرد، مثل کلمۃ فصیحۃ والکلام مثل کلام فصیح وقصیدۃ فصیحۃ۔۔۔ویوصف بھا المتکلم ایضاً، یقال: کاتب فصیح، وشاعر فصیح، والبلاغۃ ھی تنبیٔ عن الوصول والانتہاء۔۔۔الخ''.(۶)

اس عبارت کا مقصد بھی تفصیل کے ساتھ اوپر ذکر کر دیا گیا ہے، ان دو حوالہ جات (جو کہ فصاحت وبلاغت کی تعریف ہیں) سے واضح ہوتا ہے کہ دراصل انسان جو بات کرتا ہے وہ بے معنی اور نامانوس کلمات اور بے مقصدیت سے مزین نہ ہو، بلکہ مانوس کلمات اور آسان عام فہم کلمات کو بیان کیا جائے، جس سے بآسانی مطلب کو سمجھ لے، اس کو فصاحت کہتے ہیں، اور بلاغت یہ ہے کہ متکلم کا کلام مقتضی حال کے مطابق اور بغیر حشو وزیادتی کے سیدھا بیان ہو کہ مخاطب اس کی گہرائی اور تعبیر تک پہنچ جائے، اور مخاطب کا ذہن پراگندہ نہ ہو۔

مذکورہ بالا سطور سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ اللہ تبارک وتعالی نے عربی زبان کو فصیح وبلیغ اور بے شمار لفظی ومعنوی محاسن سے نوازا ہے، جو کہ تمام لسانی ضرورتوں کو پورا کرنے اور اظہار خیال کا بھرپور ذریعہ بننے کی صلاحیت رکھتی ہے، اس کی مثال خود قرآن کریم سے واضح ہو جاتی ہے۔

ارشاد باری تعالی ہے:

(وَلَوْ جَعَلْنٰهُ قُرْاٰنًا اَعْجَمِيًّا لَّقَالُوْا لَوْلَا فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ ؕ ءَاَعْجَمِيٌّ وَّعَرَبِيٌّ ؕ)(۷)

ترجمہ: اور اگر ہم اس (قرآن) کو عجمی قرآن بناتے تو لوگ کہتے کہ اس کی آیات کھول کھول کر

کیوں نہیں بیان کی گئیں؟ یہ کیا بات ہے کہ قرآن عجمی اور پیغمبر عربی؟(۸)

دراصل یہ تو کفار مکہ کے ایک اعتراض کا جواب ہے کہ اگر قرآن عجمی زبان میں اتارا جاتا تو ان کا اعتراض تب بھی ختم نہیں ہوتا، کیونکہ یہ تو ہیں ہی معترض، اس کے علاوہ ان کا کوئی اور کام نہیں ہے، لیکن اس سے ایک بات یہ سمجھ میں آتی ہے کہ عرب کے سوا جتنی قومیں دنیا میں ہیں ان سب کو عجم کہا جاتا ہے، اور جب اس (عجم) پر ہمزہ بڑھا کر ''اعجم'' پڑھا جائے تو اس کے معنی کلام غیر فصیح کے ہوتے ہیں؛ اس لیے عجمی اس شخص کو کہیں گے جو عربی نہ ہو اگرچہ کلام فصیح بولتا ہو، اور اعجمی اس کو جو کلام فصیح نہ کر سکے۔ (قرطبیؒ) آیت مذکورہ میں اعجمی فرمایا ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر ہم قرآن کو عربی زبان کے علاوہ کسی اور زبان میں بھیجتے تو قریش عرب جو قرآن کے پہلے مخاطب ہیں ان کو یہ شکایت رہتی کہ یہ کتاب ہماری سمجھ میں نہیں آتی اور تعجب سے کہتے کہ نبی عربی ہے اور کتاب اعجمی ہے جو فصیح نہیں ہے۔(۹)

اس آیت مبارکہ سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ قرآن کریم بھی عربی زبان کی فصاحت وبلاغت کی حقیقت کو تسلیم کرتا ہے کہ عربی زبان ہی دیگر زبانوں کے مقابلے میں اہمیت اور فضیلت کی حقدار ہے اور فصاحت وبلاغت کی موشگافیوں سے بھرپور ہے اور دیگر زبانیں بولنے والے اس کے مقابلے میں گونگے ہیں

۔

اور قرآن مجید کو عربی زبان میں نازل کر کے اس کلام الٰہی کو کلام معجز قرار دے دیا یعنی عربی زبان کو اس مقام پر لے گئے کہ عربی داں خود بھی اس طرح کا کلام لانے سے قاصر ہو گئے، باوجود یہ کہ وہ خود فصیح وبلیغ عربی جانتے تھے۔

چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

''وَاِنۡ كُنۡتُمۡ فِىۡ رَيۡبٍ مِّمَّا نَزَّلۡنَا عَلٰى عَبۡدِنَا فَاۡتُوۡا بِسُوۡرَةٍ مِّنۡ مِّثۡلِهٖ''(۱۰)

ترجمہ: اور اگر تم اس (قرآن) کے بارے میں ذرا بھی شک میں ہو جو ہم نے اپنے بندے محمد (ﷺ) پر اتارا ہے، تو تم اس جیسی کوئی ایک سورت ہی بنالاؤ۔(۱۱)

> ''معنی یہ ہیں کہ اگر تمہیں اس قرآن کریم کے کلام الٰہی ہونے میں کوئی تردد ہے اور یہ سمجھتے ہو کہ یہ نبی کریم ﷺ یا کسی دوسرے انسان نے خود بنایا ہے تو اس کا فیصلہ بڑی آسانی سے اس طرح ہو سکتا ہے تم بھی اس قرآن کی کسی چھوٹی سے چھوٹی سورت کی مثال بنالاؤ، اگر تم اس کی مثال بنانے میں کامیاب ہو گئے تو بے شک تمہیں حق ہو گا کہ اسکو کسی بھی انسان کا کلام قرار دو، اور اگر تم عاجز ہو گئے تو سمجھ لو کہ یہ انسان کی طاقت سے بالاتر خالص اللہ جل شانہ کا کلام ہے'' ۔(۱۲)

عربی زبان اس لیے بھی اپنی وسعت اور خصوصیات کے اعتبار سے دیگر زبانوں کے مقابلے میں بہت اہمیت کی حامل ہے دیگر زبانیں اپنے مقام کے اعتبار سے محدود ہیں، صرف اہل علاقہ ہی اس زبان سے متعارف ہوتے ہیں، اور چونکہ وہ ایک ہی علاقہ میں محدود ہوتی ہے؛ اس لیے ان میں تنوع اور وسعت نہیں ہوتی، جبکہ بین الاقوامی زبانیں جو اقوام عالم میں متعارف ہیں، مثلا: انگریزی، اردو، فارسی وغیرہ باوجود یہ کہ یہ زبانیں صرف اہل علاقہ ہی میں متعارف نہیں، بلکہ بین الاقوامی طور پر ان کو انٹرنیشنل لینگویج کے طور پر جانا جاتا ہے، پھر بھی ان زبانوں کا دامن تنوع، وسعت لغات اور ذخیرۂ الفاظ سے خالی ہے، جبکہ عربی زبان جو کہ بین الاقوامی طور پر سرفہرست ہے، وہ ان سب سے ممتاز ہے؛ کیونکہ وہ وسعت لغات، ذخیرۂ الفاظ اور تنوع کی دولت سے مالامال ہے۔

الفاظ کی اتنی وسعت کسی اور زبان میں مشکل ہی ملے گی، چنانچہ ڈاکٹر خورشید رضوی عربی زبان کی وسعت اور ذخیرہ الفاظ کے انبار اور کشادگی کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

> عربی زبان کی وسعت اور ثروت پر نظر ڈالتے ہیں تو داد دیے بغیر نہیں رہ سکتے کہ انہوں نے اس محدود سے عرصہ حیات کے ہر معمولی سے معمولی تغیر کے لیے الگ لفظ وضع کیا، اگرچہ لغت نویسوں نے بسا اوقات صفاتی و تشبیہاتی تعبیرات کو بھی مستقل کلمات کی حیثیت دے کر ذخیرہ لغت کو بہت بڑھا دیا ہے۔۔۔تاہم یہ تسلیم کیے بغیر چارہ نہیں کہ عربی زبان کی وسعت، حیرت انگیز ہے اور اسے ہمیشہ ہمیشہ باقی تمام سامی زبانوں کے تشریح طلب الفاظ کی وضاحت کے سلسلے میں اہم ترین مرجع کی حیثیت حاصل رہے گی، پھر یہ زبان صرف ذخیرہ الفاظ ہی میں باثروت نہیں، بلکہ قواعد صرف و نحو میں بھی زبردست وسعت کی حامل ہے۔(۱۳)

مزید یہ کہ " عربی کا دامن مطلب کے لیے اپنے اندر جس قدر وسعت رکھتا ہے اس کی مثال کسی اور زبان میں ملنا مشکل ہے، بلکہ تقریبا ناممکن ہے، ایک ایک چیز کے کئی کئی نام، پھر ان کے استعمال کے مواقع بھی جدا جدا، یہ صرف عربی زبان ہی کا اعجاز ہے، مثلا: پینے ہی کو لیجیے، ایک بڑے انسان کے لیے شرب استعمال ہوتا ہے، لیکن چھوٹے بچے کے لیے شرب الطفل کہنے کے بجائے "رضع الطفل" کہا جائے گا، اور اگر جانور نے پیا تو درندے کے لیے "وَلَغَ السَّبع" استعمال ہوگا، جبکہ اونٹ کے لیے "جرع البعیر" کہا جائے گا اور گائے وغیرہ کے لیے "کرع البقر" کہا جائے گا، لیکن اگر کسی پرندے کے پینے کو بتلانا ہو تو پیچھے گزرے کسی لفظ کو استعمال کرنا مناسب نہیں، بلکہ اس کے لیے "عبّ" کا لفظ استعمال ہوگا، "عبّ الطائر" ایک پرندہ نے پیا۔(۱۴)

اسی وسعت اور ذخیرہ الفاظ کو ڈاکٹر حبیب اللہ مختار القصائد البنوریہ میں بیان کرتے ہیں :
''ثم ان ھذہ اللغۃ من اوسع اللغات، فتری فیھا للشیءواحد اسماءعدیدۃ لا یوجد ذلک في ای لغۃ اخری، فالعسل لہ فی العربیۃ ثمانون اسما، وللحیۃ مائتان، وللاسد خمسماءۃ اسم، وللسیف والجمل لکل واحد منھما الف اسم''. (۱۵)

حضرت امام شافعی رحمہ اللہ جو عالم بے بدل، فقیہ بے مثل ہونے کے ساتھ ساتھ زبردست ادیب ہیں، فرماتے ہیں کہ : عربی زبان وسیع ترین زبان ہے اور اس کی تمام کی تمام لغات کا ادراک اور احاطہ نبی ﷺ کے علاوہ کسی عام انسان کے بس کی بات نہیں ہے۔

ابن درید اور خلیل نحوی فرماتے ہیں کہ عربی کی کل لغات کی تعداد پانچ کروڑ، چھ لاکھ انسٹھ ہزار چار سو بیس ہیں، ان میں تقریبا انتالیس ہزار چار سو لغات تو متروک ہیں، باقی سب مستعمل ہیں، پھر اس میں تفصیل ہے، دو حرفی کلمات کی تعداد سات سو پچاس، تین حرفی کی تعداد انیس ہزار چھ سو پچاس، چار حرفی کی تعداد تین لاکھ تین ہزار چار سو اور پانچ حرفی کی تعداد چھ کروڑ تین لاکھ پچھتر ہزار ہیں ۔ اسی طرح اس کی وسعت کا اندازہ آپ اس سے بھی لگا سکتے ہیں کہ عربی میں ایک ہی چیز کے کئی نام ہیں، اور پھر ان میں کئی لغات پائی جاتی ہیں، مثلا: صرف اونٹ اور گھوڑے کے لیے تقریبا پانچ ہزار نام، چیتے اور تلوار کے لیے تقریبا پانچ پانچ سو الفاظ موجود ہیں، اس زبان کی وسعت یہیں تک محدود نہیں بلکہ اس میں مترادف الفاظ موجود ہیں، جو مطالب و معانی کے بہت دقیق فرق کو ظاہر کرتے ہیں اور یہ الفاظ ایسے حاوی ہوتے ہیں کہ ایک ایک لفظ طویل معنوں پر مشتمل ہوتا ہے۔

اسی طرح عار و عیب کو بیان کرنے کے لیے پندرہ الفاظ استعمال ہوتے ہیں، تکبر کے معنی کے لیے اٹھارہ الفاظ استعمال ہوتے ہیں، طبیعت اور عادت کو بیان کرنے کے لیے بیس الفاظ استعمال ہوتے ہیں۔ (۱۶)

چنانچہ ابن خالویہ کہتے ہیں کہ میں نے عربی لغت سے شہد کے پانچ سو نام جمع کیے ہیں اور سانپ کے دو سو، حمزہ اصبہانی نے مصائب و آفات کے چار سو نام جمع کیے ہیں۔ ۱۷

چنانچہ واضح ہو گیا کہ عربی زبان اپنے وجود، جامعیت، وسعت لغات و معانی، ذخیرہ الفاظ، اصطلاحات، اسلوب بیان، تعبیرات، قدامت اور مذہبی زبان و آسمانی سرکاری زبان ہونے کی وجہ سے دیگر زبانوں سے ممتاز ہے، اسی طرح اس دنیا میں بولی جانے والی اکثر زبانیں عربی زبان سے متاثر ہوتی دکھائی دیتی ہیں، ہمارے ملک پاکستان میں جتنی زبانیں بولی جاتی ہیں، تقریبا ہر زبان کسی نہ کسی حد تک عربی زبان سے متاثر ہے، خصوصا ہماری قومی زبان اردو نے تو مکمل طور پر عربی کے گھوارہ میں پرورش پائی ہے ۔ بقول ڈاکٹر غلام مصطفی خان :

"برصغیر پاک وہند میں جب سے مسلمانوں کا قیام شروع ہوا تو ظاہر ہے کہ انہیں عربی سے اپنے دین کی وجہ سے خصوصی تعلق رہا، اس لیے انہوں نے بکثرت عربی الفاظ اپنے معاشرہ میں استعمال کرنے شروع کر دیے، اور مختلف مقامات کے لوگوں کے اختلاط وارتباط سے عربی الفاظ میں تغیر و تبدل بھی ہوا۔۱۸"

الفاظ کی ترکیب، اسلوب بیان اور معنوی حسن وخوبی جو اردو زبان کو حاصل ہے، وہ عربی زبان ہی کی بدولت ہے، اسی طرح اردو کے صرفی ونحوی قواعد پر عربی کا کافی اثر ہے، اردو کی اکثر اصطلاحات عربی سے ماخوذ ہیں، اسی طرح عربی زبان کی طرح عربی ادب بھی دیگر زبانوں کے ادب سے ممتاز حیثیت رکھتا ہے اور اس ادب کی اعلی ترین مثال خود قرآن کریم ہے ،جو کہ ادب کے اعلی مقام پر فائز ہے ۔ ادب میں انسانی جذبات واحساسات کی ترجمانی ہوتی ہے یعنی ادب کسی زبان کے شعراء کا وہ نادر کلام جس میں نازک خیالات وجذبات کی عکاسی اور باریک معانی ومطالب کی ترجمانی کی گئی ہو اس زبان کا ادب کہلاتا ہے، عربی زبان کا ادب دنیا کی تمام دوسری زبانوں کے مقابلے میں زیادہ مالا مال ہے، اس لیے کہ اس کا آغاز آفرینش انسان ہوتا ہے اور اس کی انتہاء عربی تمدن کے مٹ جانے پر ہو گی، خاندان مضر کی یہ زبان اسلام پھیلنے کے بعد صرف ایک قوم ہی کی زبان نہ رہی، بلکہ ان تمام اقوام عالم کی زبان بھی بن گئی، جو وقتاً فوقتاً اسلام کی دعوت قبول کرتی رہیں، یہ دعوت قبول کرنے والے بھی اپنی زبان کے اسرار وغوامض، انوکھے تصورات وخیالات اور نادر مطالب ومعانی کا اس زبان میں اضافہ کرتے رہے اور آگے چل کر یہ زبان حامل دین وادب، داعی علم وتمدن بن کر زمین کے گوشہ گوشہ میں پھیلی، اور اس نے ہر اس زبان کو جو اس سے نبرد آزما ہوئی زیر کر لیا، اسی طرح اس زبان نے یونانیوں، ایرانیوں، یہودیوں، ہندؤوں اور حبشیوں کے قدیم علوم وآداب اپنے اندر جذب کر لیے اور زمانہ کی سخت گردش کے باوجود ان درمیانی صدیوں میں بخیر و خوبی محفوظ رہی، اس نے اپنے گرد وپیش کی کئی زبانوں کو تباہ وبرباد ہوتے دیکھا، مگر یہ بہادری کے ساتھ پروقار طور پر سر اونچا کیے تمام مذہبی فلسفوں اور ادبی افکار وخیالات کو پنے اندر جمع کرتے ہوئے بسلامت نکل آئی، دوسری قوموں کی زبانیں اس کے مقابلے میں نالوں، ندیوں، نہروں اور دریاؤں کی حیثیت رکھتی ہیں، جو متفرق مقامات پر پڑھنے اور پھیلنے کے باوجود ایک ہی سمندر میں آتی ہیں، اور وہ سمندر عربی زبان ہے۔۱۹"

خلاصہ

عربی زبان وادب اپنی ابتدائی آفرینش سے ہی فصاحت وبلاغت وقدامت کے اعتبار سے ممتاز حیثیت رکھتی ہے۔ کیونکہ پوری دنیا میں یہ واحد زبان ہے جس کو قدرت نے بے شمار لفظی ومعنوی محاسن و فضائل سے نوازا ہے۔اس کی وجہ یہ ہے کہ دیگر زبان وادب معاشرے میں موجود افراد کے ملاپ اور ان کی زبانوں کے ملاپ سے معاشرے میں جنم دیتی ہے اور پروان چڑھتی ہیں۔ مگر عربی زبان وادب اپنی قدامت کی وجہ سے دیگر زبانوں پر فوقیت رکھتی ہے۔ کیونکہ بحیثیت مسلمان ہم سمجھتے ہیں کہ عربی زبان وادب ایک الہامی زبان ہے۔بنی نوح انسان کے زمین پر جلوہ گر ہونے سے قبل بھی اپنا وجود رکھتی تھی۔ یہ وہ مقدس زبان وادب ہے کہ دیگر زبان وادب تو دنیا کے ختم ہوتے ہی وہ بھی ختم ہو جائینگے مگر عربی زبان اس دنیا کے ختم ہونے کے بعد بھی باقی رہے گی۔ لہٰذا یہ اعزاز اس عربی زبان وادب کی قدامت کی دلیل ہے۔اس عربی زبان وادب کی فصاحت وبلاغت کا اندازہ اس سے کر سکتے ہیں کہ قرآن مجید اس زبان کو نہ جاننے والے کو گونگے شمار کرتا ہے۔ یہ اپنے قواعد کی وجہ سے بہت آسان ہے۔ کیونکہ اس کے قواعد بہت منظم ہیں۔اس میں لغت وبیان کے مستقل نظام موجود ہے اور محفوظ اس وجہ سے ہے کہ اللہ تعالیٰ کی محفوظ کتاب اس عربی زبان میں ہے۔اس کی حلاوت و مٹھاس سے وہ حضرات بخوبی واقف ہیں جو لسان عربی ادب کے اصرار و غوامض سے آشنا ہیں۔ آج پوری دنیا پر یہ زبان غالب وحاوی ہے۔ عربی زبان وادب کی فصاحت کا اندازہ اس سے کر سکتے ہیں کہ عربی کی کل لغات کی تعداد پانچ کروڑ چھ لاکھ انسٹھ ہزار چار سو بیس ہیں۔ جس میں سے چار سو لغات تو متروک ہیں باقی سب مستعمل ہیں۔اس کی وسعت کا اندازہ اس سے لگا سکتے ہیں کہ عربی میں ایک ہی چیز کے کئی کئی نام ہیں۔ مثلاً صرف اونٹ اور گھوڑے کے لیے تقریباً پانچ ہزار نام ہیں اور چیتے اور تلوار کے لیے پانچ پانچ سو الفاظ موجود ہیں اس طرح عار اور عیب کے لیے پندرہ الفاظ اور تکبر کے لیے اٹھارہ الفاظ اور طبیعت اور عادت کو بیان کرنے کے لیے بیس الفاظ استعمال ہوتے ہیں۔

المراجع والمصادر

۱۔ زیات احمد حسن استاذ، مترجم، سورتی طاہر، عبدالرحمان، تاریخ ادب عربی، ص:۵۹، لاہور، اشرفیہ پارک، غلام علی پرنٹرز

۲۔ اساتذہ مدرسہ عائشہ صدیقہ، لسان القرآن، ج ا ص ۴، کراچی ناشر: مدرسہ عائشہ صدیقہ للبنات، سن اشاعت: ۲۰۰۰ھ

۳۔ عتیق الرحمان، تصریحات شرح سبع معلقات، ص:۱۲، کراچی: دار الکتب الدینیہ، اشاعت اول ۱۴۲۹ھ، اشاعت دوم: ۱۴۳۳ھ، اشاعت سوم: ۱۴۳۶ھ

۴۔ محمد بن عیسی ابو عیسی، جامع الترمذی مع شمائل النبوی، باب:۶۹، مطبع: مجتبائی، دہلی، ۱۳۴۱ھ

۵۔ حنفی ناصف، محمد دیاب، سلطان محمد، مصطفی طموم، دروس البلاغۃ، ص: ۵، ۱۱، لاہو، رارد و بازار المیزان
۶۔ تفتازانی سعد الدین علامہ، مختصر المعانی، ص: ۱۳، ۱۲، لاہور: مکتبہ رحمانیہ
۷۔ القرآن، پارہ نمبر: ۲۴، سورۃ: حم السجدۃ آیت نمبر: ۴۴
۸۔ عثمانی محمد تقی مفتی، آسان ترجمہ قرآن، ص: ۴۷، کراچی مکتبہ معارف القرآن، سن اشاعت: ۲۰۱۱ ــــہ
۹۔ عثمانی محمد شفیع مفتی، معارف القرآن، ج۷/ص ۶۶۳، کراچی ادارۃ المعارف، ۲۰۰۵ ــــہ
۱۰۔ القرآن، سورۃ البقرہ، پارہ نمبر: ۱، آیت نمبر: ۶۳
۱۱۔ عثمانی محمد تقی مفتی، آسان ترجمہ قرآن ص: ۱۰۰۹، کراچی مکتبہ معارف القرآن سن اشاعت: ۲۰۱۱ ــــہ
۱۲۔ عثمانی محمد شفیع مفتی، معارف القرآن، ج۱/ص ۱۴۳، کراچی ادارۃ المعارف، سن اشاعت: ۲۰۰۵ ــــہ
۱۳۔ رضوی خورشید ڈاکٹر، عربی ادب قبل از اسلام ، ج/۱، ص/۱۵۵، لاہور، ناشر: ادارہ اسلامیات پبلیشرز، سن اشاعت: جون ۲۰۱۰ ــــہ
۱۴۔ عتیق الرحمان، تصریحات شرح سبع معلقات، ص: ۱۵، کراچی: دار الکتب الدینیہ، اشاعت اول ۱۴۲۹ ھ، اشاعت دوم: ۱۴۳۳ ھ، اشاعت سوم: ۱۴۳۶ ھ ــــہ
۱۵۔ مختار حبیب اللہ ڈاکٹر، القصائد البنوریہ، کراچی، ص: ۴۵، ناشر: مجلس دعوہ والتحقیق، جامعہ علوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن
۱۶۔ محمد نعیم مفتی المواہب النعیمیہ شرح المقامات الحریریۃ، ص: ۱۵، کراچی، ناشر: المکتبۃ الجامعۃ البنوریۃ، سن اشاعت: ۱۹۹۸ ــــہ
۱۷۔ المنجد، ص: ۶۳۲، کراچی آرام باغ، نور محمد کتب خانہ
۱۸۔ خان غلام مصطفی ڈاکٹر، ہمارا معاشرہ اور عربی، مخزن ادب درسی کتاب، مصنف: ، ص: ۷۸
۱۹۔ زیات احمد حسن استاذ، مترجم، سورتی طاہر، عبد الرحمان، تاریخ ادب عربی، ص: ۴۹، لاہور، اشرفیہ پارک، غلام علی پرنٹرز۔

پروفیسر ڈاکٹر مزمل حسین
پرنسپل گورنمنٹ پوسٹ گریجوایٹ کالج
کوٹ سلطان
-
پروفیسر ڈاکٹر راشدہ قاضی
پرنسپل گورنمنٹ کالج آف کامرس،
ڈی جی خان۔

'جو ہم پہ گزری' اردو کی ایک اہم غیر مطبوعہ خودنوشت
(تحقیقی اور تنقیدی مطالعہ)

UNPUBLISHED AUTOBIOGRAPHY 'JO HUM PAY GUZRI' A RESEACH AND CRITICAL ANAYLISIS

Abstract

Auto-biography happens to be one of the most important genres of literature. Urdu literature is replete with quite a rich storage of Auto-biographies. Auto-biography, not only, describes the life events of a writer; but it also encompasses the entire history of his age. Writing about one's .Own self is believed to be the hardest of crafts. Auto-biography is a blend of creative literature as well as other literature i.e. Political/ economic/ geographic history .

"Jo Ham Pe Guzri" 'is an auto-biography of a versatile intellectual writer Dr. Mahr AbdulHaq which is yet to be published. This auto-biography not only encompasses his personal life. events, but the political, literary and cultural conduct of people in the back drop of twentieth century. The present thesis comprises of a research based critical study of this important document.

ڈاکٹر مہر عبدالحق (1915ء-1995ء) بیک وقت ماہرِ لسانیات، ماہرِ فریدیات، شاعر، محقق، مترجم، مفسر، مورخ، ناول نگار اور ماہرِ لغت کے طور پر جانے پہچانے جاتے ہیں۔ 1957ء میں ڈاکٹر سید عبداللہ کی نگرانی میں پی ایچ۔ڈی کا مقالہ بعنوان ''ملتان زبان اور اس کا اردو سے تعلق'' لکھ کر اردو زبان کے مباحث میں ایک نئی بحث کا آغاز کیا کہ اردو زبان نے ملتانی زبان سے جنم لیا ہے اور اس بحث کے لیے عملی تحقیق کر کے اردو کے بہت سے ان ابتدائی الفاظ کی نشاندہی کی ہے جن کا تعلق ملتانی زبان سے ہے۔ یہ وہی الفاظ ہیں جن کا ذکر محمود شیرانی نے پنجابی زبان کی ذیل میں کیا تھا اور بعد میں ڈاکٹر جمیل جالبی نے اپنی تحقیق میں انہی الفاظ کا حوالہ دیا ہے۔ مہر عبدالحق نے اپنی تصنیفی زندگی میں کئی معتبر کتب لکھیں جن میں سے اکثر ان کی زندگی میں ہی شائع ہو گئی تھیں مگر ابھی تک کچھ تصانیف ایسی بھی ہیں جو تشنہ ءِ طباعت ہیں۔ ان کتب میں ان کی خود نوشت سوانح عمری بہ عنوان ''جو ہم پہ گزری'' بھی ہے۔ اگر اس خود نوشت کو انور طباعت سے آراستہ کر دیا جائے تو اس خود نوشت کا شمار اردو کی بہترین سوانح عمریوں میں ہو گا۔ یہ سوانح عمری تاریخ، تہذیب، ثقافت اور علم و ادب کے پس منظر میں ایک دستاویز کی حیثیت رکھتی ہے۔ اس سے قبل کہ ہم زیرِ نظر سوانح عمری کا ناقدانہ اور محققانہ مطالعہ پیش کریں، یہ ضروری دکھائی دیتا ہے کہ ہم ''خود نوشت سوانح عمری'' کی ان تعریفوں کا جائزہ لیں جو مختلف ماہرینِ فن نے بیان کی ہیں۔

بقول ڈاکٹر سلیم اختر:

> ''انگریزی Autobiography کے مترادف کے طور پر آپ بیتی یا خود نوشت سوانح عمری جیسا کہ نام ہی سے ظاہر ہے، وہ کتاب جو اپنے ذاتی احوال و کوائف کے بارے میں تحریر کی گئی ہو، اس لحاظ سے پنجابی لفظ 'ہڈ بیتی' بھی بہت مناسب ہے۔'' (۱)

ڈاکٹر سلیم اختر اس تعریف کے بعد خود نوشت کی توضیح دلچسپ انداز میں اس طرح سے کرتے ہیں:

> ''اپ بیتی کی تحریر کا نفسی محرک نرگسیت Nurcisism ہے۔ لکھنے والا آپ بیتی کو ایسے آئینے میں تبدیل کر دیتا ہے جس سے وہ دنیا والوں کے سامنے اپنا رویہ پیش کرتا ہے جس سے وہ دوسروں کے مقابلے میں ممتاز و منفرد نظر آتا ہے۔ اس مقصد کے لیے مثبت اور منفی دونوں طرح کا انداز اور اسلوب اپنایا جا سکتا ہے۔ اپنے بارے میں غلو سے بھی کام لیا جا سکتا ہے (مثال: جوش ملیح آبادی کی ''یادوں کی بارات'') اور سادہ بیانی سے بھی (مثال: میرزا ادیب کی ''مٹی کا دیا'') اپنے خراب حالات چھپائے نہیں جاتے (مثال: احسان دانش کی ''جہانِ دانش'') اور اپنی ذات کے حوالہ سے تہذیب و ثقافت کی بھی بات کی جاتی ہے

(مثال: قراۃ العین حیدر کی ''کارِ جہاں دراز ہے'') اپنا دفاع پیش کیا جاتا ہے (مثال: قدرت اللہ شہاب کی ''شہاب نامہ'') اور خود ہی اپنا محاسبہ کیا جاتا ہے (مثال: ڈاکٹر جاوید اقبال کی ''اپنا گریباں چاک'') الغر آپ بیتی میں اظہار و اسلوب کا بہت تنوع ملتا ہے۔''(۲)

اسی طرح خود نوشت کے بارے میں چند اور ماہرین کی آرا دیکھیے۔ بقول مولانا غلام رسول مہر:

''آپ بیتی پر ہمہ گیر بے اعتمادی کا خط بطلان کھینچنا مناسب نہیں۔ دنیا کے عام ذخیرہ نگارش کی طرح آپ بیتی بھی نقد و نظر سے باہر نہیں۔ ہمارے لیے غور و فکر اور چھان بین کے ذریعے سے یہ ہمہ وجود صحیح واقعات اخذ کر لینا مشکل نہیں لیکن نفسِ معلوماتِ صحیحہ کے نقطۂ نظر سے دیکھا جائے تو آپ بیتی کو ہر دور کے ذخیرہءِ تاریخی اور انبارِ عبرت پر ترجیح حاصل ہے اور اس کے اعتراف میں تامل کیوں کیا جائے۔''(۳)

بقول مشفق خواجہ:

''خود نوشت کا اصل مقصد انکشافِ ذات ہے لیکن سماجی قیود اور اخلاقی مفروضات اسے [پردہءذات' بنا دیتے ہیں اور اسی لیے یہ کہا جا سکتا ہے کہ اپن آپ کو چھپانے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ خود نوشت سوانح عمری لکھ دی جائے۔'' (۴)

الطاف فاطمہ ''خود نوشت'' کے بارے میں یوں اظہارِ خیال کرتی ہیں:

''ایک اچھا 'آپ بیتی' لکھنے والا جانتا ہے کہ جو اعمال اور افعال خود اس سے سرزد ہو چکے ہیں، ان کا تعلق اس کی ذات سے صرف اتنا رہ جاتا ہے کہ وہ اس کے نام اور ذات سے ہی منسوب ہیں اور اب وہ دوسروں کی امانت ہیں کیونکہ دوسروں کو ان سے سبق لینا ہوتا ہے۔'' (۵)

ابو الاعجاز حفیظ صدیقی ''خود نوشت'' آپ بیتی کے حوالے سے ایک منفرد پہلو سے اس طرح رقم طراز ہیں:

''آپ بیتی عام طور پر قابلِ اعتماد سوانح نہیں ہوتی اور مکمل، معیاری اور بے لاگ آپ بیتی لکھنا ممکن بھی نہیں کیونکہ حبِ ذات صداقت کی راہ میں حائل ہوتی ہے۔ آپ بیتی لکھنے والا حبِ ذات سے مجبور ہو کر کہیں اخفا، کہیں مبالغہ اور کہیں ملمع سازی کا مرتکب ہوتا ہے۔ کچھ باتیں ایسی بھی ہوتی ہیں جنھیں انسان اپنے آپ سے بھی چھپاتا ہے۔ دوسروں کو ان رازوں میں کیا شریک کرے گا۔ چنانچہ آپ بیتی میں سب کچھ کہہ دینا ممکن نہیں ہوتا۔ معاشرتی حیوان ہے۔ اس لیے وہ اپنی ذات کو بے نقاب کرتے ہوئے تحسین، ملامت اور دوسروں کے رد عمل سے یکسر بے نیاز بھی نہیں ہو سکتا۔ دوسروں کے بارے میں سچ بولنا نسبتاً آسان ہے مگر

اپنے بارے میں لکھتے ہوئے کھردری صداقت کو ملحوظ رکھنا تقریباً ناممکن ہے۔ چنانچہ "آپ بیتی' لکھنے والا بسا اوقات اپنے عیوب کو چھپاتا ہے یا ان کی تاویل کرتا ہے۔ خود مجرم کو اپنا منصف بننے کا موقع دیا جائے تو وہ اپنے جرم کی شدت کو کم کرنے اور اپنے تئیں حق بجانب ٹھہرانے کی کوشش کرتا ہے اور ممکن ہو تو واقعے سے ہی انکار کر دیتا ہے۔" (۶)

ان آرا کی روشنی میں جب ہم ڈاکٹر مہر عبدالحق کی خود نوشت "جو ہم پہ گزری" کا جائزہ لیتے ہیں تو یہ بات سامنے آتی ہے کہ ڈاکٹر مہر عبدالحق نے اس صنف کو خوب سمجھا اور اس کی صحیح روح کو مد نظر رکھ کر اپنی سوانح کے احوال قلم بند کیے۔ ایک بات توجہ طلب ہے کہ 'خود نوشت' کے حوالے سے لکھنے والے کسی بھی ماہر نے اس پہلو کو نہیں چھیڑا کہ "خود نوشت" کیسے لکھنی چاہیے؟ اور کس کی خود نوشت اہم ہو گی؟ یہ بات تو سچ ہے کہ کوئی بھی شخص اپنی سوانح عمری یا آپ بیتی لکھ سکتا ہے مگر راقم کے خیال میں خود نوشت ہمیشہ اسی شخص کی اہم ہوتی ہے جو سماجی، سیاسی یا ادبی اور علمی حوالے سے اہم ہو کیونکہ قاری کے سامنے دلچسپی کا عنصر اسی وقت قائم رہے گا جب خود نوشت نگار، معروف اور اہم ہو گا۔ نہیں تو یہ تحریر مصنف کی فیملی کے دائرے تک ہی محدود رہے گی۔ اس تناظر میں زیرِ نظر خود نوشت کئی اعتبار سے اہم ہے، مگر المیہ یہ ہے کہ اس تصنیف کو لکھے تین دہائیاں ہونے کو ہیں مگر ابھی تک یہ منصہءِ شہود پر نہیں آ سکی۔ اسلوب اور مواد کے اعتبار سے اس خود نوشت کا معیار اردو کی دیگر مطبوعہ خود نوشتوں سے کسی بھی طور پر کم نہیں ہے۔

اس خود نوشت میں مصنف نے داخلی کیفیتوں، دلی احساس، عملی تجربوں، زندگی کے جذباتی پہلوؤں اور بحیثیت مجموعی زندگی کے بارے میں اپنے نقطہءِ نظر کی خوب ترجمانی کی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ خود نوشت کی تین اہم صورتیں سفر نامہ، رپورتاژ اور روزنامچہ ہوتی ہیں۔ فاضل مصنف نے ان تینوں صورتوں کو بروئے کار لا کر اسے تصنیف کیا ہے اور اسے چودہ ابواب میں ان عنوانات میں منقسم ہے۔

۱۔ خاندانی پس منظر۔ ۲۔ اباجی اور امی جان۔ ۳۔ پانچویں جماعت تک کی تعلیم۔ ۴۔ ہائی سکول کے پہلے تین سال۔ ۵۔ نویں اور دسویں کی تعلیم۔ ۶۔ کالج۔ ۷۔ سوز و ساز کے آٹھ سال۔ ۸۔ سحر ہونے تک (۱۹۴۳ء۔۱۹۴۷ء)۔ ۹۔ سحر گرد گرد۔ ۱۰۔ سرائیکی ثقافت کے مرکز میں۔ ۱۱۔ لسانی تحقیق کی تکمیل تک۔ ۱۲۔ لاہور، ثقافتِ راوی کا مرکز۔ ۱۳۔ نوکری کے آخری دس سال۔ ۱۴۔ علمی، ادبی اور تحقیقی کام کی تفصیل۔

ڈاکٹر مہر عبدالحق زود نویس لکھاری تھے۔ زیرِ تحقیق و تدوین کتب (جو کہ تقریباً چار تھیں، مگر وہ انہیں مکمل نہ کر سکے) کے علاوہ انھوں نے ۳۴ کتب تصنیف کیں۔ ان کتب میں نصاب کے ساتھ ساتھ کہانیاں، ناول، تحقیق اور تنقید، سوانح عمری، فریدیات، لسانیات، تراجم، تفسیر، قواعدِ زبان، فلسفہ، تعلیم،

لغت اور شاعری شامل ہے۔ اس پس منظر میں یہ کہنا بجا ہے کہ مہر عبدالحق ایک نابغہ روزگار شخصیت تھے جن کا خمیر مراکز سے بہت دور لیہ جیسے دور افتادہ شہر سے اُٹھا اور انہوں نے اپنی شبانہ روز کاوشوں سے شعر و ادب اور تحقیق و تنقید (اردو و ملتانی زبانیں) کو متاثر کیا۔ اردو زبان کے نام کے بارے میں ایک منفرد رائے دے کر اردو ماہرینِ لسانیات کے لیے نئے سوال پیدا کر دیے۔ ان کا خیال تھا کہ ''اردو'' کا لفظ بنیادی طور پر سرائیکی کا ہے۔ اس حوالے سے وہ اپنے استاد سید محمد شاہ بخاری کی اس رائے سے ہمیشہ متفق رہے:

> ''نویں اور دسویں میں اردو کی جو درسی کتاب پڑھائی جاتی تھی، اس کا نام ''مرقع ادب'' تھا۔ اس میں محمد حسین آزاد کی کتاب ''آبِ حیات'' کا وہ باب بھی شامل تھا جس میں اردو کے معانی ''لشکر'' کے بتائے گئے ہیں اور ''برج بھاشا'' کے علاقے کو اردو کا مولد ٹھہرایا گیا ہے۔ استادِ محترم قبلہ شاہ صاحب کا موقف اس سے مختلف اور زیادہ صحیح تھا۔ انھوں نے فرمایا: ''اڑدو۔۔۔ڑ کی آواز کے ساتھ خالص سرائیکی لفظ ہے۔ ترکی زبان میں یہ لفظ ترک سپاہیوں کی معرفت ''سرائیکی'' سے منتقل ہوا۔ ترکی زبان میں ''ڑ'' کی آواز نہیں ہے۔ اس لیے وہاں یہ لفظ ''اردو'' ہو گیا۔ سرائیکی زبان میں یہ لفظ ''انبوہ، کثرت، زیادتی، انبار، ڈھیری'' وغیرہ کے معنوں میں بولا جاتا ہے اور ابھی تک متروک نہیں ہوا۔ مثلاً ہم کہتے ہیں کہ آج دکانوں پر خربوزوں کے ''اڑد'' لگے ہوئے تھے۔ اس طرح کالی گھٹاؤں کے ہجوم دیکھ کر کہتے ہیں کہ بادلوں کے ''اڑد'' امڈے آ رہے ہیں۔ سودا سلف لینے جائیں تو دکان دار سے کہتے ہیں کہ ذرا ''اڑد'' تولنا۔ ترازو کے جھکاؤ کو ''اڑاند'' کہتے ہیں۔ یہ مشتقات کسی اور زبان میں نہیں ہیں۔ لہٰذا ''اڑدو'' سرائیکی لفظ ہے اور یہی اس کا صحیح تلفظ ہے۔ تاریخی اعتبار سے دیکھا جائے تو برصغیر ہندو پاکستان میں مسلمانوں کی آمد اور اس کے نتیجے میں عربی اور فارسی کے اختلاط سے جو نئی زبان وجود میں آئی، اسے وادی سندھ کے مرکز ملتان نے ''اڑدو'' کا نام دیا کیونکہ وادی سندھ ہی وہ سرزمین ہے جس میں یہ لسانی اختلاط پہلی بار ہوا۔'' (۷)

اس بات کا حوالہ انھوں نے اپنی ''خود نوشت'' کے باب پنجم میں بھی دیا ہے۔ اس باب کا عنوان ہے ''نویں اور دسویں کی تعلیم''۔ یہ اس بات کا بھی غماز ہے کہ آپ کو سکول کی زندگی ہی سے ایسے اساتذہ مل گئے تھے جنھوں نے آپ کے ادبی ذوق کو ایک نکھار بخشا اور آپ کو آغاز سے ہی بالخصوص سرائیکی زبان و ادب سے وابستہ کر دیا۔ آپ کی خود نوشت کے پہلے باب سے لے کر آخر تک یہ وابستگی بآسانی محسوس کی جا سکتی ہے۔ اس خود نوشت کی یہ خصوصیت ہے کہ اس میں جہاں مہر صاحب نے اپنے خاندان اور اپنے احوال پیش کیے ہیں وہاں پس منظر کے طور پر تاریخ سے بھی مکمل استفادہ کرتے ہوئے مستند حوالے دیے

ہیں۔ پہلے باب بعنوان '' خاندانی پس منظر'' میں سمرا خاندان کی وضاحت کرتے ہوئے ''سمیرین'' تہذیب پر اس طرح روشنی ڈالی ہے، وہ لکھتے ہیں:

''راقم الحروف کی کتاب The Soomras میں یہ حقیقت پوری وضاحت کے ساتھ بیان کی گئی ہے کہ قبائل کی نقل و حرکت کے اس قدیم زمانے میں میسوپوٹیمیا جنوبی ایران اور موجودہ سندھ اور بلوچستان؛ اس طرح الگ الگ علاقے نہیں تھے۔ جس طرح آج کی ملکی تقسیمیں انہیں ظاہر کرتی ہیں۔ نہ ان کے درمیان کوئی سرحدیں تھیں اور نہ لوگوں کی آمد و رفت پر کوئی پابندیاں عائد تھیں۔ وسطِ ایشیا سے نکل کر ادھر ادھر گھومنے پھرنے والے قبائل میں سے بعض نے کہیں کہیں مستقل آبادیاں قائم کر لی تھیں اور بعض ابھی مستقر کی تلاش میں تھے۔ تاہم یہ سب ایک ہی اصل اور نسل کے شعوب تھے۔ غیر سامی النسل ہونے کی وجہ سے ''سمیر'' کہلاتے تھے۔ سندھ، عراق، بلوچستان اور جنوبی ایران کی تہذیب کو مورخین نے ''سمیرین تہذیب'' کا نام دیا ہے۔ اس تہذیب کے بانی مبانی ''سمرا'' تھے جو آج سندھ میں سومرو، عراق میں سمرا، وسطی وادی میں سمر، سمراہ وغیرہ کے نام سے جانے پہچانے جاتے ہیں اور زندہ و پائندہ قوم کی حیثیت رکھتے ہیں۔'' (۸)

''دی سومروز'' کو شائع ہوئے چھبیس برس گزر گئے ہیں مگر آج تک مہر صاحب کی اس بات کی تردید نہیں کی گئی کہ سمرا خاندان کا تعلق ''سمیرین تہذیب'' سے تھا۔ اس باب میں انہوں نے آریاؤں کے مقابلے میں سمراؤں کو مہذب اور تمدنی زندگی کے علمبردار کہا ہے جبکہ عام خیال یہ ہے کہ آریا مہذب اور متمدن تھے اور یہاں کے مقامی باشندوں کے مقابلے میں زیادہ بہتر تھے۔ وہ لکھتے ہیں:

''وادی سندھ میں سمراؤں کی آمد اور شمالی پہاڑی علاقوں میں کوہ ہندوکش کے قریب آریاؤں کی آمد کے درمیان ایک ہزار سال کا وقفہ ہے۔ سمرا شہری تہذیب کو عروج تک لے جا چکے تھے لیکن آریہ ابھی تک نیم مہذب تھے۔ تہذیبی مراکز کو تہس نہس کر دینا ان کا بڑا کارنامہ تھا۔ سائنتھیا کے حوالے سے سائیتھ کا لفظ عراق عرب وغیرہ میں پہنچا تو یہ اسے ساکا بنا دیا۔ چونکہ سمرا کاشتکاری کے بھی ماہر تھے، اس لیے ''جٹ'' کہلائے۔ ان کی ایک شاخ ''مور'' جہازران تھی جو آبی شاہراہوں کے ذریعے تجارت کرتی تھی۔''(۹)

اس بات میں ڈاکٹر مہر عبدالحق نے بعض مستند کتب کے حوالے دے کر ''سمراؤں'' کے خاندانی پس منظر کو اجاگر کیا ہے۔ ان کتب میں ''راج ترنجنی'' اور ''وقائع راجستھان'' شامل ہیں۔ وہ ان کتب کی مدد سے لفظ ''سمرا'' کو واضح کرتے ہیں۔ وقائع راجستھان کے مطابق ''سمرا'' یہ ہیں:

''وقائع راجستھان میں ایک جگہ اومرا، سومرا کا ذکر کیا گیا ہے۔ اومرا کے صحیح معنی معلوم نہیں ہو سکے۔ سرائیکی اور سندھی زبانوں میں ''تھر'' کے رہنے والے کو تھوری کہتے ہیں۔ ''سُر'' لگانے والے کو سوری کہا جاتا ہے۔ دھبے دور کرنے والا دھوبی ہے۔ اسی اصول کے تحت امری کا باشندہ ''اومری'' کہلائے گا۔ سمراؤں نے اسی امری کے مقام پر جو سندھ اور بلوچستان کی سرحد پر واقع ہے، کاشتکاری کو فروغ دیا تھا۔ جب یہاں سے نقل مکانی کر کے دوسری جگہ پہنچے تو امری کے حوالے سے انہیں ''اومری سمرا'' اور پھر ''اومرا سمرا'' کہا گیا۔ تورات میں ایک بادشاہ کا نام ''اومری'' بتایا گیا ہے۔'' (۱۰)

مہر صاحب نے اس طرح کے امتیازات کا قدم قدم پر مشاہدہ پیش کیا ہے۔ شاید انہی مشاہدات اور تجربات کا منطقی نتیجہ تھا کہ آپ ایک سرائیکی قوم کے سرپرست کے طور پر سامنے آئے اور اپنی قوم کی شناخت کی اساسی قدر ''زبان'' پر اپنی پوری توجہ مرکوز کی اور بابائے سرائیکی کہلائے۔ وہ اس بیانیہ کو بھی سمجھ گئے تھے کہ بدیسی لوگوں کی لائی ہوئی تہذیب جو کہ مہاجرین کی وساطت سے اس دھرتی کا مقدر بنی تھی، اس نے یہاں کی تمام سماجی، تہذیبی اور اخلاقی قدروں کو تہس نہس کر دیا اور آج پورا ملک شناختی بحران کا شکار ہو گیا ہے۔ وہ اسی باب میں طویل بحث کے بعد اپنا یہ تھیسز بیان کرتے ہیں:

''آج 1992ء میں جبکہ یہ سطور لکھ رہا ہوں، پاکستانی معاشرہ جس بحران میں مبتلا ہے، اس کی ذمہ داری صرف اور صرف اس وقت کے ایجوکیشنسٹس پر عائد ہوتی ہے جو قول اور عمل کے تضادات کا شکار ہو گئے، ذاتی مفادات کے سیلاب کے سامنے نہ ٹھہر سکے اور ان مقاصد کو بھول گئے جن کی خاطر پاکستان وجود میں آیا تھا۔ میری حیثیت ایک معمولی ٹیچر کی تھی، بس ذرا پرانا ٹیچر تھا، ذہانت، قابلیت، دیانتداری، اعلیٰ صلاحیت، علمی استعداد بلکہ سیرت و کردار کے جانچنے کا معیار گریڈ اور عہدہ تھا۔ چھوٹے آدمی کو کوئی حق حاصل نہ تھا کہ وہ کوئی بڑی بات کرے یا بالاتر لوگوں پر تنقید کرے۔ اگر کسی چھوٹے ملازم سے کوئی کام کی بات حادث ہو جاتی تو اس کے بالا افسر کے کھاتے میں چلی جاتی کیونکہ یہ تصور کر لیا گیا تھا کہ مذکورہ بالا صفات کی اجارہ داری صرف افسروں کے پاس ہے۔ چھوٹے ملازمین سے اسی طرح کام لے لیا جانا چاہیے جس طرح کاشتکار بیل یا ٹریکٹر سے کام لیتا ہے۔ انفرادیت اور استحصالی رویوں کے اس ماحول میں کسی کو کیا پڑی تھی کہ قومی سطح پر سوچتا یا بے لوث خدمتِ وطن کی طرف قدم بڑھاتا۔ تارکینِ وطن کی لائی ہوئی تہذیب کا یہی تقاضا تھا۔'' (۱۱)

اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ ان تارکین وطن نے ہمارے شہروں پر آ کر قبضہ کر لیا اور پھر تعلیم،

میڈیا اور تجارت ان کے گھر کی لونڈی ٹھہری۔ مذہب کی بنیاد پر یہاں کی شانت تہذیب میں توڑ پھوڑ کرنا ان کا وتیرہ بن گیا اور آج ستر برس بعد ہم اس مخمصے کا شکار ہیں کہ جائیں تو آخر جائیں کہاں؟

''نوکری کے آخری دس سال'' تیرھواں باب ہے۔ اس باب میں انھوں نے 1961ء سے 1971ء تک کی ملازمت کے احوال بیان کیے ہیں اور بتایا ہے کہ ہمارا سکول ڈیپارٹمنٹ کی حالت کتنی ناگفتہ بہ ہے اور انہوں نے کس طرح ذاتی کاوشوں سے اپنے سکول کی حالتِ زار کو سنوارا اور اسے ڈسٹرکٹ کا بہترین ادارہ بنا دیا۔ اسی باب میں انھوں نے اپنی مالی پریشانیوں کا ذکر بھی کیا ہے اور مظفر گڑھ سے ملتان ہجرت اور پھر یہیں مستقل سکونت کے احوال بھی بیان کیے ہیں اور ملتان میں آکر انھوں نے قرآن حکیم کا سرائیکی زبان میں ترجمہ، قصیدہ بردہ شریف کا ترجمہ اور ایجوکیشنل فلاسفی آف دی ہولی قرآن لکھی۔ اس باب کے آخر میں لکھتے ہیں:

> ''میری مالی حالت بے حد کمزور رہی۔ کبھی کوئی بینک بیلنس تھا ہی نہیں۔ ملتان میں ریڈیو پاکستان کا اجرا ہوا تو پروگرام ملنے لگے۔ ان کا معاوضہ بہت قلیل تھا تاہم سگرٹ کا خرچ نکلنے لگا۔ مہمان نوازی کا ذمہ بیگم نے اٹھا رکھا تھا۔ مکان کا کرایہ بھی وہی وصول کرتی تھیں اور مرمت وغیرہ اور دیکھ بھال کے اخراجات بھی اسی آمدنی میں پورے کرتی تھیں۔ ریڈیو سے تقریریں، فیچر، کہانیاں، بچوں کے پروگرام، نظمیں، مذاکرات وغیرہ ''جمہور کی آواز'' کے مستقل پروگرام کے لیے مقالات نشر کیے۔ پندرہ سال تک یہ سلسلہ باقاعدگی سے جاری رہا اور دو ہزار سے زائد تحریریں اس ادارے کو دے دیں۔ پھر صحت کی خرابی کے باعث یہ سلسلہ منقطع ہو گیا۔ تاہم پروڈیوسر صاحبان خاص مواقع پر اب بھی گھر پر آکر ریکارڈنگ کر جاتے ہیں۔ ٹیلی وژن سے بھی پانچ چھ پروگرام ٹیلی کاسٹ کیے۔ 1974ء میں سرائیکی ادبی بورڈ کے نام سے ایک ادارہ قائم کیا اور اسے رجسٹرڈ کرا لیا۔ اس ادارے کو حکومت کی طرف سے گرانٹ ملنے لگی تو کتابوں کی اشاعت میں کچھ سہولت پیدا ہو گئی۔ 1975ء میں سرائیکی ادبی کانفرنس منعقد ہوئی۔ چند سیاسی لوگوں نے خالص ادبی مقاصد کو سبوتاژ کر دیا تاہم سرائیکی کی ترویج اور نشر و اشاعت کا کام جاری رہا۔ اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور نے ایم۔اے سرائیکی کے اجراء کا فیصلہ کیا تو اس کے سلیبس بنانے میں مدد دی۔ زکریا یونیورسٹی کے لیے بھی سلیبس بنایا لیکن یہاں ابھی تک کلاسیں جاری نہیں ہوئیں۔'' (۱۲)

آخری باب ان کے علمی، ادبی اور تحقیقی کام کی تفصیل پر مشتمل ہے۔ اس باب میں انہوں نے 1949ء سے لے کر اپنی خود نوشت کی تکمیل تک 37 کتابوں کا حوالہ دیا ہے۔ ان کے علاوہ اپنے لکھے

ہوئے دیباچے، فلیپ اور تقریظوں کی فہرست کے ساتھ ساتھ ان دیباچوں اور مقالات کی تفصیل بھی پیش کی ہے جو ان کے فن اور شخصیت پر لکھے گئے ہیں۔

زیرِ نظر خود نوشت ''جو ہم پر گزری'' کا شمار اردو میں لکھی گئی کامیاب خود نوشتوں میں ہوتا ہے۔ ایک تحقیق کے مطابق اردو کی پہلی سوانح عمری پتمبر سنگھ کی تحریر کردہ ''سیر الاسلام'' ہے جو 1820ء میں لکھی گئی۔(۱۳)

اس طرح شہر بانو کی خود نوشت ''بیتی کہانی'' 1885ء اور عبدالغفور نساخ کی خود نوشت 1886ء اور جعفر تھانیسری کی خود نوشت ''تواریخِ عجیب عرف کالا پانی'' 1890ء کی ہے۔(۱۴)

ان کے ساتھ ساتھ 1857ء کے بعد ظہیر دہلوی نے ''داستانِ غدر'' کے عنوان سے بھی ایک خود نوشت لکھی تھی۔ ان کے بعد بیسویں صدی میں تو خود نوشتوں کی ایک بہار آ گئی اور حسرت موہانی، چودھری افضل حق، حکیم احمد شجاع، مولانا عبدالرزاق کانپوری، مرزا فرحت اللہ بیگ، سید ہمایوں مرزا، عبدالمجید سالک، شاد عظیم آبادی، رشید احمد صدیقی، ڈاکٹر یوسف حسین خان، مولانا حسین احمد مدنی، جوش ملیح آبادی، سر ظفر اللہ خان، احسان دانش، کلیم الدین احمد، مشتاق احمد خان، سبط حسن، شورش کاشمیری، ڈاکٹر سید عبداللہ، میرزا ادیب، ضمیر جعفری، قدرت اللہ شہاب اور الطاف گوہر وغیرہ نے کامیاب خود نوشتیں لکھیں۔ ان خود نوشتوں میں زیرِ نظر خود نوشت ''جو ہم پہ گزری'' اس لیے بھی لائقِ توجہ ہے کہ اس میں تقریباً پوری بیسویں صدی کے اہم سیاسی، سماجی اور ادبی حالات اور واقعات کو دلکش اسلوب میں پیش کیا گیا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ سرائیکی زبان، ادب، تہذیب اور ثقافت کا بیان بھی خوب ہے اور بین السطور سرائیکی وسیب کی محرومیوں اور دکھوں کی کسک بھی موجود ہے۔

یہ خود نوشت چودہ ابواب میں منقسم ہے جس کا آغاز مہر صاحب کے خاندانی پس منظر سے ہوتا ہے اور اختتام ان کی وفات سے چند برس پہلے کے حالات پر ہوتا ہے۔ اس طرح یہ خود نوشت ایک شخص کی نہیں رہی بلکہ سرائیکی وسیب کی بیسویں صدی کی خود نوشت ہے کیونکہ اس میں ذاتی احوال و آثار کے بیان کے ساتھ سرائیکی وسیب کے متنوع لسانی، سیاسی، تعلیمی، معاشی اور تہذیبی خد و خال کو بھی اجاگر کیا گیا ہے۔

حوالہ جات:

۱۔ سلیم اختر، ڈاکٹر، تنقیدی اصطلاحات (توضیحی لغت)۔ لاہور، سنگ میل، ۲۰۱۱ء۔ ص ۱۵

۲۔ ایضاً۔ ص ۱۵

۳۔ مولانا غلام رسول مہر، آپ بیتیوں کی اہمیت، مشمولہ مضمون نقوش (آپ بیتی نمبر)، لاہور، سن نامعلوم۔ ص ۳۸

۴۔ مشفق خواجہ، مختصر آپ بیتیاں، مشمولہ مضمون الزبیر، (آپ بیتی نمبر) سن نامعلوم۔ ص ۴۵
۵۔ الطاف فاطمہ، اردو میں سوانح نگاری کا ارتقا، ناشر اور سن نامعلوم، ص ۲۱
۶۔ صدیقی، ابوالاعجاز حفیظ، ادبی اصطلاحات کا تعارف، لاہور، اسلوب ۲۰۱۵ء۔ ص ۷
۷۔ طاہر تونسوی، ڈاکٹر، کو مہر عبدالحق، ڈاکٹر، کا دیا گیا انٹرویو، مشمولہ سہ ماہی ادبیات اسلام آباد۔ شمارہ ۲۳ بہار ۱۹۹۳ء اسلام آباد۔ اکادمی ادبیات، پاکستان، ۱۹۹۳ء ص ۲۱۳
۸۔ مہر عبدالحق، ڈاکٹر، ''جو ہم پہ گزری'' غیر مطبوعہ خود نوشت مملوکہ راقم (عکسی نقل، سن ندارد)۔ ص ۲
۹۔ ایضاً۔ ص؛ ۳
۱۰۔ ایضاً۔ ص؛ ۴
۱۱۔ ایضاً۔ ص؛ ۱۸۷
۱۲۔ ایضاً۔ ص؛ ۲۲۶
۱۳۔ معین الدین عقیل (مرتب)، بیتی کہانی، حیدر آباد دکن، ادارہ علمی، ۱۹۹۵ء ص ۸
۱۴۔ عبداللہ سید، ڈاکٹر، وجہی سے عبدالحق تک، لاہور، مکتبہ خیابانِ ادب، ۱۹۷۷ء ص ۵۹

ڈاکٹر گل عباس اعوان

ناول ''پلوتا'' کا مابعد جدید مطالعہ

POST MODERN STUDY OF THE NOVEL "PALOTA"

Abstract

The post modernism is a unique philosophy treated in the language and literate of many languages. Along with other languages the scholars and writers of siraiki language is also depicted the post modernism in many and multi dimension. Basically the post modernism is a condition which alose many things cultures a psychological condition, aesphicits and social values to interpret different happenings, a siraiki novel palota different social values are depicted in this research papers we have pride to analyse the same. This article basically focus on the post modern condition treated in the novel palota.

ظفر لشاری نے سرائیکی کا پہلا ناول، نازو، لکھا تو اُس کا مزاج، اُردو کے روایتی ناولوں جیسا تھا۔ کہانی، پلاٹ، کردار، مکالمے اور دیگر لوازمات۔ مگر سلیم شہزاد، اُس عہد کا لکھاری ہے جس میں ادب، نئے نظریات کی نئی سرزمینوں سے متعارف ہو چکا ہے۔ اب، ادب کا نو آبادیاتی مطالعہ، ادب کا جدیدیت اور ما بعد جدیدیت نظریات کے تناظر میں مطالعہ ہو رہا ہے۔ وجودیت، انسان دوستی اور دیگر مباحث، ادب کا موضوع بن چکے ہیں۔ ایک اچھا ناول نگار، ادب کے ان تمام مباحث سے واقف ہو چکا ہے۔

ایک وقت تھا کہ فکشن میں، علامت نگاری بڑا موضوع تھا۔ علامت کو حقیقت اُجاگر کرنے کا ایک بڑا ذریعہ سمجھا جاتا تھا۔ پھر زمانہ بدلا اور تخلیق کار کو:

> ''۔۔۔۔ حقیقت انتہائی پُر سرار اور نقاب اندر نقاب دکھائی دینے لگی۔ ادب حقیقت کو، یا، حقیقت کے کسی ایک پرت کو، روشنی کے دائرے میں لانے کے لئے کوشاں ہے۔ چونکہ اس عمل کے لئے، اِس آزمودہ نسخے (مثلاً حقیقت پسندی یا رومانوی پروازِ تخیل) بُری طرح

ناکام ہو چکے ہیں، لہذا وہ مجبور ہے کہ علامتی رویئے کو بروئے کار لائے۔"(1)

لیکن تخلیق کار، حقیقت کی تلاش میں سر گرداں رہا۔ اور علامت نگاری سے آگے گزر گیا۔ پھر اُس کا ایک ہی مقصد بن گیا، حقیقت اور حقیقت کا اظہار۔ معنوی عمق یا، معنی کی ترسیل کو اوّلیت حاصل ہوئی۔ تخلیق کاروں نے پُرانی ڈگر ترک کی۔ ناول کے بنیادی عناصر سے گریز کیا۔ ناول میں مختلف کہانی پیش کرنے کی جستجو کے ساتھ ساتھ، عام ڈگر سے ہٹ کر کچھ اور پیش کرنے کی خواہش پیدا ہوئی۔ ایسے کردار پیش کرنے کا خیال اُبھرا، جو کردار پہلے سے نظر نہ آتے ہوں۔ یہ کردار ایسی صورتحال پیدا کریں جس کا پہلے کبھی سامنا نہ ہوا ہو۔ یہ کردار، واقعات کو تسلسل سے آگے بڑھانے کی بجائے، معنوی عمق کا احساس دِلائیں اور تسلسل سے احساس دِلائیں، تو ہم ناول کے ساتھ ساتھ، کسی، حیران کر دینے والی چیز سے متعارف ہوں گے۔ یہ چیزے دیگر، ہو گی۔

جب ناول، چیزے دیگر، بنا، تو سوال یہ پیدا ہوا کہ آیا، ناول کی شعریت قائم رہی یا نہیں۔ ناول کی شعریت تو، ناول کی جمالیات اور سماجیات ہوتی ہیں۔

> "ناول ایک ایسی صنف ہے جو سماجی اور خارجی قدروں کے بغیر، آگے بڑھ ہی نہیں سکتی۔ اس کے بطن سے باطنی اور انسانی قدروں کو کھنگال کر نکالا جاتا ہے۔ ناول میں سماجی اقدار کے بے حد اہمیت ہوا کرتی ہے۔ اس کو سماجیات کہتے ہیں جو کسی بھی طرح سے شعریات، یا، جمالیات سے الگ چیز نہیں ہے۔"(2)

سرائیکی ناول، پلوتا، اس لئے چیزے دیگر، ہے کہ اس میں ناول کی طرح پلاٹ نہیں۔ اس میں ناول کی شعریات موجود ہے کہ اس میں سماجی اقدار موجود ہیں۔ یہی سماجی اقدار، ناول کو ادبی جمالیات عطا کرتی ہیں۔ اور اس میں موجود معنوی عمق، اسے مابعد جدید ناول بنا دیتا ہے۔

کیا سرائیکی ناول، جدیدیت کے عہد میں داخل ہوئے بغیر ہی، مابعد جدیدیت کے عہد میں آ پہنچا ہے؟۔ جی۔ ایسا نہیں ہے۔ سرائیکی ناولوں میں اور خصوصاً ناول، پلوتا، میں جدیدیت اور مابعد جدیدیت کے عناصر موجود ہیں۔ گوپی چند نارنگ کا کہنا ہے کہ ادبی قدر، قدرِ محض نہیں ہوتی۔ یہ معنی کی حامل ہوتی ہے اور اس معنی کا سرچشمہ، زندگی اور سماج کا تجربہ اور اس کے مسائل ہیں۔ ناول، پلوتا، میں معنی کا سرچشمہ ایک بستی، اور اس بستی میں موجود ایک درخت، "پنج ہزاری" ہے۔ جس کے گرد یہاں کا پورا سماج اور اس سماج کے مسائل گھوم رہے ہیں۔ ناول میں سرائیکی وسیب کی پانچ ہزار اسالہ تاریخ کو ادبی رنگ دے کر ایک بڑی تھیوری کو موضوع بنایا گیا ہے۔ علامتی انداز میں بتایا گیا ہے کہ، پلوتا، کیا ہوتا ہے۔ اس کے سماج پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ ناول میں موجود لفظ، پلوتا، نے کئی نسلوں کو اپنی جکڑ میں لیا ہوا ہے۔

''اگر یہ کہا جائے کہ ادب اور تاریخ کی حدیں متحد ہوتی ہیں، یا، ہو جا، سکتی ہیں تو یہ کوئی مصنوعی اَمر، نہیں۔ قرار واقعی، یہی کیفیت اپنی اصل میں موجود ہے۔ بہت سا، ادبی لٹریچر، اپنے وقت کی گواہی دیتا ہوا محسوس ہوتا ہے۔ اور اس کا سبب یہی ہے کہ ادب اپنے وقت کو سمیٹ لیتا ہے اور یہ وقت، اُس متعلقہ زمین سے ہوتا ہے، جہاں یہ ادب پیدا ہوتا ہے۔''(3)

سلیم شہزاد کا یہ ناول ایک طرف استحصالی قوت اور دوسری طرف سرائیکی وسیب کے لوگوں کی سوچ، آشکار کر رہا ہے۔ مصنف نے جہاں ایک طرف علامتوں کو برتا ہے تو دوسری طرف قصہ گو، بنکر، سرائیکی خطے کا قصہ بھی سنایا ہے۔ ناول میں سرائیکی وسیب کا نقشہ، اس طرح کھینچا ہے کہ پورا سرائیکی وسیب اپنے مکھ مہاندرے (روشن چہرے)، کے ساتھ، ہمارے مطالعے میں آجاتا ہے۔

خستہ اور بے حال بستی، جہاں بہت سارے مکان زمیں بوس ہو چکے ہیں اور کئی غیر آباد ہیں، وہاں پانی بھی دستیاب نہیں کہ نلکے کی ہَتھی ٹوٹ چکی تھی، مگر یہاں کے انسان دوستوں نے مسافروں کے لئے پانی کی دستیابی کو یقینی بنایا ہوا ہے۔۔

'' نلکہ سُکن پاروں، جھگے دے باہروں، کس پُرانا دِلا، پانی دا، تے، اُوندے نال مٹی دا کٹورا، رکھ چھوڑیا ہا۔ جو لنگھدے ٹپدے پاندھی اُوں دے نال اَپنی تریہہ لہا سگن۔ خبر نئیں کیڑھا تے کڈاں اُون دِلے کوں پانی نال بھر، ویندا ہا۔''(4)

(ترجمہ۔۔راقم)۔۔ نلکے کا پانی خشک ہونے کی وجہ سے، کسی نے پُرانے گھڑے میں پانی ڈال کر، ساتھ ہی پانی پینے کے لئے مَٹی کا کٹورا بھی رکھ دیا تھا۔ تاکہ آتے جاتے راہ گیر، اس سے اپنی پیاس بجھا سکیں۔ مگر یہ پتا نہیں، کہ کون اور کب، اسے پانی سے بھر جاتا تھا۔)

سرائیکی وسیب میں توہمات نے اپنے پنجے گاڑے ہوئے ہیں۔ تعلیم آنے سے توہمات کا شکنجہ ڈھیلا تو پڑتا جا رہا ہے، لیکن بڑی عمر کے لوگ ابھی تک، توہمات کے اثرات سے باہر نہیں آئے۔

'' حسّو، کی بہو، کیا بیمار ہوئی کہ سارے گھر والوں کی بھوک ہی مر گئی۔ حسّو، اور اس کے گھر والے روزانہ کوئی نہ کوئی جڑی بُوٹی، کوئی دوائی کی پُڑیا لے آتے کہ کسی طرح آفاقہ ہو۔ کوئی اُسے شہر کے بڑے ڈاکٹر کے پاس لے جانے کا مشورہ دیتا تو کوئی، سر، سے مرچیں گھُمانے اور دَم کرانے کی صلاح دیتا۔ حسّو، کی بہو ڈاکٹر کے پاس نہیں جانا چاہتی تھی۔ کہ اُسے ڈاکٹری علاج یا انجکشن سے ڈر لگتا تھا۔ گھر والے اُسے روزانہ عطائی کی دی ہوئی جڑی بُوٹیاں اور پُڑیاں کھلا رہے تھے، مگر اُسے کوئی آفاقہ نہیں ہو رہا تھا۔''(5) (ترجمہ۔راقم)

مگر، جب حسّو کی بہو، شفایاب ہوتی ہے تو، مصنف سلیم شہزاد نے، سرائیکی وسیب میں خوشی

منانے کے منظر کو اس طرح پیش کیا ہے کہ سرائیکی وسیب کا سارا منظر نامہ سامنے آجاتا ہے۔

"حسّو، کی مراد کیا پوری ہوئی، اس کے گھر ڈھول اور شادیانے بند ہونے کا نام ہی نہ لیتے تھے۔ ڈھول والا، گھوم گھوم کر ڈھول بجا رہا تھا اور بستی والے جھمر ڈال رہے تھے۔ وَسو (حسّو کا بیٹا)، کے وجود سے خوشی کے قطرے ٹپکتے ہوئے محسوس ہو رہے تھے۔ وہ لوگوں سے جپھیاں ڈال کر مل رہا تھا۔ حسّو کی بیوی اور بہو، ایک دوسرے کا مُنہ چوم رہی تھیں۔ اور آنے والی خواتین کو گلے لگا رہی تھیں۔"(6) (ترجمہ۔۔راقم۔۔)

جب ہم اس ناول کا جدیدیت اور مابعد جدیدیت کے تناظر میں مطالعہ کرتے ہیں تو پتا چلتا ہے کہ یہ ناول جدیدیت سے سفر کرتا ہوا، مابعد جدیدیت کے دائرے میں آگیا ہے۔

"جدیدیت کے جَلو، میں اجنبیت، ذات پرستی، خوف، تنہائی، یاسیّت اور احساسِ جُرم کی یلغار ہوئی تھی۔۔۔اسی طرح، جدیدیت میں، جس نے اجنبیت، تنہائی، شکستِ ذات کا ذکر کیا، یا، ابہام و علامت ڈال دی، جدید ہو گیا۔"(7)

جب ہم، جدیدیت کے مندرجہ بالا اوصاف دیکھتے ہیں تو واضح ہوتا ہے کہ اجنبیت، ذات پرستی، خوف، تنہائی، یاسیّت اور لایعنیت، اس کے خاص موضوعات ہیں۔ اور ابہام و علامات کے ذریعے، لکھاری اپنا مدّعا، بیان کرتا ہے۔ سلیم شہزاد کا یہ ناول، پلوتا، اسی رُجحان سے شروع ہوتا ہے۔ یاسیّت، شکستِ ذات اور لایعنیت کا بھرپور اظہار ملتا ہے۔

"بے بس انسان کی زندگی، بے معنی ہوا کرتی ہے۔ کیا بندہ اتنا بے بس بھی ہوتا ہے کہ جو لکھنا چاہے، اُسے لکھ نہ سکے۔ دماغ میں تو باتیں ہوں، مگر اُسے، اپنے قلم پر اختیار نہ ہو۔ وہ جب سے وہاں سے واپس آیا تھا، کچھ لکھ نہ سکا تھا۔ بے بس ہو کر، وہ گھر سے نکلا، مگر اُس کے قدم کبھی آگے پڑتے اور کبھی پیچھے۔ پھر بھی وہ چلتا جا رہا تھا۔ چلتا جا رہا تھا۔"(8)۔

(ترجمہ۔۔راقم۔۔)

یاسیّت کے شکار، انسان کی گفتگو بھی، لایعنی، ہو جایا کرتی ہے۔ سلیم شہزاد، اس ناول میں لکھتے ہیں کہ :

"روایت ہے کہ "پنج ہزاری" درخت کے پتوں سے پسینے کی بوندیں ٹپکا کرتی ہیں۔ سانپ تیز آواز (شکاٹ) سے، اُس کی آنکھ کھلتی ہے۔ ایک سانپ اپنے بل میں داخل ہو رہا ہے اور جمعرات کے دن کی بارش، اب شروع ہو رہی ہے۔"(9) (ترجمہ راقم)

ناول کا واحد متکلم، کبھی بادلوں کو دیکھکر خوف کا شکار ہو جاتا ہے تو کبھی درخت (پنج ہزاری) سے متعلق روایات سن کر۔ یہاں تک کہ اگر اُسے جمائی آجائے تو وہ اُس سے متعلق بھی کئی واہموں کا شکار ہو جاتا

ہے۔اُسے ریت کے ٹیلوں سے بھی خوف آنے لگتا ہے۔

'' اُسے ریت کے چھوٹے ٹیلے (ٹبڑی) سے ڈر لگنے لگا۔ وہ آہستہ آہستہ چل پڑی۔۔۔ وہ چاہتی تھی کہ اُس کے قدموں کی آواز بھی ٹیلے کو سنائی نہ دے، اور نہ ہی کوئی اُسے دیکھے۔۔۔ جمائی، ایک لکیر کی طرح اُس کے ساتھ چل پڑی۔ بالکل پتلی اور نامعلوم لکیر۔ جس کے ایک طرف اوٹ تھی اور دوسری طرف ٹیلا۔ اُسے وہ ٹیلا اپنے اوپر گرتا ہوا محسوس ہوا۔''(10)۔(ترجمہ ۔۔راقم۔۔)

جدیدیت کے عناصر، خوف، تنہائی اور یاسیّت، کو اپنی جلو میں لیتا ہوا یہ ناول، مابعد جدیدیت کے موضوعات بھی اپنے اندر، سمو لیتا ہے۔ مابعد جدیدیت کوئی تھیوری یا نظریہ نہیں ہے۔ ڈاکٹر گوپی چند نارنگ کے بقول: "مابعد جدیدیت کا تعلق، معاشرے کے مزاج اور کلچر کی صورتِ حال سے ہے۔ "(11)مابعد جدیدیت کی وضاحت کرتے ہوئے ایک اور جگہ ڈاکٹر گوپی چند نارنگ لکھتے ہیں کہ :

''مابعد جدیدیت ایک کھلا ڈُلا، ذہنی رویہ ہے۔ تخلیقی آزادی کا، اپنے ثقافتی تشخص پر اصرار کرنے کا، معنی کو سکہ بند تعریفوں سے آزاد کرنے کا، دی ہوئی لیک کے جبر کو توڑنے کا، ادعائیت، خواہ سیاسی ہو، یا، ادبی، اِس کو رَد کرنے کا۔ زبان یا متن کے حقیقت کے عکسِ محض ہونے کا نہیں، بلکہ حقیقت کے خِلق کرنے کا۔ معنی کے معمولہ رُخ کے ساتھ، اُس کے دبائے یا، چھپائے ہوئے رُخ کو دیکھنے دکھانے کا اور قرآت کے تفاعل میں، قاری کی کارکردگی کا۔''(12)

اگر اس تعریف کے ساتھ، مابعد جدیدیت کی بابت، دیوندار سر کی رائے بھی دیکھ لی جائے تو، مابعد جدیدیت کے سارے نکات اکھٹے اور واضح ہو جائیں گے۔ دیوندار سر کے مطابق:

''مابعد جدیدیت، مابعد الطبیعات، تاریخ کے مروجہ تصورات اور عقلیت کے خلاف ایسی طرزِ فکر ہے، جس سے عہدِ حاضر کی فکر اور تہذیب بہت متاثر ہوئی ہے۔ کوئی متعین اور جامد مرکز نہیں۔''(13)

جب ہم مابعد جدیدیت کے اِن نکات کو مدِ نظر رکھ کر، سلیم شہزاد کے ناول، پلوتا، کا مطالعہ کرتے ہیں تو یہ بات سامنے آتی ہے کہ اُن کے ناول میں ایک کھلا ڈُلا ذہنی رویہ ہر جگہ کارفرما نظر آتا ہے۔ ناول کا کوئی پلاٹ نہیں۔ اُنہوں نے تخلیق کار کی آزادی کا حق استعمال کیا ہے اور اس خطے کے سرائیکی تشخص کو اجاگر کرنے کی بھرپور کوشش کی ہے۔ اور اس کوشش میں وہ مکمل طور پر کامیاب ہوئے ہیں۔

'' بستی میں ہر طرف میٹھی روٹی (بُسری) کی خوشبو، پھیلی ہوئی تھی۔ میٹھی روٹی کو تھال میں رکھ کر تقسیم کیا جا رہا تھا۔ حسّو اور وَسو، نے دو بڑے تھال اُٹھائے ہوئے تھے اور دربار پر آنے

والے ہر شخص کو میٹھی روٹی پیش کر رہے تھے۔ شام تک یونہی میلا لگا رہا۔ جو، بھی اِدھر سے گزرتا، اُس کے ہاتھ میں میٹھی روٹی ضرور ہوتی۔ جو میٹھی روٹی بچ گئی، وہ اُنہوں نے پرندوں کے لئے رکھ دی۔"(14) ۔ترجمہ۔راقم۔

سلیم شہزاد کا یہ ناول، جہاں ایک طرف مابعد جدیدیت کی تھیوری (ثقافتی تشخص) لئے ہوئے ہے، وہاں اِس میں انحرافی رُجحان واضح طور پر دیکھا جا سکتا ہے۔ اس میں ناول کے عناصرِ ترکیبی سے انحراف کیا گیا ہے۔ ہمارے ناول نگار کے ہم نام، ایک بھارتی مصنف، سلیم شہزاد، لکھتے ہیں:

''جدیدیت کے انحرافی رُجحان کے سبب ادبی اصناف نے اپنی روایات اور ماضی سے، جب رشتہ منقطع کیا تو نتیجے میں غزل، اینٹی اور آزاد ہو گئی۔ نظم میں موضوع سے زیادہ منتشر خیالی اور بے ہئیتی کو اہمیت دی جانے لگی۔ افسانے نے کہانی کو ترک کیا۔۔۔اور جدید فکشن میں اِسی بکھری ہوئی نسل کے فنکاروں نے اپنے داستانی، تمثیلی، حکایتی اور علامتی افسانوں اور بے زمان و مکاں، بے ماجرا اور بے کردار ناولوں سے ایک بے چہرہ ہجوم کھڑا کر دیا۔'(15)

انحرافیت کا یہ رُجحان اردو میں، بہت پہلے شروع ہو چکا تھا۔ سرائیکی میں معروف دانشور سئیں اسماعیل احمدانی کے ناول، چھولیاں، میں شعور کی رو، اور انحرافیت، واضح طور پر دیکھی جا سکتی ہے۔ اُردو میں بانو قدسیہ کے ناول، راجہ گِدھ، نے اس رُجحان کو بڑی خوبصورتی سے پیش کیا ہے۔

'' کردار نگاری میں، اُس نے کرداروں کو مِہنا کر کے کہانی کا سفر جاری رکھا۔ یہاں خود کہانی میں ایک بے عمل (واحد) متکلم کی یداشتوں سے ایک شعوری ربط ترتیب دیا گیا ہے۔ جس سے ناول کا مرکزی خیال، ہر کڑی سے فطری طور پر جُڑ گیا ہے۔ اس ناول میں وہ کسی سفر نامہ کی طرح، احوال و کوائف پر تبصرے کرتی بھی ہے، مگر یہی مقامات تو سفر میں، میل کے نشانات ہیں۔ جہاں گزرنے والا راہی، پچھلے سفر کے تجربے میں، اگلے سفر کے لئے کچھ دیر کے لئے Re-live کرتا ہے۔"(16)

اُردو ناول طویل عرصے سے سیاسی شعور سے ہم کنار ہے۔ اُردو ناول اپنے آغاز ہی سے برِ صغیر پاک و ہند کی سیاست کو موضوع بناتا چلا آ رہا ہے۔ برِ صغیر کی مسلم حکومت، انگریزی راج، تقسیم کے بعد کی ہندوستانی اور پاکستانی حکومتوں کے ہاتھوں، فرد کا سیاسی استحصال، اُردو ناول کا موضوع رہا ہے۔ سیاست کے یہ ابتدائی نقوش 1888ء میں ڈپٹی نزیر احمد کے ناول اِبن الوقت، میں دیکھے جا سکتے ہیں۔ سرشار نے جہاں ایک طرف لکھنؤ کی معاشرت بیان کی ہے وہاں سرشار نے یہاں کی سیاست کو بھی نظر انداز نہیں کیا۔ عبدالحلیم شرر نے، فردوسِ بریں، میں فرقہ باطنیہ کی سیاسی سرگرمیوں کو بھی موضوع بنایا ہے۔ پریم چند

کے ناول گوشہ ءِعافیت، کے سیاسی واقعات سے ناول کا پلاٹ، ترتیب پاتا ہے۔

عزیز احمد کے ناول، ایسی بلندی، ایسی پستی، کو حسن عسکری نے، سیاسی شعور، کی وجہ سے اجتماعی ناول قرار دیا ہے۔ عزیز احمد کا یہی سیاسی شعور، ہمیں اُن کے ایک اور ناول، آگ، میں بھی نظر آتا ہے۔ جس میں وہ ہندوستان کی سیاسی تحریکوں کو ناول میں پیش کرتے ہیں۔ قراۃ العین حیدر کے ہاں بھی سیاسی شعور، اپنی پوری آب وتاب سے جلوہ گر ہے۔

"قراۃ العین نے برِ صغیر کے تہذیبی سفر کے حوالے سے، انسانی عظمتوں کا کھوج لگایا ہے۔ قدیم دور کے گوتم نیلمبر سے جدید دور کے گوتم نیلمبر تک، یہ سفر برِ صغیر کی ثقافتی، سیاسی اور طبقاتی جدوجہد کا دائرہ مکمل کرتا ہے۔"(17)

